www.dailybolan.com

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

Mobile: 0336-6113760

فون و فیکس 0853-310203

قیمت 20 روپے

جلد 37 | پیر 31 اگست 2026، بمطابق 17 ربیع الاول 1448ھ | شمارہ 240

پاکستان ترکیہ کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری مزید مضبوط بنانے کے عزم پر قائم ہے، شہباز شریف

پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب مشترکہ سلامتی اور اجتماعی دفاع کیلئے متحد ہیں، وزیراعظم

مکہ مکرمہ مشترکہ دفاعی معاہدہ پاک ترک اسٹریٹجک شراکت داری کا اظہار ہے، پاکستان ترکیہ کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری مزید مضبوط بنانے کے عزم پر قائم ہے

پاکستان اور ترکیہ کی مشترکہ خوشحالی اور سلامتی ہمارا عزم ہے، پاک ترک دوستی اور بھائی چارے کا رشتہ نسل در نسل مزید مضبوط ہو

اسلام آباد (بولان بیورو) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب مشترکہ سلامتی اور اجتماعی دفاع کے لئے متحد ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے صدر رجب طیب اردوان، حکومت اور ترک عوام کو یوم فتح پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ 30 اگست غازی مصطفیٰ کمال اتاترک کی قیادت میں تاریخی فتح کی یاد دلاتا ہے، پاکستان ترک عوام کے ساتھ جرات اور قومی عزم کی قابل فخر میراث کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات دلوں کے رشتے ہیں، پا(بقیہ نمبر 5 صفحہ 7پر)

دہشتگردی کیخلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

بلوچستان میں امن وامان کو نقصان پہنچانے اور بے گناہ شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی

ریاستی ادارے پوری قوت، عزم اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ دہشت گردی کا مقابلہ کر رہے ہیں ملک وقوم کے تحفظ کے لیے ان کی خدمات اور قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں

کوئٹہ (خ ن): وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن رد الفتنہ 3 کے تحت سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ چار خوارج کا جہنم واصل ہونا دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی مؤثر حکمت عملی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے یہاں جاری ایک بیان میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے مصدقہ اطلاعات کی بنیاد پر خوارج کے ٹھکانے کا سراغ لگا کر مؤثر فضائی نگرانی اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے درست کارروائی کرتے ہوئے دہشت گرد عنا(بقیہ نمبر 1 صفحہ 7پر)

نواز شریف سے شہباز شریف، بیرسٹر افتخار گیلانی، چودھری طارق کی ملاقات

نواز شریف، شہباز شریف نے بیرسٹر افتخار کو وزیراعظم آزاد کشمیر کے عہدے کا حلف اٹھانے پر مبارکباد دی

آزاد کشمیر کے موجودہ حالات، آئندہ کیلئے مثبت پیشرفت پر تبادلہ خیال، وزیراعظم نے رہنمائی بھی حاصل کی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز(بقیہ نمبر 2 صفحہ 7پر)

وزیرخارجہ اسحاق ڈار ترکیہ کے شہر استنبول پہنچ گئے، پرتپاک استقبال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈ(بقیہ نمبر 3 صفحہ 7پر)

حکومت کی موثر معاشی حکمت عملی، قرضوں کی قبل از وقت ادائیگی میں تاریخی کامیابی

پاکستان اب تک تقریباً 5,920 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کر چکا ہے، مشیر خزانہ

موثر مالیاتی پالیسیوں کے باعث پاکستان مالی نظم وضبط کے ذریعے اقتصادی استحکام کی نئی مثال قائم کر رہا ہے،

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی قبل از وقت قرض ادائیگیوں کا (بقیہ 4 صفحہ 7پر)

وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان کی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، محمد اورنگزیب

کمزور ترین شہریوں کا تحفظ قومی ترجیح ہونا چاہیے، غریب اور پسے ہوئے طبقات کی فلاح ملکی ترقی کا اصل معیار ہے

کراچی کے عوام اور معیشت ملک کی بقا و ترقی کیلئے ریڑھ کی ہڈی ہیں، وفاقی وزیر خزانہ

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ کسی بھی قوم کی صحت کا اندازہ اس کی دولت سے نہیں بلکہ اس کے کمزور طبقے کے ساتھ سلوک سے ہوتا ہے، ہمیں اپنے سب سے نازک اور مشکل وقت میں کمزور ترین شہریوں کے تحفظ کو اولیت دینا ہوگی۔ سیفی ہسپتال کے کارڈیک ونگ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ صرف معاشی اعداد وشمار نہیں بلکہ غریب اور پسے ہوئے طبقات کی فلاح ملکی ترقی کا اصل (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7پر)

افتخار گیلانی کی وزارت عظمیٰ نواز شریف کا فیصلہ کسی سے زیادتی نہیں کی ناشا

پارٹی صدر شاہ غلام قادر ہر قیمت پر ساتھ رہیں گے' وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور

پاکستان سمیت دنیا بھر میں پولیس تعاون کا عالمی دن 7 ستمبر کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں پولیس تعاون کا عالمی دن 7 ستمبر منایا جائے گا۔ اس سے قبل اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے گزشتہ سال 16 دسمبر 2022 کو اس دن کے منانے کا فیصلہ کیا تھا، یہ فیصلہ انٹرپول کے انٹرنیشنل کریمنل پولیس کمیشن) آئی سی پی سی (کی صد سالہ (بقیہ 7 صفحہ 7پر)

تمام قومیتوں کو آئین کے مطابق برابری اور حقوق ملنے چاہئیں، محمود اچکزئی

پاکستان پنجابی، سندھی، بلوچ، سرائیکی اور پشتون سب کا مشترکہ ملک ہے

یہاں کوئی آقا اور غلام نہیں، آئین اور قانون کے مطابق تمام قومیتوں کو حقوق اور برابری ملنی چاہیے، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (این این آئی) قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود اچکزئی نے کہا ہے کہ پاکستان پنجابی، سندھی، بلوچ، سرائیکی اور پشتون سب کا مشترکہ ملک ہے، یہاں کوئی آقا اور غلام نہیں، آئین اور قانون کے مطابق تمام قومیتوں کو حقوق اور برابری ملنی چاہیے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیراہتمام تین روزہ گرینڈ پشتون قومی جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا یہ جرگہ بنوں قومی جرگے کے(بقیہ نمبر 8 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ہمارا مقصد دنیا میں امن و استحکام پیدا کرنا ہے، ایرانی صدر

ہم نے جنگ شروع نہیں کی اور نہ ہی ہم جنگ کے خواہاں ہیں لیکن کسی بھی جارح کے خلاف پوری قوت کے ساتھ کھڑے ہوں گے، خطاب

نئے علاقائی معاہدے اور انتظامات مسلم پڑوسی ممالک کا سیکیورٹی کے لیے غیر ملکی طاقتوں کے بجائے اپنی صلاحیتوں پر انحصار کا آغاز ہوسکتے ہیں، اسپیکر پارلیمنٹ

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ دنیا میں امن اور استحکام قائم کرنا ہے تو یہ ہمارے خطے ہی سے ابھرے گا۔ تہران میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پوری قوت اور عزم سے کھڑی قوم کو ہتھیار ڈالنے پر کوئی بھی مجبور نہیں کرسکتا۔ ایرانی صدر نے کہا کہ ہم نے جنگ شروع نہیں کی اور نہ ہی ہم جنگ کے خواہاں ہیں لیکن کسی بھی جارح کے خلاف پوری قوت کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ اس موقع پر ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا کہ نئے علاقائی معاہدے اور انتظامات مسلم پڑوسی ممالک کا سیکیورٹی کے لیے غیر ملکی طاقتوں کے بجائے اپنی صلاحیتو(بقیہ نمبر 9 صفحہ 7پر)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے چینی سفیر ملاقات کررہے ہیں

آئی ڈی بل کی واپسی عوام کے آئینی حقوق کی فتح ہے، پیپلز پارٹی

کسی بھی پاکستانی کے گھر، زمین یا جائیداد کے حوالے سے ایسا قانون قابل قبول نہیں جو شہریوں کو عدم تحفظ کا شکار کرے، پلوشہ خان

14 معصوم بچوں کی جانیں چلی گئیں، جن کے خاندانوں خصوصاً ماؤں کے دکھ کا کوئی مداوا نہیں ہوسکتا، اصل ذمہ داروں کا تعین کیا جائے، رہنماؤں کے ہمراہ گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما سینیٹر پلوشہ خان نے کہا ہے کہ کئی ماہ سے آئی ٹی بل کے حوالے سے پریشان عوام کیلئے ایک بڑی خوشخبری ہے کہ وفاقی حکومت نے بالآخر متنازع آئی ٹی بل واپس لے لیا ہے، دیر آید، درست آید حکومت نے بالآخر اپنی غلطی تسلیم کرتے ہوئے متنا(بقیہ 10 صفحہ 7پر)

سینیٹر شیری رحمان کا بھارت پر سندھ طاس معاہدے کی پاسداری کو یقینی بنانے پر زور

بھارت نے آبی معاملات کو سیاسی دباؤ کیلئے استعمال کر کے خطے کے باہمی اعتماد کو نقصان پہنچایا ہے، نائب صدر پیپلز پارٹی

بھارتی حکومت کے حالیہ اقدامات پاکستان کے پانی سے متعلق جائز مفادات کو کسی صورت متاثر نہیں کر سکتے

کسی عالمی معاہدے سے نکلنے کا فیصلہ یکطرفہ اعلان کے ذریعے نہیں بلکہ طے شدہ بین الاقوامی طریقہ کار کے مطابق ہی ہوسکتا ہے

، بھارت کو ضد اور یکطرفہ طرز عمل ترک کر کے آبی تنازعات کیلئے موجود باقاعدہ مشترکہ نظام میں واپس آنا ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے بھارت پر سندھ طاس معاہدے کی پاسداری کو یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت نے آبی معاملات کو سیاسی دباؤ کیلئے استعمال کر کے خطے کے باہمی اعتماد کو نقصان پہنچایا ہے، کسی عالمی معاہدے سے نکلنے کا (بقیہ 11 صفحہ 7پر)

موسمیاتی تبدیلی پاکستان کیلئے بڑا چیلنج بن چکا ہے، مصدق ملک

موسمیاتی تبدیلی پاکستان کے لیے بڑا چیلنج، مؤثر اور طویل المدتی حکمت عملی اپنانا ہوگی

چیلنج سے نمٹنے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی تعاون سے کام کرنا ہوگا، عالمی تعاون اور وسائل کی بھی ضرورت ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی پاکستان کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکی ہے، ملک کو سیلاب اور دیگر قدرتی آفات کے خطرات سے نمٹنے کے لیے مؤثر، مربوط اور طویل المدتی حکمت عملی اپنانا ہوگی۔ ہفتہ(بقیہ نمبر 14 صفحہ 7پر)

ہائی کورٹ آف بلوچستان میں نئے قائم کردہ سہولت سنٹر کا افتتاح (آج) ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) ہائی کورٹ آف بلوچستان میں نئے قائم کردہ سہولت سنٹر کا افتتاح (آج) پیر صبح ساڑھے 10 بجے کو ہوگا۔ چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ خان آفریدی نئے قائم کردہ سہولت سنٹر کا افتتاح کریں گے جبکہ سہولت سنٹر کی افتتاحی تقریب میں سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ (بقیہ 13 صفحہ 7پر)

مقبوضہ کشمیر، جبری گمشدگی کے شکار افراد کے اہلخانہ سالہا سال سے انصاف کے منتظر

کشمیری بھارتی فورسز کے ہاتھوں ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگیاں، تشدد، جنسی زیادتی اور دیگر مظالم برداشت کر رہے ہیں

سرینگر (این این آئی) آج جب دنیا بھر میں جبری گمشدگی کے شکار افراد کا عالمی دن منایا جارہا ہے، مقبوضہ جموں وکشمیر میں گزشتہ 37 برس کے دوران بھارتی فورسز کی حراست میں جبری طور پر لاپتا کیے گئے ہزاروں کشمیریوں کے اہلخانہ آج بھی انصاف کے منتظر ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے شعبہ تحقیق کی طرف سے جاری کی گئی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مقبوضہ جموں وکشمیر جو دنیا کا سب سے(بقیہ 15 صفحہ 7پر)

حکومت کے جانے کی چند نشانیاں ہوتی ہیں وہ تمام کام کر چکی ہے، محمد علی درانی

حکومت نے اپنا سیاسی مقبرہ خود بنالیا ہے تو ہم کیا کرسکتے ہیں، بانی پی ٹی آئی مذاکرات تو کریں گے لیکن کوئی ڈیل نہیں کریں گے

امید ہے مولانا فضل الرحمان عوام کے جذبات کے مطابق چلیں گے، سابق وزیر کی گفتگو

اسلام آباد (اے ایف پی) سابق وفاقی وزیر محمد علی درانی نے دعوی (بقیہ 16 صفحہ 7پر)

پاکستان کی بلیو اکانومی میں 100 ارب ڈالر کی صلاحیت

99 نکاتی روڈ میپ میں سے 85 پر عملدرآمد مکمل

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سمندر تقریباً 100 ارب ڈالر کی بلیو اکانومی کی صلاحیت رکھتے ہیں تاہم کئی دہائیوں تک اس قومی اثاثے سے بھرپور فائدہ نہیں اٹھایا جاسکا۔ پاکستان کا بیشتر کارگو غیر ملکی شپنگ کمپنیاں لے جاتی رہیں، بندرگاہوں کی صفائی اور کھدائی بھی بیرونی کمپنیوں سے کرائی جاتی رہی جبکہ پاکستان کے بحری بیڑے کی تعمیر بھی بیرون ملک ہوتی رہی۔ رپورٹ کے مطابق قومی کارگو (بقیہ 12 صفحہ 7پر)

آر ایل این جی کی عدم دستیابی سے بجلی کی پیداوار متاثر ہوئی، پاور ڈویژن

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان پاور ڈویژن نے کہا ہے کہ آر ایل این جی کی عدم دستیابی اور کارگو میں تاخیر سے گزشتہ رات بجلی کی پیداوار متاثر ہوئی۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق 3600 میگاواٹ پیداوار متاثر اور منگلا سے 195 (بقیہ 19 صفحہ 7پر)

یوسف رضا گیلانی کی کمبوڈیا کے فرمانروا کنگ نورودوم سیہامونی سے ملاقات

تیسری بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس انڈونیشیا میں منعقد کرنے کا اعلان

نوم پنہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ پاکستان اور بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (آئی ایس سی) کے بانی چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی نے دوسری بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کے موقع پر کمبوڈیا کے دارالحکومت نوم پنہ میں کنگ نورودوم سیہامونی سے خصوصی ملاقات کی۔ چیئرمین سینیٹ نے معزز فرمانروا کی جانب سے پرتپاک میزبانی پر اظہار تشکر کرتے ہوئے دوسری بین الپارلیما(بقیہ 20 صفحہ 7پر)

3 ستمبر کو تاریخ ساز شٹر ڈاؤن ہوگا، پیٹرول لیوی ختم کرنا ہوگی، لیاقت بلوچ

کراچی، لاہور، راولپنڈی اور پشاور سمیت ملک بھر کے تاجروں نے ہڑتال کی یقین دہانی کرائی ہے

ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال تاریخ ساز ہڑتال ثابت ہوگی، گورنر ہاؤس پر دھرنے سے خطاب

کراچی (اے ایف پی) پیٹرولیم لیوی کی ظالمانہ وصولی، آئی پی پیز (بقیہ 21 صفحہ 7پر)

مضبوط پورٹ سٹی اربن کمیونٹی ہیلتھ کیئر کے خواہاں ہیں، جنید انوار

شہری ترقی میں بندرگاہوں کے کردار کے حوالہ سے انہوں نے کہا کہ بندرگاہیں شہری اقتصادی ترقی کی محرک ہیں

بندرگاہیں اور شہر تاریخی طور پر ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور اس رشتے کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ بندرگاہوں کو روزگار، ٹیکس محصولات، لاجسٹکس، صنعتی سرگرمیوں اور واٹر فرنٹ کی تخلیق نو کے(بقیہ 18 صفحہ 7پر)

برآمدات میں اضافے کیلئے نجی شعبے کو بھی آگے آنا ہوگا' ہارون اختر خان

ملک کو معاشی ترقی کی راہ پر گامزن رکھنے کے لیے سیاسی استحکام برقرار رکھنا ہوگا' مشیر وزیراعظم

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ برآمدات میں اضافے کے لیے نجی شعبے کو بھی آگے آنا ہوگا، حکومت سرمایہ کاروں اور کاروباری طبقے (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7پر)

لاہور سے راولپنڈی جانے والی ٹرین کی 4 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں

مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا، ٹرین کی روانگی بحال کرنے کے لیے اقدامات جاری

لاہور (اے ایف پی) لاہور سے راولپنڈی جانے والی ٹرین کی لاہور ریلوے اسٹیشن سے روانگی کے فوراً بعد ایک موریہ پل پر 4 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں۔ حادثے کے باعث ٹرین میں سوا(بقیہ 22 صفحہ 7پر)

حکومت کا مقصد بہتر پیٹرولیم شعبہ تشکیل دینا ہے، وزیر پٹرولیم

ایکسپلوریشن، ریفائننگ اور ڈاؤن اسٹریم مارکیٹس میں اصلاحات جاری ہیں، اسٹریٹجک اسٹوریج کی استعداد بڑھانے اور سپلائی چین کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے

وزیر پیٹرولیم کی او آئی سی سی آئی اور پی ایس او قیادت سے الگ الگ ملاقاتیں، پیٹرولیم سیکٹر میں توانائی کے تحفظ، سرمایہ کاری کے مواقع اور جاری اصلاحات پر تبادلہ خیال

کراچی (اے ایف بی) وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ حکومت ایک مسابقتی، سرمایہ کاری دوست اور طویل مدتی توانائی ضروریات سے ہم آہنگ پیٹرولیم سیکٹر تشکیل دے رہی ہے، ایکسپلوریشن، ریفائننگ اور ڈاؤن اسٹریم مارکیٹس میں اصلاحات جاری ہیں۔ وزیر پیٹرولیم نے کراچی میں اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور پی ایس او کی قیادت سے الگ الگ ملاقاتیں کی ہیں، ملاقاتوں میں پیٹرولیم سیکٹر میں توانائی کے تحفظ، سرمایہ کاری کے مواقع اور جاری اصلاحات پر اہم تبادلہ خیال کیا گیا۔ اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اجلاس میں صنعتی شعبے، غیر ملکی سرمایہ کاروں ا(بقیہ نمبر 26 صفحہ 7پر)

قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود اچکزئی عوامی جرگے سے خطاب کررہے ہیں

غربت میں اضافہ ثابت کرتا ہے کہ حکومت ناکام ہو چکی ہے، حافظ نعیم

چاروں صوبوں میں جاری دھرنے پچیس کروڑ عوام کی ترجمانی ہے

ن لیگ، پی پی، ایم کیو ایم مسترد شدہ، ان کی نااہلی سے پمز میں بچوں کی جان گئی' امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ چاروں صوبوں میں جاری دھرنے 25 کروڑ عوام کے جذبات کی ترجمانی کر رہے ہیں، حکمرانوں کی بے حسی کے خلاف جدوجہد جاری رہے گی، اپوزیشن کو احتجاج میں شرکت کی دعوت دیتے ہیں، (ن) لیگ، پی پی، ایم کیو ایم کو عوام نے مسترد کیا، ان کی نااہلی کی وجہ سے پمز میں 14 پھول جیسے بچے جان سے گئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر جاری دھرنا کے چودھویں روز پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ، امیر لاہور ضیا الدین انصاری اور(بقیہ نمبر 23 صفحہ 7پر)

ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے پنک سالٹ شعبے میں سرمایہ کاری اور برآمدی مواقع میں وسعت

ذخائر کی بدولت پاکستان دنیا بھر کے ہول سیلرز، ڈسٹری بیوٹرز، درآمد کنندگان کی ضروریات پوری کرسکتا' رپورٹ

لاہور (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے پنک سالٹ کے شعبے میں سرمایہ کاری اور برآمدی مواقع میں وسعت آ رہی ہے۔ پاکستان اپنے وسیع پنک سالٹ ذخائر کے ذریعے عالمی مارکیٹ میں برآمدی صلاحیت کو وسعت دے رہا ہے۔ سرکاری ریڈیو کی رپورٹ کے مطابق مطابق وڑچھ، کالا باغ اور قائد آباد میں موجود وسیع ذخائر پاکستان کو پنک سالٹ کی عالمی منڈی میں اہم مقام(بقیہ نمبر 27 صفحہ 7پر)

پشاور، تھانہ متنی پر دہشتگردوں کا ڈرون حملہ ناکام

پشاور (این این آئی) تھانہ متنی پر دہشت گردوں کی پولیس تھانے پر ڈرون کے ذریعے بارودی مواد پھینکنے کی کوشش ناکام ہوگئی۔ سی سی پی او پشاور میاں سعید کے مطابق واقعے (بقیہ 28 صفحہ 7پر)

طالبان رجیم میں افغان معیشت کی تباہی، عام شہری شدید معاشی بحران کا شکار

افغان معیشت زوال کا شکار ہے اور ملک کی جی ڈی پی میں مسلسل کمی واقع ہو رہی ہے

کابل (این این آئی) طالبان رجیم کی ناقص اقتصادی پالیسیوں کے باعث افغانستان کا معاشی بحران ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید ابتر ہونے لگا۔ افغان تھنک ٹینک افغانستان اینالیٹکس نیٹ ورک نے طالبان رجیم کی معاشی بہتری کے بلند و بانگ دعوؤں کی قلعی کھول دی، افغان تھنک ٹینک افغانستان اینالیٹکس نیٹ ورک کے مطابق افغان معیشت زوال کا شکار ہے اور ملک کی جی ڈی پی میں مسلسل کمی (بقیہ 25 صفحہ 7پر)

ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے پنک سالٹ شعبے میں سرمایہ کاری اور برآمدی مواقع کو وسعت

اسلام آباد (اے ایف بی) پاکستان اپنے وسیع پنک سالٹ ذخائر کے ذریعے عالمی مارکیٹ میں برآمدی صلاحیت کو وسعت دے رہا ہے۔ وڑچھ، کالا باغ اور قائد آباد میں موجود وسیع ذخائر پاکستان کو پنک سالٹ کی عالمی منڈی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7پر)

امریکا اور وینزویلا کے درمیان تیل سے متعلق معاہدہ طے پا گیا، امریکی صدر

وینزویلا کے 65 ارب بیرل سے زائد تیل کے ذخائر پر کنٹرول حاصل کرلیا ہے، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا اور وینزویلا کے درمیان تیل سے متعلق معاہدہ طے پا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ٹرمپ کا کہنا تھا کہ وینزویلا کے 65 ارب بیرل سے زائد تیل کے ذخائر پر کنٹرول حاصل کر لیا ہے۔ معاہدہ سے امریکا کے تیل کے ذخائر دگنا سے بھی زیادہ ہوجائیں گے۔ وینزویلا سے معاہدے کے نتیجے میں امریکا میں تیل کی قیمتیں کم ہوجائیں گی۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں پولیس تعاون کا عالمی دن 7 ستمبر کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں پولیس تعاون کا عالمی دن 7 ستمبر منایا جائے گا۔ اس سے قبل اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے گزشتہ سال 16 دسمبر 2022 کو اس دن کے منانے کا فیصلہ کیا تھا، یہ فیصلہ انٹرپول کے انٹرنیشنل کریمنل پولیس کمیشن) آئی (بقیہ 29 صفحہ 7پر)

تعلیمی اصلاحات اور قومی ترقی کیلئے دینی و عصری تعلیم ضروری ہے، مفتی عبدالرحیم

مفتی عبدالرحیم کی احسن اقبال سے ملاقات، تعلیمی اصلاحات اور قومی ترقی کے لیے دینی وعصری تعلیم کے امتزاج پر گفتگو

جدید جامعات اور مدارس کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر جمع ہو کر قومی ترقی کو اسلامی اصولوں اور اقدار کے مطابق آگے بڑھانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) مفتی عبدالرحیم نے وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال سے ملاقات کی جس میں ملکی تعلیمی نظام میں اصلاحات، نصاب کی بہتری، دینی وعصری تعلیم کے امتزاج، تحقیق و تخلیق علم، نوجوانوں کی کردار سازی اور قومی ترقی سے متعلق ا(بقیہ 30 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے برازیل سے سفیر ملاقات کررہے ہیں

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم پریس کانفرنس کررہے ہیں

Daily BOLAN Hub Balochistan

پیر 31 اگست 2026ء

روزنامہ بولان حب بلوچستان

بولان

عوامی خدمت کا سفر مزید تیزی سے آگے بڑھائیں گے، مریم نواز

ڈیجیٹل کوآپریشن، آرٹیفیشل انٹیلی جنس، سمارٹ ایگریکلچر کیلئے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے کی پیشکش، اے آئی سے تشخیص کے شعبہ میں اشتراک کار کی تجویز

وزیراعلیٰ کی گوئی ژو کے شہر گوئی یانگ میں انٹرنیشنل بگ ڈیٹا ایکسپو میں پارٹی سیکرٹری ہی ژونگ یو اور چینی وفد سے ملاقات، لاہور کیلئے مدعو کرلیا

... کے شعبہ میں اشتراک کار کی تجویز دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گوئی ژو کے وفد کو دورہ لاہور کے لئے مدعو کرلیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے چین کیلئے مزید کامیابیوں اور چینی عوام کے لئے بہتر مستقبل کی خواہش کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پاک چین دوستی کے مزید مضبوط واستحکام کی دعا کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب بیرونی سرمایہ کاری کے لئے تیار اور خواہاں ہے۔ پنجاب ترقی اور شراکت داری کے ... چاہتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ملاقات کے دوران خواہش ظاہر کی کہ پاکستان اور چین کی تاریخی دوستی کو سالڈ پراجیکٹ، انویسٹمنٹ، روزگار کے حقیقی فوائد میں بدلنا چاہتے ہیں۔ پاکستان اور چین کے قومی تعلقات کو صوبائی اور عوام سے عوام تک تعلق کی سطح تک لے جایا جاسکتا ہے۔ گوئی ژو کی ٹیم سے ترقی کے سفر میں ساتھ لے کر چلنے کی استدعا کرتے ہیں۔ خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والے لوگوں کے لئے چین کی معاونت چاہتے ... ویژن کو حقیقت میں بدلنے کا سہرا چینی صدر شی جن پنگ کی عظیم قیادت کو جاتا ہے۔ پارٹی سیکرٹری ہی ژونگ یو اور ان کی ٹیم کے شاندار لوگ صاحب علم اور صاحب مطالعہ ہیں۔ پبلسٹی، میڈیا ریگولیشن، سائبر اسپیس، ایڈمنسٹریشن، گورننس اور شنگھائی، مرکزی حکومتی تنظیموں اور گوئی ژو میں وسیع تجربہ اور قائدانہ کردار قابل تحسین ہیں۔ ہی ژونگ یو جیسے باعلم اور خطیب انسان سے ملاقات خوش بختی سمجھتے ہیں۔

طویل لوڈشیڈنگ سے عوام شدید اذیت اور پریشانی کا شکار ہیں، جمل خان مری

ڈسٹرکٹ بارایسوسی ایشن حب ہمیشہ مظلوم اور اپنے جائز حقوق کے لیے آواز بلند کرنے والے ہر شہری کے ساتھ کھڑی رہی ہے

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے وفد ملاقات کررہا ہے

محکمہ پنجاب کا تعلیمی اداروں کی مانیٹرنگ فوجی اہلکاروں سے کرانے کا فیصلہ

28 مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن افسران کی ایک سالہ کنٹریکٹ پر بھرتی، ماہانہ 60 ہزار روپے تنخواہ، سرکاری موٹر سائیکل بھی ملے گی

سمری وزیراعلیٰ پنجاب کی منظوری کے لیے بھیجی گئی کنٹریکٹ جاری تعلیمی سیشن مارچ 2027 تک ہوگا جیسے ہی سمری منظور ہوگی نوٹیفکیشن جاری کیا جائیگا

... توسیع کی گنجائش بھی موجود ہے، یہ بھرتیاں پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن پیف کے تحت ہوں گی۔ اہلکاروں، جی سی اوز، این سی اوز سے 7 ستمبر تک درخواستیں طلب کرلی گئی ہیں، عمر کی حد 30 سے 55 سال، تعلیم گریجویشن رکھی گئی ہے، پنجاب کا ڈومیسائل لازم ہوگا۔ آئی ٹی شعبہ میں تجربہ اور صحتمند ہونا ضروری ہے، پہلے مرحلہ میں 28 مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوشن افسرز بھرتی ہوں گے جن میں 21 فوجی اور 7 سویلین بھرتی ... کردیا۔ اجلاس 31 اگست بروز پیر دوپہر 2 بجے ہوگا، جس کی صدارت سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کریں گے، اجلاس کا آغاز تلاوتِ قرآن پاک، نعتِ رسول مقبول ﷺ اور قومی ترانے سے ہوگا۔ اجلاس میں ہاؤسنگ، اربن ڈویلپمنٹ اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سے متعلق ارکان کے سوالات کے متعلقہ محکموں کی جانب سے جوابات دیئے جائیں گے جبکہ ایجنڈے میں شامل توجہ دلاؤ نوٹسز کے زبانی ... کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمزم (ترمیمی) بل 2026، پنجاب جوڈیشل اکیڈمی (ترمیمی) بل 2026، پنجاب فوڈ سیفٹی لاز (ترمیمی) بل 2026، انسداد دہشت گردی (پنجاب ترمیمی) بل 2026 اور پنجاب اثاثہ جات مینجمنٹ اتھارٹی بل 2026ء منظوری کے لیے پیش کیے جائیں گے۔ خیال رہے کہ پانچوں بل متعلقہ قائمہ کمیٹیوں کی سفارشات کے بعد پنجاب اسمبلی میں زیرغور لائے جائیں

محمد علی جمالی کو ڈی ایس پی سرکل گنداخہ تعینات ہونے پر مبارکباد پیش

محمد علی جمالی ایک بہترین، ایماندار، فرض شناس اور دلیر پولیس آفیسر ہیں، میر صابر خان پندرانی

گنداخہ (نور حسن جمالی) پاکستان پندرانی نوجوان اتحاد کے چیئرمین میر صابر خان پندرانی نے بہترین پولیس آفیسر محمد علی جمالی کو ڈی ایس پی سرکل گنداخہ تعینات ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں میر صابر خان پندرانی نے کہا کہ محمد علی جمالی ایک بہترین، ایماندار، فرض شناس اور دلیر پولیس آفیسر ہیں، جنہوں نے اپنے فرائض ہمیشہ ذمہ داری اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈی آئی جی نصیر آباد اور آئی جی پولیس بلوچستان کی جانب سے محمد علی جمالی کو ڈی ایس پی سرکل گنداخہ تعینات کرنا ایک بہترین فیصلہ ہے، جس سے علاقے کے عوام میں امید کی نئی کرن پیدا ہوئی ہے۔ میر صابر خان پندرانی نے امید ظاہر کی کہ محمد علی جمالی کی تعیناتی سے گنداخہ سرکل میں امن و امان کی صورتحال مزید بہتر ہوگی، جرائم کی روک تھام میں مؤثر اقدامات کیے جائیں گے

سرکاری ہسپتالوں میں نیونیٹولوجی سیٹ اپ کیلئے نئے ایس او پیز کی تیاری

لاہور (اے ایف بی) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن پنجاب نے صوبے کے تمام سرکاری، ٹیچنگ اور ٹرشری کیئر ہسپتالوں میں نرسری اور نیونیٹولوجی سیٹ اپ کے لئے معیاری آپریٹنگ طریقہ کار (ایس او پیز) کا جائزہ لینے اور انہیں تیار کرنے کیلئے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ تشکیل دینے کی منظوری دے دی۔

بدین اور دیگر علاقوں کے ماہی گیروں کی 4 سال بعد بھارتی جیل سے رہائی

گھروں میں خوشی کی لہر، پاکستان فشرفوک کی جانب سے خوشی کا اظہار۔

بدین (نامہ نگار) بدین کی ساحلی پٹی سے تعلق رکھنے والا 40 سالہ ماہی گیر محبوب علی ولد یوسف ملاح تقریباً چار سال بھارتی جیل میں قید رہنے کے بعد رہا ہوکر پاکستان پہنچ گیا، جس کے بعد اس کے گھر میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ تفصیلات کے مطابق تقریباً چار سال قبل محبوب علی ملاح سمندر میں مچھلی کا شکار کرتے ہوئے مبینہ طور پر غلطی سے بھارتی سمندری حدود میں داخل ہوگیا تھا، جہاں بھارتی فورسز نے اسے گرفتار کرکے جیل منتقل کردیا تھا۔ چار سال تک بھارتی جیلوں میں قید رہنے کے بعد اسے دیگر پاکستانی ماہی گیروں کے ہمراہ رہا کرکے واہگہ بارڈر پر پاکستانی حکام کے حوالے کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق حالیہ مرحلے میں بھارت کی مختلف جیلوں میں قید 25 پاکستانی ماہی گیروں کو رہا کرکے پاکستان واپس بھیجا گیا ہے، جن میں بدین کی ساحلی پٹی کے گاں طیب ملاح کا رہائشی محبوب علی ملاح بھی شامل ہے۔ رہا ہونے والے دیگر ماہی گیروں میں شاہ بندر تعلقہ سے تعلق رکھنے والا احمیسو ولد صدیق ملاح، جبکہ جاتی کی ساحلی پٹی کے گاں زیرو پوائنٹ کے رہائشی جان محمد ولد لال خان ملاح اور بلاول ولد حمیسو ملاح شامل ہیں، جبکہ دیگر 21 ماہی گیروں کا تعلق کراچی سے بتایا جاتا ہے۔ پاکستانی ماہی گیروں کی رہائی پر پاکستان فشر فوک فورم کے مرکزی چیئرمین سید مہران علی شاہ، چیئرپرسن یاسمین شاہ، بدین ضلع کے عہدیداران اور ماہی گیر رہنماں نبی بخش ملاح، عبدالرحیم چانڈانی، مٹھن ملاح، قاسم چاو اور دیگر نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ماہی گیروں کی مسلسل جدوجہد رنگ لے آئی ہے۔ انہوں نے کہا بھارتی جیلوں میں قید پاکستانی ماہی گیروں کی رہائی کے لیے حکومت پاکستان اور پاکستان فشرفوک فورم کی جانب سے مسلسل آواز اٹھائی جاتی رہی ہے۔ فورم نے گرفتار ماہی گیروں اوران کے خاندانوں کے مسائل کو نہ صرف حکومتی سطح پر اجاگر کیا

گاؤں حاجی نور محمد تھہیم میں زمین کا تنازع

وارثوں کا ڈی سی، ایس ایس پی اور ایس ایچ او گھارو سے قانونی کارروائی کا مطالبہ

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) گاں حاجی نور محمد تھہیم میں زمین کا تنازع، وارثوں کا ڈی سی، ایس ایس پی اور ایس ایچ او گھارو سے قانونی کارروائی کا مطالبہ گاں حاجی نور محمد تھہیم کے رہائشی وارث غلام فرید تھہیم اور غلام حیدر تھہیم ولد رانو تھہیم نے ڈی سی ٹھٹھہ، ایس ایس پی ٹھٹھہ اور ایس ایچ او گھارو کو درخواست دیتے ہوئے مقف اختیار کیا ہے کہ ان کی دیھ پلیجانی میں سروے زمین نمبر 23، رقبہ 18 ایکڑ، رانو تھہیم ولد کارو تھہیم کے نام پر ہے۔ درخواست گزاروں کے مطابق آدم تھہیم ولد حاجی جمن تھہیم مذکورہ زمین پر مبینہ طور پر جھوٹا دعوی کر رہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ماضی میں باہمی تعلقات اور ہمدردی کی بنیاد پر آدم تھہیم کو زمین آباد کرنے کی اجازت دی گئی تھی، تاہم اب وہ زمین پر اپنی ملکیت کا دعوی کرتے ہوئے مبینہ طور پر قبضہ کرنے اور اسے فروخت کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ وارثوں نے الزام عائد کیا کہ آدم تھہیم اپنے بیٹوں ارشد، اشرف، یونس اور اقبال کے ہمراہ انہیں مبینہ طور پر دھمکیاں بھی دے رہا ہے، جس کے باعث انہیں جانی و مالی نقصان کا خدشہ ہے درخواست گزاروں نے ڈی سی ٹھٹھہ، ایس ایس پی ٹھٹھہ اور ایس ایچ او گھارو سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لے کر زمین کے سرکاری ریکارڈ کی جانچ کی جائے، مبینہ قبضے اور فروخت کی کوشش کو روکا جائے، انہیں تحفظ فراہم کیا جائے

چھٹی جماعت کی طالبہ کو 3 روز قبل سکول سے گھر جاتے ہوئے مبینہ طور پر اغوا کرلیا گیا

ہم کراچی میں کام کرتے ہیں محلے کے رہائشی شاہد نے ہمارے لڑکی دعا کو اغوا کرلیا ہے، ورثاء

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) شہدادکوٹ میں چھٹی جماعت کی طالبہ کو 3 روز قبل سکول سے گھر جاتے ہوئے مبینہ طور پر اغوا کرلیا گیا ورثا نے بی سیکشن پولیس کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے لڑکی کی بازیابی کا مطالبہ کیا ہے۔ شہدادکوٹ کے محلے باقر آباد کی رہائشی چھٹی جماعت کی 13 سالہ طالبہ دعا ابڑو کو گزشتہ جمعہ کو مبینہ طور پر سکول سے گھر واپس آتے ہوئے اغوا کرلیا گیا تھا بی سیکشن پولیس نے ملزمان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی طالبہ کے اغوا کو 3 دن گزر چکے ہیں دعا ابڑو کے والد رجب علی اور انعام علی ابڑو نے پریس کلب پہنچ کر احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ ہم کراچی میں کام کرتے ہیں محلے کے رہائشی شاہد نے ہمارے لڑکی دعا کو اغوا کرلیا ہے شاہد کا گھر بی سیکشن تھانے کے سامنے ہے انہوں نے واقعہ کی رپورٹ متعلقہ تھانہ میں درج کرائی ہے لیکن پولیس کوئی کارروائی کرنے کو تیار نہیں ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ بچی کو بازیاب کرایا جائے اور ورثا میں پھیلی بے چینی ختم کی جائے۔

پنجاب پولیس کا اشتہاری اور عادی مجرمان، عدالتی مفروروں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس نے سنگین جرائم میں مطلوب اشتہاری وعادی مجرمان اور عدالتی مفروروں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا، رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں کارروائیوں کے دوران ایک لاکھ 16 ہزار سے زائد اشتہاری مجرمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق گرفتار ہونے والے اشتہاری مجرمان میں اے کیٹگری کے 29 ہزار جبکہ بی کیٹگری کے 87 ہزار سے زائد ملزمان شامل ہیں۔

جعفرآباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان اجلاس کی صدارت کررہے ہے

کوئٹہ، آئی جی بلوچستان پولیس محمد طاہر اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پہلا آل حب لسبیلہ بھوتانی کارواں T20 کرکٹ ٹورنامنٹ 2026

سیمی فائنل میں نیشنل کمبائنڈ نے اسپیشل اسٹار CC کو دلچسپ مقابلے کے بعد 2 وکٹوں سے شکست دے کر کامیابی حاصل کرلی

حب (نمائندہ بولان) پہلا آل حب لسبیلہ بھوتانی کارواں T20 کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کے سیمی فائنل میں نیشنل کمبائنڈ نے اسپیشل اسٹار CC کو دلچسپ مقابلے کے بعد 2 وکٹوں سے شکست دے کر کامیابی حاصل کرلی اسپیشل اسٹار CC نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 156 رنز بنائے اشاق زہری نے 53 رنز جبکہ سلیم نے 33 اور کپتان انام اللہ خان نے ناقابل شکست 18 رنز بنائے جواب میں نیشنل کمبائنڈ نے 19.1 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 159 رنز بنا کر ہدف حاصل کرلیا۔ دانش کمار نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 60 رنز بنائے، جبکہ رؤف نے 40 اور حسیب علی نے 20 رنز کی اہم اننگز کھیلی۔ بولنگ میں اسپیشل اسٹار کی جانب سے سلیم نے 3 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ نیشنل کمبائنڈ کے نعیم احمد نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ مقابلے میں دانش کمار کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ میچ کے امپائرز عابد حسین اور عامر احمد جبکہ آفیشل اسکورر اور میچ ریفری اصغر علی خان تھے۔

کراچی، کورنگی میں اکھاڑے گئے 70 سال پرانے درختوں کو واپس لگانے کا عمل شروع

کراچی (این این آئی) کورنگی نمبر 6 میں واقع کربلا گراؤنڈ میں اکھاڑے گئے 70 سال پرانے درختوں کو واپس لگانے کا عمل شروع ہوگیا، قبضہ مافیا کی جانب سے 70 سے 80 سال پرانے درختوں کو اکھاڑ دیا گیا تھا۔ اسلام آباد اور کراچی کی غیر سرکاری تنظیمیں مشترکہ طور پر درختوں کو واپس لگائیں گی۔ سیوو دی ٹریز کے سربراہ خواجہ مظہر اقبال نے کہا کہ 9 برگد اور پیپل کے درختوں کے تنے اور جڑیں تازہ اور صحیح حالت میں ہیں،

میر محمد بزنجو، میر حاصل بزنجو اور کونسلر علی اکبر کی جانب سے میر حاصل بزنجو کی رہائش گاہ پر کارنر میٹنگ کا انعقاد

کارنر میٹنگ میں بھوتانی عوامی کارواں ساکران کے رہنماؤں، عہدیداران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی

حب (نمائندہ بولان) بھوتانی عوامی کارواں کے رہنما وڈیرہ میر محمد بزنجو، میر حاصل بزنجو اور کونسلر علی اکبر کی جانب سے میر حاصل بزنجو کی رہائش گاہ پر کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا کارنر میٹنگ میں بھوتانی عوامی کارواں ساکران کے رہنماؤں، عہدیداران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر شرکاء نے باہمی مشاورت کی اور علاقے کی سیاسی وعوامی صورتحال سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا میٹنگ میں بھوتانی عوامی کارواں کو مزید فعال اور منظم کرنے، عوامی رابطہ مہم کو مضبوط بنانے اور کارکنان کے درمیان رابطوں کو مزید مؤثر بنانے پر بھی گفتگو کی گئی کارنر میٹنگ کے دوران شرکاء نے قیادت کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی بہتری کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا

پنجاب میں ڈرائیونگ لائسنس کی ڈیلیوری کا نظام تبدیل کرنے کا فیصلہ

شہری لائسنس کارڈ کی موجودہ لوکیشن اور ڈیلیوری کی صورتحال آن لائن لائیو ٹریک کرسکیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب میں ڈرائیونگ لائسنس کی ڈیلیوری کا نظام تبدیل کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا شہری اب آن لائن ٹریکنگ لائیو دیکھ سکیں گے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت اور ٹریفک پولیس نے ڈرائیونگ لائسنس کارڈز کی گھروں تک ترسیل میں ہونے والی تاخیر کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے پوسٹل ڈیلیوری سسٹم کو ٹریفک پولیس کے لائسنس انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم کے ساتھ منسلک کرنے کا بڑا فیصلہ کرلیا۔ موجودہ نظام کے تحت ڈلمز پورٹل پر صرف لائسنس کارڈ کی پروسیسنگ اور پرنٹنگ کی صورتحال نظر آتی تھی۔ تاہم اس نئے ڈیٹا انٹیگریشن کے بعد شہری اور متعلقہ حکام اپنے لائسنس کارڈ کی ڈیلیوری کی صورتحال، کرنٹ لوکیشن اور آن لائن ٹریکنگ لائیو دیکھ سکیں گے۔ اس نئے جدید نظام کے تحت لائسنس کارڈ ٹریفک پولیس کی جانب سے پوسٹ آفس کے حوالے کیے جانے سے لے کر، ڈیلیوری کے عمل اور موجودہ مقام تک تمام تر تفصیلات سسٹم پر دستیاب ہوں گی۔ حکام کا کہنا تھا کہ ماضی میں ٹریفک پولیس کو بھی ڈیلیوری سے متعلق ڈیٹا کی جانچ پڑتال میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا، جس کو حل کرنے کے لیے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ سے باقاعدہ رابطہ کرلیا گیا

4 نوجوانوں کی ہلاکت، بغیر لائسنس بس چلانے والے ڈرائیور کی ضمانت نامنظور

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بغیر پبلک سروس وہیکل لائسنس بس چلانے کے دوران حادثے میں چار نوجوانوں کی ہلاکت کے مقدمے میں ملزم ریاض حسین کی بعد از گرفتاری ضمانت کی درخواست خارج کردی جبکہ عدالت نے قرار دیا کہ بغیر متعلقہ لائسنس کے بس چلانا غیر قانونی اور خلاف قانون عمل ہے، جس کے نتیجے میں ہونے والی ہلاکت قتل بالسبب کے زمرے میں آتی ہے۔ جسٹس تنویر احمد شیخ نے سات صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ ملزم کے خلاف مقدمہ مزید تفتیش کا متقاضی نہیں

سونہری، سونڈا لنک روڈ کی پل کی دوبارہ تعمیر کا کام شروع

پل گرنے کے باعث متعدد دیہات کا سونہری اور دیگر علاقوں سے زمینی رابطہ منقطع ہوگیا تھا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) سونہری، سونڈا لنک روڈ کی پل کی دوبارہ تعمیر کا کام شروع، ایوانِ صحافت ٹھٹھہ کے جوائنٹ سیکریٹری ارشاد علی گندرو کی جانب سے سونہری، سونڈا لنک روڈ کی پل گرنے کے مسئلے کو مسلسل سوشل میڈیا، پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر اجاگر کرنے کے بعد ضلعی کونسل ٹھٹھہ کے رکن رئیس سلیم گندرو کی کوششوں سے ضلع ٹھٹھہ کے ایم این اے اور پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر صادق علی میمن نے معاملے کا نوٹس لے لیا۔ نوٹس لینے کے بعد سونہری، سونڈا لنک روڈ کی گرنے والی پل کی از سرِ نو تعمیر کا کام شروع کروا دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ پل گرنے کے باعث متعدد دیہات کا سونہری اور دیگر علاقوں سے زمینی رابطہ منقطع ہوگیا تھا، جس کے باعث علاقہ مکینوں کو آمد ورفت میں شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ پل کی تعمیر کا کام شروع ہونے پر گاں سونہری اور آس پاس کے رہائشیوں نے ایوانِ صحافت ٹھٹھہ کے جوائنٹ سیکریٹری ارشاد علی گندرو، ضلعی کونسل کے رکن رئیس سلیم گندرو اور ایم این اے و پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر صادق علی میمن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی کاوشوں کو سراہا

ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری گورنمنٹ ڈگری گرلز کالج کی لائبریری کا معائنہ کررہی ہیں

سکھر، جئے سندھ قومی محاذ کے کارکن احتجاج کررہے ہیں

جھمپیر کے قریب گاں بکر ماچھی کے رہائشیوں کا وائس چیئرمین نبی بخش ماچھی پر مکمل اعتماد کا اظہار

مولدی میا کا گاں بکر ماچھی بڑی آبادی پر مشتمل ہونے کے باوجود اسے ہمیشہ بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) جھمپیر کے قریب گاں بکر ماچھی کے رہائشیوں کا وائس چیئرمین نبی بخش ماچھی پر مکمل اعتماد کا اظہار ضلع ٹھٹھہ کی تحصیل جھمپیر کے قریب کینجھر جھیل کے کنارے واقع مولدی میا کے گاں بکر ماچھی کے کئی رہائشیوں نے یوسی جھمپیر کے وائس چیئرمین اور ماچھی برادری کے نوجوان رہنما نبی بخش ماچھی پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ صحافیوں سے بات کرتے ہوئے نبی بخش ماچھی نے کہا کہ جھمپیر کے قریب مولدی میا کا گاں بکر ماچھی بڑی آبادی پر مشتمل ہونے کے باوجود اسے ہمیشہ بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے۔ اس وجہ سے مذکورہ گاں میں کوئی ترقیاتی کام نہیں ہوسکا اور نہ ہی بے روزگار پڑھے لکھے نوجوانوں کو روزگار مل سکا ہے، جس کی وجہ سے بے روزگاری کے سبب نوجوان سخت پریشان ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ان کے گاں کو بنیادی سہولیات سے محروم رکھنے میں ان کی اپنی ہی برادری کے کچھ بااثر افراد کا بڑا ہاتھ ہے جو نہیں چاہتے کہ ان کا گاں ترقی کرے۔ نبی بخش ماچھی نے کہا کہ اب گاں بکر ماچھی کے رہائشیوں نے ان پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے تمام ذمہ داریاں ان کے سپرد کردی ہیں، جنہیں وہ بہتر طریقے سے نبھاتے رہیں گے

خانیوال میں 15 سالہ لڑکا غیرت کے نام پر قتل کردیا گیا

خانیوال (این این آئی) خانیوال کے علاقہ بختیاری گارڈن میں 15 سالہ لڑکا غیرت کے نام پر قتل کردیا گیا۔ تھانہ سٹی پولیس نے نوجوان کے قتل میں ملوث ملزم کو فوری گرفتار کرلیا، مقتول عبداللہ کا قاتل حقیقی کزن اسامہ نکلا، ملزم اسامہ نے بہن سے تعلقات کے شبہ میں کزن عبداللہ کو قتل کیا۔ پولیس حکام کے مطابق قاتل اور مقتول ایک ہی گھر میں رہائش پذیر تھے، فورنزک رپورٹ اور جدید تفتیشی ذرائع سے ملزم کو ٹریس کیا گیا، قتل ہونے والے عبداللہ کی لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے ڈسٹرکٹ ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

ورکنگ جرنلسٹس کو درپیش سنگین معاشی اور پیشہ ورانہ مسائل پر گہری تشویش کا اظہار

صوبے میں صحافت کے فروغ اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے میں مقامی اخبارات اور صحافیوں کا کردار انتہائی اہم اور ناقابل فراموش ہے

سبی (رپورٹ۔ اللہ یار ڈومکی) بلوچستان میڈیا فورم کے صدر قیوم بلوچ، سیکرٹری جنرل اللہ داد رند، سینئر نائب صدر اللہ یار ڈومکی، نائب صدور ندیم بابر مغل، رمضان بھٹو، شیخ فرید اور سلطان کرد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری محمد علی ہزارہ، سیکرٹری اطلاعات اصغر بلوچ، گوونداراہیجہ، عامر بنگلزئی، صداقت بلوچ اور دیگر عہدیداروں نے بلوچستان کی پرنٹ میڈیا، مقامی اخبارات، نامہ نگاران اور ورکنگ جرنلسٹس کو درپیش سنگین معاشی اور پیشہ ورانہ مسائل پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں صحافت کے فروغ اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے میں مقامی اخبارات اور صحافیوں کا کردار انتہائی اہم اور ناقابل فراموش ہے، تاہم افسوسناک امر یہ ہے کہ پرنٹ میڈیا سے وابستہ اداروں اور کارکن صحافیوں کو مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ بلوچستان میڈیا فورم کے عہدیداروں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ بلوچستان جغرافیائی اعتبار سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، جہاں دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں آج بھی مقامی اخبارات، نامہ نگاران اور ورکنگ جرنلسٹس عوام اور حکومتی اداروں کے درمیان رابطے کا اہم ذریعہ ہیں۔ صوبے کے چھوٹے شہروں، تحصیلوں اور دیہی علاقوں میں خدمات انجام دینے والے نامہ نگاران انتہائی محدود وسائل کے باوجود عوامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں، امن وامان، تعلیم، صحت اور دیگر بنیادی مسائل کو اجاگر کرنے کیلئے اپنی ذمہ داریاں ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مقامی اخبارات شدید مالی بحران سے دوچار ہیں۔ کاغذ، پرنٹنگ، بجلی، تنخواہوں اور دیگر اخراجات میں مسلسل اضافے کے باوجود مقامی اخبارات کو حکومتی اشتہارات اور دیگر سہولیات میں مناسب حصہ نہیں دیا جارہا، جس کے باعث کئی اخبارات کی بقا خطرے میں پڑگئی ہے۔ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو بلوچستان کی مقامی صحافت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ورکنگ جرنلسٹس اور ضلعی و تحصیلی نامہ نگاران سب سے زیادہ مشکلات کا شکار ہیں۔ کئی صحافی برسوں سے انتہائی کم معاوضے یا بغیر کسی مستقل مالی تحفظ کے صحافتی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ دور دراز علاقوں میں رپورٹنگ کرنے والے صحافیوں کو سفری اخراجات، جان و مال کے تحفظ اور بنیادی سہولیات کے مسائل کا سامنا ہے، لیکن ان کے مسائل کے حل کیلئے کوئی مؤثر اور جامع حکمت عملی نظر نہیں آرہی۔ بلوچستان میڈیا فورم کے رہنماؤں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کو چاہیے کہ وہ پرنٹ میڈیا اور مقامی اخبارات کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے ایک جامع اور شفاف میڈیا پالیسی مرتب کرے

پنجاب پولیس کا اشتہاری اور عادی مجرمان، عدالتی مفروروں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس نے سنگین جرائم میں مطلوب اشتہاری وعادی مجرمان اور عدالتی مفروروں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا، رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں کارروائیوں کے دوران ایک لاکھ 16 ہزار سے زائد اشتہاری مجرمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق گرفتار ہونے والے اشتہاری مجرمان میں اے کیٹگری کے 29 ہزار جبکہ بی کیٹگری کے 87 ہزار سے زائد ملزمان شامل ہیں۔

4 نوجوانوں کی ہلاکت، بغیر لائسنس بس چلانے والے ڈرائیور کی ضمانت نامنظور

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بغیر پبلک سروس وہیکل لائسنس بس چلانے کے دوران حادثے میں چار نوجوانوں کی ہلاکت کے مقدمے میں ملزم ریاض حسین کی بعد از گرفتاری ضمانت کی درخواست خارج کردی، عدالت نے قرار دیا کہ بغیر متعلقہ لائسنس کے بس چلانا غیر قانونی اور خلاف قانون عمل ہے جس کے نتیجے میں ہونے والی ہلاکت قتل بالسبب کے زمرے میں آتی ہے۔

حب۔ پہلا آل حب لسبیلہ بھوتانی کارواں T20 کرکٹ ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میچ کے کھلاڑیوں کا لیا گیا گروپ فوٹو

سانگھڑ: جھول کی رہائشی نوجوان لڑکی کی خیرپور کی عدالت میں پسند کی شادی، روہڑی پریس کلب پہنچ کر تحفظ کا مطالبہ

اہل خانہ کی جانب سے جھول تھانے میں اس کے اغوا کا مقدمہ درج کرایا جاتا ہے تو اسے درست قرار نہ دیا جائے

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) سانگھڑ کے علاقے جھول کی رہائشی نوجوان لڑکی صنم دختر منظور چھجڑو نے کنب کے رہائشی نوجوان نواز علی ولد محمد نواز چھجڑو کے ساتھ خیرپور کی عدالت میں پسند کی شادی کے بعد روہڑی پریس کلب پہنچ کر تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کی ہے روہڑی پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے صنم نے بتایا کہ اس نے اپنی مرضی اور رضامندی سے نواز علی کے ساتھ شادی کی ہے، اسے کسی شخص نے ورغلایا اور نہ ہی اغوا کیا گیا ہے۔ اس کا کہنا تھا کہ اس نے اپنی آزاد مرضی سے شادی کا فیصلہ کیا اور وہ کسی قسم کے دباؤ کے بغیر اپنے شوہر کے ساتھ زندگی گزار رہی ہے صنم کا مزید کہنا تھا کہ اگر اس کے اہل خانہ کی جانب سے جھول تھانے میں اس کے اغوا کا مقدمہ درج کرایا جاتا ہے تو اسے درست قرار نہ دیا جائے، کیونکہ وہ اپنی مرضی سے گھر سے نکلی اور نواز علی سے شادی کی ہے نوجوان لڑکی نے اعلیٰ پولیس حکام اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ اسے اور اس کے شوہر کو تحفظ فراہم کیا جائے اور کسی بھی مبینہ جھوٹے مقدمے یا دباؤ سے بچانے کے لیے قانونی اقدامات کیے جائیں۔

کراچی، خواتین کے ساتھ نازیبا حرکات کرنے والا ملزم گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں پولیس نے خواتین کے ساتھ نازیبا حرکات کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ تیموریہ پولیس نے واقعے کی اطلاع ملنے پر کارروائی کی، ملزم نے راہ چلتی خاتون کے ساتھ نازیبا حرکت کی تھی، جبکہ واقعے کی سی سی ٹی وی بھی سامنے آئی تھی۔ پولیس نے بتایا کہ شہری کی شکایت پر خاتون کے ساتھ سڑک پر نازیبا حرکات کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا،

اوستہ محمد میں گٹکا، پان پراگ اور ایرانی پٹرول کا مبینہ دھندا عروج پر

اوستا محمد بلوچستان کا سب سے بڑا منڈی میں تبدیل اسٹریٹ کرائم نے شہریوں کی نیندیں اڑادیں

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد میں پان پراگ، گٹکا اور ایرانی پٹرول و ڈیزل کے مبینہ غیر قانونی کاروبار نے تشویشناک صورتحال اختیار کرلی ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ شہر سے سندھ اور بلوچستان کے مختلف شہروں تک گٹکا، پان پراگ اور ایرانی پٹرول وڈیزل کی مبینہ اسمگلنگ کا سلسلہ کھلے عام جاری ہے، جس کے باعث قانون کی عملداری پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ عوامی حلقوں کے مطابق شہر میں مضر صحت اشیا کی مبینہ فروخت اور ایرانی پٹرول و ڈیزل کے کاروبار میں مسلسل اضافہ ہو رہا جبکہ اندرون سندھ کے مختلف شہروں میں پان پراک و ایرانی پٹرول کی سمنگلنگ عروج پر پولیس انتظامیہ کی چاندی ہوگئی ہے، جبکہ دوسری جانب اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں بھی اضافہ شہریوں کے لیے باعث تشویش بن گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم کے باعث شہری اور تاجر برادری خود کو غیر محفوظ تصور کرنے لگی ہے۔ شہریوں نے الزام عائد کیا کہ غیر قانونی کاروبار کرنے والے بعض عناصر مبینہ طور پر بااثر افراد کی پشت پناہی حاصل ہونے کے باعث قانون کی گرفت سے باہر ہیں۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ غیر قانونی کاروبار اور اسمگلنگ کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے اور شہر میں بڑھتے ہوئے اسٹریٹ کرائم کے خاتمے کے لیے پولیس گشت اور نگرانی کا مؤثر نظام قائم کیا جائے۔

ڈپٹی میئر سکھر ڈاکٹر ارشد مغل کی ملک محمد رضوان الحق سے ملاقات

تعلیم اور صحت کی سہولیات میں بہتری معاشرے کی ترقی کے لیے انتہائی ضروری ہے، ارشد مغل

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) ڈپٹی میئر سکھر ڈاکٹر ارشد مغل نے ملک محمد رضوان الحق کے دفتر پہنچ کر ان سے ملاقات کی، جہاں ملتان سے آئے ہوئے ملک برادری کے افراد، محراب پور سٹی یونٹ سے تعلق رکھنے والے ملک برادری کے عہدیداران اور دیگر دوست احباب بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران مختلف سماجی، فلاحی، تعلیمی اور سیاسی امور سمیت سکھر میں جاری ترقیاتی کاموں اور عوامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر ڈاکٹر ارشد مغل نے ملتان سے آئے ہوئے اکرم باجی کو سکھر میں صحت کے شعبے سے متعلق مختلف ہسپتالوں، طبی سہولیات اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی صحت کی خدمات کے حوالے سے آگاہ کیا۔ انہوں نے تعلیم کے شعبے میں سکھر میں موجود یونیورسٹیوں اور دیگر تعلیمی اداروں کے حوالے سے بھی تفصیلی معلومات فراہم کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم اور صحت کی سہولیات میں بہتری معاشرے کی ترقی کے لیے انتہائی ضروری ہے ملاقات کے دوران محراب پور یونٹ سے آئے ہوئے ملک فلاحی جماعت محراب پور کے صدر ملک محمد یامین سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر ارشد مغل نے کہا کہ ان شا اللہ عنقریب مغل برادری محراب پور کے معززین کے ساتھ مل کر ملک برادری کے فلاحی کاموں میں تعاون کرے گی

حب۔ بھوتانی عوامی کارواں ساکران کے رہنماؤں کی جانب سے منعقدہ کارنر میٹنگ سے کارواں کے رہنما خطاب کررہے ہیں

بدین اور دیگر علاقوں کے ماہی گیروں کی 4 سال بعد بھارتی جیل سے رہائی کے بعد واہگہ بارڈر پر۔

13 سالہ بچی سے مبینہ زیادتی کیس، ملزمان کی ضمانت مسترد ہونے کے بعد فریادی فریق پر حملہ، 5 زخمی

زخمیوں میں حاجی صاحب جویو اور بچل جویو کی حالت تشویشناک ہے جنہیں مزید علاج کے لیے حیدرآباد منتقل کیا گیا ہے

ماتلی (رپورٹ دلمراد کمبوہ) تلہار کے قریب گاں یوسف جویو میں 13 سالہ بچی سے مبینہ زیادتی کے مقدمے میں نامزد ملزمان کی ضمانت بدین کی عدالت سے مسترد ہونے کے بعد فریادی فریق پر مبینہ حملے کے نتیجے میں 5 افراد زخمی ہوگئے جن میں سے دو کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ واقعے کے خلاف فریادی فریق یار محمد جویو، نیاز جویو اور محمد یونس جویو کی قیادت میں ایوان صحافت بدین کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ بعد ازاں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ 18 اگست کو ان کی 13 سالہ بچی اختر جویو کو ممتاز جویو، ظفر جویو اور عرس جویو نے مبینہ طور پر مراد جویو اور رفیق جویو کی بیٹھک پر زبردستی زیادتی کا نشانہ بنایا جس کے خلاف تلہار تھانے میں مقدمہ درج کرایا گیا۔ فریادی فریق کے مطابق عدالت نے مقدمے میں نامزد ملزمان کی ضمانت مسترد کردی جبکہ پولیس نے ایک ملزم عرس جویو کو گرفتار کیا۔ ان کا الزام ہے کہ بعد ازاں ابراہیم جویو، ایوب جویو اور عرض جویو کی مبینہ قیادت میں افراد شہزور گاڑی میں سوار ہوکر آئے اور فریادی فریق پر حملہ کردیا جس کے نتیجے میں 5 افراد زخمی ہوگئے۔ مظاہرین کے مطابق زخمیوں میں حاجی صاحب جویو اور بچل جویو کی حالت تشویشناک ہے

پروفیسر قاسم جان کو چین کے فرینڈ شپ ایوارڈ سے نوازدیا گیا

پشاور (این این آئی) معروف پاکستانی ماہرِ ارضیات اور ماہرِ تعلیم پروفیسر ڈاکٹر ایم قاسم جان کو پاکستان اور چین کے درمیان سائنسی تعاون اور علمی تبادلوں کے فروغ میں نمایاں خدمات کے اعتراف میں غیر ملکی ماہرین کے لیے چین کے اعلیٰ ترین اعزاز چائنا فرینڈ شپ ایوارڈ سے نوازا دیا گیا۔ گوادر پرو کے مطابق جامعہ پشاور نے اس اعزاز کا اعلان کرتے ہوئے اپنے اعزازی پروفیسرِ ارضیات اور سابق وائس چانسلر کو اس باوقار بین الاقوامی اعزاز کے حصول پر مبارکباد پیش کی۔

ملائیشین ایئرلائنز کی کراچی کیلئے پروازیں جلد شروع ہونے کا عندیہ

نوتعینات قونصل جنرل کی گورنر سندھ سے ملاقات، دونوں ممالک کے درمیان روابط مزید مستحکم کرنے پر اتفاق

کراچی (اے ایف بی) ملائیشین ایئرلائنز کی کراچی کے لئے پروازیں جلد شروع ہونے کا امکان ہے۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی سے ملائیشیا کے نوتعینات قونصل جنرل محمد یونس ابراہیم نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان باہمی تجارت کا حجم بڑھانے اور عوامی و کاروباری روابط مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر سندھ نے کہا کہ پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان تجارتی و کاروباری وفود کے تبادلوں کو فروغ دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملائیشین سیاحوں کے لیے پاکستان میں بے شمار پرکشش سیاحتی مقامات موجود ہیں۔ نہال ہاشمی نے کہا کہ دونوں ممالک کے فلم فیسٹیولز کا انعقاد ثقافتی اور معاشرتی روابط کے فروغ کا بہترین ذریعہ ہے

دہلی گورنمنٹ اسکول کی عمارت کا قبضہ اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے حوالے کرنے کا حکم

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے دہلی گورنمنٹ اسکول کی عمارت کا قبضہ اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے حوالے کرنے کا حتمی حکم دے دیا۔ عدالت نے اسکول کا قبضہ واگزار کرانے کی درخواست منظور کرتے ہوئے عدالتی فیصلے پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کردی۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل بیرسٹر اسد احمد نے مؤقف اختیار کیا کہ عدالتی ڈگری کے باوجود گزشتہ 25 سال سے فیصلے پر عملدرآمد نہیں ہوسکا۔ سرکاری وکیل نے طلبہ کو دوسرے اسکول منتقل کرنے اور عدالتی حکم پر عملدرآمد کیلئے مزید مہلت دینے کی استدعا کی۔

روہڑی کے معروف سنار و تاجر رہنما حاجی ندیم احمد شیخ کا مبینہ دھمکیوں پر تحفظ اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ

اگر کسی بھی فریق کی جانب سے قانون کی خلاف ورزی ثابت ہو تو ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) روہڑی کے معروف سنار، تاجر رہنما اور آل روہڑی تاجر برادر اتحاد کے صدر حاجی ندیم احمد شیخ نے ایک کاروباری معاملے کے باعث مبینہ طور پر دھمکیاں ملنے اور ہراساں کیے جانے کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ڈی آئی جی سکھر اور ایس ایس پی سکھر سے تحفظ اور معاملے کی غیر جانبدارانہ و شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے حاجی ندیم احمد شیخ نے بتایا کہ تقریباً 15 ماہ قبل ان کے ایک پرانے گاہک زبیر ولد ذوالفقار مہتم نے ان کی معرفت اپنی رضامندی سے تین تولہ چھ آنا سونا دیوان کے پاس گروی رکھوایا تھا، تاہم بعد ازاں اس معاملے پر فریقین کے درمیان اختلافات پیدا ہوگئے انہوں نے بتایا کہ معاملہ بعد ازاں ڈی آئی جی سکھر آفس تک بھی پہنچا، جہاں مبینہ انکوائری کے دوران فریقین کو باہمی رضامندی سے معاملہ حل کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ان کے مطابق زیورات کی مالیت اور ادائیگی کے حوالے سے فریقین کے درمیان تحریری معاہدہ بھی طے پایا جبکہ چیکس بھی جمع کروائے گئے، تاہم ان کے دعوے کے مطابق بعد میں متعلقہ فریق کی جانب سے طے شدہ شرائط پر مکمل طور پر عمل نہیں کیا گیا،

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
Mobile: 0336-6113760
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون وفیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
پیر 31 اگست 2026، بمطابق 17 ربیع الاول 1448ھ

اسرائیل کا پناہ گزین کیمپ پر حملہ 80 فلسطینی شہید، عمارتیں بھی تباہ

غزہ کے وسطی علاقے دیرالبلاح میں مسجد توبہ کے اردگرد بے گھر ہونے والے لوگوں کے خیموں پر بمباری کی گئی جب کہ شمالی غزہ میں بیت الاہیا کے علاقے پر اسرائیلی ٹینکوں کی شدید گولہ باری جاری ہے

آج ایران کے ایجنٹوں نے مجھے اور میری اہلیہ کو قتل کرنے کی کوشش کر کے بڑی غلطی کی ہے، یہ مجھے ملکی سلامتی کی جنگ جاری رکھنے سے نہیں روکے گی۔ نیتن یاہو

غزہ (این این آئی) شمالی اور وسطی غزہ کے مختلف مقامات پر اسرائیلی طیاروں، ٹینکوں اور ڈرون کے بدترین حملوں میں کم وبیش 80 فلسطینیوں کی شہادت اور درجنوں کے زخمی ہونے کی اطلاع ہے۔ فلسطینی میڈیا کے مطابق اسرائیلی حملوں میں شمالی اور وسطی غزہ میں خیموں میں مقیم بےگھر فلسطینیوں کو نشانہ بنایا گیا، شہید اور زخمی ہونے والوں میں بڑی تعداد خواتین اور بچوں کی ہے۔ رپورٹس کے مطابق غزہ کے وسطی علاقے دیرالبلاح میں مسجد توبہ کے اردگرد بے گھر ہونے والے لوگوں کے خیموں پر بمباری کی گئی جب کہ شمالی غزہ میں بیت الاہیا کے علاقے پر اسرائیلی ٹینکوں کی شدید گولہ باری جاری ہے۔ جنوبی غزہ کے محلے الصابرہ کی السلام مسجد کے قریب ایک گھر پر اسرائیلی طیاروں کی بمباری سے کئی افراد شہید اور زخمی ہوئے جب کہ طیاران جنکشن کے آس پاس دلول خاندان کے گھر پر اسرائیلی طیاروں نے بمباری کی ہے۔ وسطی غزہ میں الزوائدہ کے علاقے میں بے گھر افراد کے خیموں پر بمباری کی جس میں متعدد شہید اور زخمی ہیں۔ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے ایرانی ایجنٹوں کو اپنے گھر پر حملے کا ذمہ دار قرار دے دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایکس پر ایک پوسٹ میں اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا کہ آج ایران کے ایجنٹوں نے مجھے اور میری اہلیہ کو قتل کرنے کی کوشش کرکے بڑی غلطی کی ہے، یہ مجھے ملکی سلامتی کی جنگ جاری رکھنے سے نہیں روکے گی۔ نیتن یاہو نے کہا جو بھی اسرائیل اور اسکے شہریوں کو نقصان پہنچائے گا اسے اس کی بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ ہم آپ کے دہشت گردوں کا خاتمہ کرتے رہیں گے اور غزہ سے اپنے یرغمالی واپس لائیں گے۔ نیتن یاہو نے کہا کہ ہم شمال میں اپنے باشندوں کی واپسی ممکن بنائیں گے اور اپنی نسلوں کے لیے خطے میں سلامتی کو حقیقت میں بدل دیں گے۔ اسرائیل نے مقبوضہ فلسطین کی مزاحمتی تنظیم حماس کے سربراہ یحیی سنوار کی شہادت سے قبل مقابلے کی ویڈیو جاری کردی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ دنوں یحیی سنوار غزہ میں اسرائیلی فوج سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے، اسرائیلی فوج نے سنوار کی شہادت سے قبل کے مناظر بھی جاری کیے۔ ان مناظر میں دیکھا جاسکتا ہے کہ زخموں سے چور سنوار ایک گھر میں صوفے پر بیٹھے ہیں اور الٹے ہاتھ سے ڈرون پر چھڑی پھینکتے ہیں۔ اب اسرائیلی فوج کے ترجمان نے گھر کو ٹینک سے اڑانے سے قبل یحیی سنوار کی مقابلے کی ویڈیو جاری کی ہے۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ نقاب پوش کھڑکی میں کھڑا مقابلہ کررہا پھر گھر پر ٹینک کا گولہ لگتا ہے۔ یہ ویڈیو اسرائیلی فورسز کے ڈرون کیمروں سے بنائی گئی ہے۔ اسرائیلی فوج نے تصدیق کی ہے کہ جمعہ کو اس کے 2 فوجی شمالی غزہ کی پٹی میں لڑائی کے دوران ہلاک ہو گئے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق دونوں ہلاک فوجیوں کی شناخت اسٹاف سارجنٹ آفیر برکوچ اور سارجنٹ ایلیشائی یانگ کے طور پر کی گئی ہے۔ ان کی ہلاکتوں کے بعد غزہ میں حماس کے خلاف زمینی کارروائیوں اور سرحد کے ساتھ فوجی آپریشنز میں اسرائیل کے ہلاک فوجیوں کی تعداد 357 ہوگئی ہے۔ اسرائیلی فوج نے یہ بھی اعلان کیا کہ 188 ویں ٹینک بریگیڈ کے 53 ویں بٹالین کا ایک افسر آج جنوبی لبنان میں ایک دھماکا خیز ڈرون کے حملے میں شدید زخمی ہوا۔

عالمی منڈی میں نرخ گرنے کے بعد ملکی سطح پر بھی سونا سستا ہوگیا

بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 23 ڈالر کی کمی سے 2 ہزار 930 ڈالر کی سطح پر آ گئی

کراچی (این این آئی) عالمی مارکیٹ میں سونے کے نرخ کم ہونے کے ساتھ ساتھ ملکی سطح پر بھی قیمت ہوگئی۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 23 ڈالر کی کمی سے 2 ہزار 930 ڈالر کی سطح پر آنے سے مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی ۔۔۔ کو 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت 2 ہزار روپے کی کمی سے 3 لاکھ 7 ہزار روپے کی سطح پر آ گئی۔

عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا چیلنج ہے، جعفر مندوخیل

بلوچستان پورے ملک کی لائیو سٹاک کی ضروریات کو پورا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ موسیٰ خیل اور ژوب جیسے اضلاع میں مون سون کی بارشیں بھی وافر مقدار میں ہوتی ہیں

2050 تک پاکستان دنیا کا تیسرا بڑا آبادی والا ملک بن جائیگا، اس ضمن میں ہمیں اپنی خوراک کی موجودہ اور مستقبل کی قریب ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے دانشمندانہ منصوبہ بندی کرنی ہوگی، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے ایک مقامی ہوٹل میں زراعت پر مبنی مشاورتی سیشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زراعت اور لائیو اسٹاک کی اپنی وسیع صلاحیت رکھنے کے باوجود بلوچستان کا پورا ایگریکلچر سیکٹر جمود کا شکار ہے کیونکہ کیونکہ ہم زرعی تجارت پر مبنی ایک جامع حکمت عملی بنانے میں اب تک ناکام ہیں۔ ایک جانب ہمارے زمیندار جدید زرعی طریقوں سے نابلد ہیں تو دوسری طرف ہمارے زرعی ماہرین کی ان پٹ بھی ناکافی ہے۔ زرعی معیشت کے فروغ کے حوالے سے لسبیلہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین اور ان کی پوری ٹیم خراج تحسین کے مستحق ہیں. ان خیالات کا اظہار انہوں نے لسبیلہ یونیورسٹی کے زیر اہتمام زراعت پر مبنی تجارت کے فروغ کیلئے ایک مشاورتی سیشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا. مذکورہ سیشن میں لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اور میرین سائنسز (LUAWMS) کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین، بیوٹمز یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ، لورالائی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان کاکڑ، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی اور سابق وائس چانسلر ڈاکٹر دوست بلوچ سمیت مختلف اسٹیک ہولڈرز بشمول صنعتکار، پالیسی میکرز، ریسرچرز اور پریکٹیشنرز بھی شریک تھے. سیشن کے شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ 2050 تک پاکستان دنیا کا تیسرا بڑا آبادی والا ملک بن جائیگا. اس ضمن میں ہمیں اپنی خوراک کی موجودہ اور مستقبل قریب ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے دانشمندانہ منصوبہ بندی کرنی ہوگی بدقسمتی سے ہم آج بھی معیاری بیجوں کے حصول کیلئے دوسرے ممالک پر انحصار کر رہے ہیں۔ وقت کا تقاضا ہے

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفد ملاقات کر رہا ہے

میگا ٹورسٹ منصوبے کا آغاز، پنجاب نئی شان سے چمکے گا، مریم نواز

مریم نواز شریف کا شاندار پنجاب، میگا ٹورسٹ منصوبے کا آغاز، تہذیب و سیاحت کا عالمی مرکز بنانے کا عزم

پنجاب کے 170 تاریخی مقامات کو سیاحتی مرکز میں تبدیل کرنے کیلئے میپنگ مکمل، 101 گردوارے، 53 گرجا گھر بھی شامل

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے میگنی فیشنٹ پنجاب (شاندار پنجاب) میگا ٹورسٹ منصوبے کا آغاز کر دیا ہے جس کے تحت پنجاب کو تہذیب و سیاحت کا ریجنل اور انٹرنیشنل مرکز بنایا جائے گا۔ پنجاب کے 170 تاریخی مقامات کو عالمی معیار کے سیاحتی مراکز میں تبدیل کرنے کیلئے تمام تاریخی مقامات کی میپنگ مکمل کر لی گئی۔ فہرست میں 101 گردوارے اور 53 گرجا گھر بھی شامل ہیں۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی قیادت میں پانچ ماہ کی محنت سے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کو عملی شکل دی گئی۔ سینئر منسٹر مریم اورنگزیب کے تمام مجوزہ منصوبوں کی منظوری دی گئی ہے۔ پنجاب ٹورازم اینڈ ہیریٹیج اتھارٹی قائم کرنے کے فیصلے کی باضابطہ منظوری کے لئے سمری کابینہ کو بھجوا دی گئی ہے۔ تاریخ، ورثہ اور سیاحت سے متعلق تمام ادارے اتھارٹی کے ماتحت ہوں گے۔ منصوبے کی کامیابی یقینی بنانے کے لئے پہلی بار پنجاب ٹورازم اینڈ ہیریٹیج اتھارٹی ایکٹ 2024 بھی لاگو کر دیا گیا ہے۔ پنجاب کی پہلی جامع ٹورسٹ پالیسی بھی تیار کر لی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے تاریخی مقامات کی تین مراحل میں بحالی کا منصوبہ سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل کیا اور جولائی تک ٹینڈرنگ شروع کرنے کی ہدایت کی ہے۔ پہلا مرحلہ جون میں جبکہ دیگر تاریخی مقامات کی بحالی دوسرے اور تیسرے مرحلے میں مکمل ہوگی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے 16 سیاحتی منصوبوں کے پی سی ون کی فوری تیاری اور مری کی بانسرا گلی میں ٹورسٹ ویلیج اور پارکس تعمیر کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تاریخی شہر ٹیکسلا کو انٹرنیشنل ''ٹورسٹ سٹی'' بنانے کا اعلان کیا اور سوئٹزرلینڈ کی طرز پر چھانگا مانگا کو جدید تفریح گاہ بنانے کی منظوری دیدی۔ ٹیکسلا میوزیم کی اپ گریڈیشن، جدید ٹیکنالوجی سے ڈسپلے سینٹرز بنانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ ٹیکسلا میں بودھ مت کے پیروکاروں کی سہولت کے لئے عبادت گاہیں اور سدھارتا کے نام سے نئی گیلریز بھی تعمیر کی جائے گی۔

قائمقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان کی مختلف وفود سے ملاقاتیں

نوجوانوں کے کردار، آزادی صحافت اور تعلیمی تعاون پر تبادلہ خیال

اسلام آباد / کوئٹہ (این این آئی) قائمقام چیئرمین سینیٹ، سیدال خان نے اسلام آباد میں مختلف وفود سے ملاقاتیں کیں، جن میں صوبہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے سینئر صحافی، اور برطانیہ کی گلوچیسٹر یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران شامل تھے۔ ان ملاقاتوں میں ملک کی ترقی میں نوجوانوں کے کردار، صحافت کی آزادی اور بین الاقوامی تعلیمی تعاون کے فروغ جیسے اہم موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ قائمقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان کی صوبہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے سینئر صحافیوں کے وفد سے ملاقات کے دوران آزاد اور ذمہ دار صحافت کے فروغ پر زور دیا گیا۔ قائمقام چیئرمین سینیٹ نے صوبہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے سینئر صحافیوں کے وفد سے ملاقات میں قومی و بین الاقوامی معاملات، میڈیا کے کردار اور آزادی صحافت کی اہمیت پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور مثبت صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کے استحکام کی بنیاد ہے۔ "میڈیا ریاست کا چوتھا ستون ہے، جو نہ صرف عوام کو باخبر رکھتا ہے بلکہ جمہوری اقدار کے استحکام میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔" ملاقات کے دوران صحافیوں نے قومی امور پر مختلف سوالات کیے، جن کے تفصیلی جوابات دیے گئے۔ سیدال خان نے واضح کیا کہ حکومت میڈیا کی آزادی پر مکمل یقین رکھتی ہے

موجودہ دور میں عوام کی سوچ پر پہرے نہیں بٹھائے جاسکتے، نعیم الرحمن

حکمران کروڑوں نوجوانوں کو 570 ارب نہیں دے سکتے چند آئی پی پیز مالکان کو دو ہزار ارب دیدیئے'

عوام میں عدم تحفظ کا احساس بڑھ رہا ہے، حکمرانوں نے نوجوانوں کو تعلیم سے دور کیا، تعلیمی نظام طبقاتی اور استحصالی ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی عوام اور خصوصی طور پر نوجوانوں کی اجتماعی قوت سے وہ انقلاب برپا کرے گی جس میں وسائل پر چند لوگ قابض نہ ہوں۔ انھوں نے نوجوانوں کو تلقین کی کہ مایوس نہ ہوں بلکہ ناامیدی پھیلانے والوں کو مایوس کریں، جماعت اسلامی نے ایک پرامن مزاحمتی، سیاسی، قلم اور کتاب کی تحریک کا آغاز کر دیا ہے۔ بنو قابل کے ذریعے ملک کے طول و عرض میں دس لاکھ بچوں اور بچیوں کو فری آئی ٹی تربیت فراہم کر کے انھیں روزگار کے ذرائع فراہم کریں گے، آئی ٹی یونیورسٹی بنا کر تمام بڑے شہروں میں کیمپس قائم کیے جائیں گے۔ بنو قابل کا دائرہ کار گھریلو خواتین تک پھیلا کر انہیں بھی آئی ٹی کی تربیت فراہم کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ میں بنو قابل پروگرام کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ افتتاحی تقریب میں ہزاروں بچوں اور بچیوں نے ٹیسٹ دیا۔ کامیاب ہونے والوں کو کمپیوٹر اور آئی ٹی سے آگاہی کے مختلف کورسز مفت کرائے جائیں گے۔ سیکرٹری جنرل الخدمت فاونڈیشن سید وقاص انجم جعفری، امیر جماعت اسلامی وسطی پنجاب محمد جاوید قصوری، مرکزی سیکرٹری اطلاعات قیصر شریف، امیر ضلع مظہر اقبال رندھاوا، ریجنل صدر الخدمت خالد احمد شیخ، الخدمت فاؤنڈیشن کے دیگر ذمہ داران سمیت معروف سماجی شخصیات، انفلوئنسرز اور مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات نے شرکت کی۔ امیر جماعت حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ملک میں 20 کروڑ ایسے افراد ہیں جن کی عمریں 40 سال تک جب کہ 30 سال کی عمر کے 65 فیصد افراد ہیں، ہیومن کیپیٹل کو مثبت انداز میں استعمال کیا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ معیشت مضبوط نہ ہو اور ملک ترقی نہ کرے۔

کاشف سعید شیخ کا مقتول سنجے کمار کے بیٹے آریان کمار، سالے ساحل سمیت دیگر ورثاء سے اظہار افسوس

سندھ میں ڈاکو راج اور اغوا انڈسٹری کیخلاف مؤثر اقدامات کرے، بصورت دیگر حکمرانوں کا گھیراؤ کریں گے، امیر جماعت اسلامی سندھ

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی سندھ کے امیر کاشف سعید شیخ کہا ہے کہ ایک ہفتہ گزر جانے کے باوجود وسط شہر میں قتل اور زخمی ہونے والے ہندو نوجوانوں کے قاتلوں کو آج تک پولیس نے گرفتار نہیں کیا، سندھ حکومت نے بیان بازی سے آگے بڑھ کر لاڑکانہ سمیت اپر سندھ میں ڈاکو راج اور اغوا انڈسٹری کیخلاف اقدامات نہیں کیے تو عوام حکمرانوں کا گھیراؤ کریں گے۔ لاڑکانہ جو ایک پرامن شہر تھا آج اسے بھی یہاں کے منتخب نمائندوں اور سندھ پولیس نے اپنی نااہلی کی وجہ سے کشمور اور گھوٹکی کے کچے میں تبدیل کر دیا ہے۔ موٹر سائیکل چوری کے جھوٹے کیس میں جے ڈی رہنما اور سابق وفاقی وزیر غلام مرتضیٰ جتوئی تو گرفتار ہو سکتے ہیں، لیکن شہر کے اندر سرعام ڈاکے، اغوا اور قتل کرنے والے مجرم سندھ پولیس سے نہیں پکڑے جاتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاڑکانہ میں ایک ہفتہ قبل ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر زخمی ہونے کے بعد ایک روز قبل کراچی کے نجی اسپتال میں جاں بحق ہونے والے ہندو تاجر سنجے کمار کے بیٹے آریان کمار اور سالے ساحل سمیت دیگر لواحقین کے ساتھ دکھ اور افسوس کا اظہار اور موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ جماعت اسلامی سندھ کے امیر نے مزید کہا کہ واقعے کو ایک ہفتہ گزر جانے کے باوجود مقتول سنجے کمار کے قاتل گرفتار نہ ہو سکے

پاکستان کا پہلا لونر روور چین چینج ای 8 مشن کے تحت 2028 میں بھیجا جانا بڑا اعزاز ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان کا پہلا چاند روور مشن 2028 میں روانہ ہوگا جو کہ ایک بڑا اعزاز ہے خلا کی دریافت کی جانب ایک تاریخی قدم کے طور پر پاکستان کا پہلا لونر روور چین چینج ای 8 مشن کے تحت 2028 میں خلا میں بھیجا جائے گا. چاند صدیوں سے انسانیت کیلئے تجسس کا باعث رہا ہے اور خلائی دریافت کیلئے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ قیمتی وسائل رکھتا ہے، جیسا کہ پانی کی برف اور نایاب معدنیات جو مستقبل کے خلائی مشنز میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔

بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کی جانب سے ملکی وغیرملکی سرمایہ کاری لانے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہیں، بلال خان کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز (ایف پی سی سی آئی) کے دفتر کا دورہ کیا اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر علاؤالدین مری اور ایف پی سی سی آئی کے چیئرمین ایڈوائزری کمیٹی میاں زاہد حسین سے ملاقات کی۔ اس موقع پر بلوچستان میں کاروباری اور سرمایہ کاری کے مواقع پر بات چیت کی گئی، بلال خان کاکڑ نے کہا کہ ہمارا مقصد ہے کہ کاروباری حضرات اور سرمایہ کاروں کیلئے ابتدائی رکاوٹوں کو دور کر کے کاروباری سرگرمیوں میں آسانی پیدا کی جائے

پانی کے شعبے میں صوبہ پنجاب کو بڑا اعزاز حاصل

پنجاب پانی کے شعبے میں کاربن کریڈٹ حاصل کرنے والا پہلا صوبہ بن گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب پانی کے شعبے میں کاربن کریڈٹ حاصل کرنے والا پہلا صوبہ بن گیا جس کے تحت پنجاب صاف پانی کمپنی کو واٹر فلٹریشن منصوبے کے ذریعے کاربن کے اخراج میں کمی لانے پر سالانہ 40 کروڑ روپے کے فنڈز ملیں گے۔ پنجاب صاف پانی اتھارٹی نے صوبے بھر میں ایک ہزار سے زائد واٹر فلٹریشن پلانٹس نصب کیے ہیں، جس سے نہ صرف فضائی آلودگی میں کمی آئے گی بلکہ کاربن کے اخراج میں بھی نمایاں کمی واقع ہوگی۔ اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سید زاہد عزیز کے مطابق، عالمی سطح پر اقوام متحدہ کے زیر اہتمام کاربن کے اخراج میں کمی پر کریڈٹ دیا جاتا ہے اور ترقی یافتہ ممالک جو اپنے اخراج کو محدود رکھنے کے پابند ہیں، ان کے فنڈز ایسے منصوبوں کو فراہم کیے جاتے ہیں جو کاربن میں کمی لاتے ہیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ پاکستان کا کاربن اخراج عالمی سطح پر کم ہے، لیکن آلودگی سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے، جس کے پیش نظر حکومت نے کاربن کے اخراج میں کمی کے لیے مختلف اقدامات کیے ہیں۔ واٹر فلٹریشن پلانٹس کے قیام کے بعد ان کے ذریعے کاربن میں کمی کی تصدیق کے لیے کوریا اور جرمنی کے ماہرین نے اس منصوبے کا تفصیلی جائزہ لیا، مختلف افراد کے انٹرویوز کیے اور پنجاب صاف پانی اتھارٹی کے دعووں کی تصدیق کی۔

کوئٹہ، سمنگلی روڈ پر ایک شخص بارش سے بچنے کیلئے شاپر ڈال رہا ہے

حکومت نوجوانوں کے بہتر مستقبل کیلئے اہم اقدامات کر رہی ہے' رانا مشہود احمد خان

وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت ڈیڑھ لاکھ لیپ ٹاپ نوجوانوں کو انٹرسٹ فری چار سال کی قسطوں پر دیئے جائیں گے

لاہور (این این آئی) وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ حکومت نوجوانوں کے بہتر مستقبل کے لیے اہم اقدامات کر رہی ہے، ہم نوجوانوں کو کہہ رہے ہیں کہ لیپ ٹاپ لو اور اپنی زندگی بناؤ، انہوں نے اعلان کیا کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت ڈیڑھ لاکھ لیپ ٹاپ نوجوانوں کو انٹرسٹ فری چار سال کی قسطوں پر دیئے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز ایوان اقبال لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ حکومت پہلی مرتبہ کامن ویلتھ یوتھ الائنس کا سیکرٹریٹ حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی ہے اور وزیراعظم یوتھ پروگرام اب 56 ممالک تک پھیل چکا ہے۔ حکومت نوجوانوں کو عالمی سطح پر مواقع فراہم کرنے کے لیے چھ سے ساڑھے چھ لاکھ پاکستانی نوجوانوں کو بیرون ملک ملازمتیں دلوانے میں کامیاب ہوئی ہے، یونیورسٹیوں کے لیے بحال شدہ گرانٹس اور تعلیمی مواقع فراہم کر رہے ہیں جبکہ سابق حکومت نے یونیورسٹیوں کی گرانٹس اور اسکالرشپس بند کر دی تھیں، جس سے تعلیمی اداروں کو مشکلات کا سامنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے یہ تمام اسکالرشپس بحال کر دی ہیں اور تعلیمی بجٹ میں نمایاں اضافہ کیا جا رہا ہے، اگلے مالی سال کے بجٹ میں واضح تعلیمی بجٹ نظر آئے گا

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات، زرعی ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں، گورنر پنجاب

زراعت، دفاع اور تجارت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے سے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی نئی راہیں کھلیں گی

پاکستان کی ٹیکسٹائل، سپورٹس مصنوعات اور سرجیکل آلات اعلی معیار کے، ہماری کی انڈسٹری اگلے چند سالوں میں بہت بہتر پوزیشن میں آ جائیگی

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس میں پاکستان میں ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اولو اور لاہور میں برطانوی ہائی کمیشن کے سربراہ بین وارنگٹن نے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ترکیہ کے سفیر نے صدر طیب اردگان کے پرتپاک استقبال پر صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا۔ لاہور میں ترکیہ کے قونصل جنرل درمش باشتو بھی موجود تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں ترکیہ کے صدر طیب اردگان کا کامیاب دورہ پاکستان دوستی کی لازوال مثال ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان نہ صرف حکومتی سطح پر بلکہ عوام کے درمیان بھی محبت کا گہرا رشتہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک ہر مشکل وقت میں ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہوئے ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ ترکی کی زرعی ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زراعت، دفاع اور تجارت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے سے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی نئی راہیں کھلیں گی۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ غزہ میں ہمارے مسلمان بہنوں بھائیوں اور بچوں پر ظلم کو روکنے کے لیے پوری اسلامی دنیا کو اکٹھے کھڑے ہونے کی ضرورت ہے۔ ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اولو نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان مضبوط مذہبی و ثقافتی تعلقات ہیں۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان سیاحت، انجینئرنگ، تعلیم، کھیل اور تجارت میں دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ دریں اثناء، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے برطانوی ہائی کمیشن کے سربراہ بین وارنگٹن نے ملاقات کی۔

بلدیاتی اداروں کے ذریعے صوبے کی تعمیر وترقی ممکن ہے، نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری

بلدیاتی نمائندوں پر عوام نے اعتماد کا اظہار کیا ہے وہ اپنے حلقوں میں بھرپور انداز میں عوامی خدمت کریں

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا ہے کہ عوام کی خدمت کے لئے ہمارے دروازے شب و روز کھلے ہیں، بلدیاتی اداروں کے ذریعے صوبے کی تعمیر و ترقی ممکن ہے، بلدیاتی نمائندوں پر عوام نے اعتماد کا اظہار کیا ہے وہ اپنے حلقوں میں بھرپور انداز میں عوامی خدمت کریں تاکہ بنیادی مسائل عوام کی دہلیز پر حل ہوسکیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ شب کوئٹہ میں سیاسی وقبائلی، بلدیاتی نمائندوں کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت بابا غلام رسول عمرانی، ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری، میر فیصل رحیم زہری، میر محمد عالم جتک، میر دشتی خان جتک، تیمور عدنان، میر شاہد زہری، عدیل قمبرانی، میر محمد اقبال ساسولی، محی الدین زہری سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

کوئٹہ، صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بارش ہونے کے دوران خوبصورت منظر

مصطفیٰ عامر قتل کیس، ڈی این اے رپورٹ آنے کے بعد گتھیاں سلجھنے کی راہ ہموار ہوگی

لاش بہت زیادہ جلی ہوئی ہے جس کی وجہ سے موت کا تعین نہیں ہو سکے گا، پولیس سرجن سمیعہ سید

کراچی (این این آئی) مصطفیٰ عامر قتل کیس میں نیا موڑ آ گیا۔ ڈی این اے رپورٹ آنے کے بعد گتھیاں مزید سلجھنے کی راہ ہموار ہوگی۔ کیس کی اب تک ہونے والی تفتیش، ملزمان کے بیانات واعترافات اور پولیس کو ملنے والے شبوتوں کے باوجود تاحال یہ ہی ثابت نہیں ہوسکا کہ گاڑی سے جلی ہوئی ملنے والی لاش مقتول مصطفیٰ عامر ہی کی ہے یا کسی اور کی؟۔ کیس کے سلسلے میں جوڈیشل مجسٹریٹ نے ایدھی حکام کو خط لکھا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ نمونے (سیمپل) لیے جانے کے بعد مصطفیٰ عامر کی لاش کو ایدھی حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے

اسٹیٹ بینک نے مشرق بینک پاکستان لمیٹڈ کو ڈیجیٹل ریٹیل بینک کا پائلٹ لائسنس دے دیا

کراچی (این این آئی) گورنر بینک دولت پاکستان نے مشرق بینک پاکستان لمیٹڈ (ایم بی پی ایل) کو آزمائشی سرگرمیوں کے لیے پہلا محدود لائسنس جاری کر دیا۔ یہ لائسنس مشرق بینک پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ اور سینئر انتظامیہ کے ساتھ خصوصی اجلاس دیا گیا۔ اس موقع پر اسٹیٹ بینک کے ڈپٹی گورنر اور سینئر افسران بھی موجود تھے۔

کاروبار و تجارت کے فروغ کے لئے نت نئے طریقوں کے استعمال اور جدت لانا ناگزیر ہو چکا ہے، فضل مقیم خان

معاشرتی ترقی میں سائنس اور ٹیکنالوجی (AI) کا کلیدی کردار ہے جس کو کسی صورت بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، صدر سرحد چیمبر

پشاور (این این آئی) سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فضل مقیم خان نے کہا ہے کہ انڈسٹریز اکیڈیمیہ کے درمیان رابطوں کو مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا تیزی سے گلوبل ویلیج میں تبدیل ہو چکی ہے جہاں پر سائنس اور ٹیکنالوجی کی اہمیت بہت زیادہ بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروبار و تجارت کے فروغ کے لئے نت نئے طریقوں کے استعمال اور جدت لانا ناگزیر ہو چکا ہے۔ سرحد چیمبر کے صدر فضل مقیم خان نے مزید کہا کہ معاشرتی ترقی میں سائنس اور ٹیکنالوجی (AI) کا کلیدی کردار ہے جس کو کسی صورت بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور ڈائریکٹریٹ جنرل آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی حکومت خیبر پختونخوا کے باہمی اشتراک خیبر پختونخوا کی سائنس ٹیکنالوجی اور انوویشن کے بارے میں حکمت عملی کے آگاہی / تعارفی سیشن چیمبر ہاؤس میں منعقدہ سیشن سے خطاب کر رہے تھے۔

مادری زبانوں کا عالمی دن منایا گیا، پاکستان میں 80 کے قریب زبانیں بولی جاتی ہیں

لاہور (این این آئی) مادری زبانوں کا 25 واں سالانہ بین الاقوامی دن گزشتہ روز منایا گیا، دنیا بھر میں 8 ہزار سے زائد زبانیں تسلیم شدہ جبکہ پاکستان میں تعداد 80 کے قریب ہے جن میں سے بیشتر ختم ہونے کے خطرات سے دوچار ہیں۔ یہ عالمی دن منانے کا مقصد یہی پیغام دینا ہے

پی آئی اے نے برطانیہ کے فلائٹ آپریشن کی تیاری تیز کردی

انتظامات مکمل، گراؤنڈ ہینڈلنگ، کریو ہوٹلز کے ٹینڈرز جاری

کراچی (این این آئی) پی آئی اے نے برطانوی پروازوں کی تیاریاں تیز کر دیں، برطانوی محکمہ ٹرانسپورٹ کے اجلاس میں قومی ایئر لائنز کو اجازت نامہ ملنے کی متوقع ہے۔ برطانوی محکمہ ٹرانسپورٹ کے سیفٹی ریورو بورڈ کا اجلاس 15 مارچ کو متوقع ہے، آئندہ اجلاس میں پاکستانی ایئر لائنز کو اجازت نامہ ملنے کی توقع ہے۔ پی آئی اے پہلے مرحلے میں اسلام آباد سے براہ راست مانچسٹر پرواز چلانے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے، دوسرے مرحلے میں اسلام آباد اور لاہور سے لندن، برمنگھم شروع کرے گی۔ انتظامیہ نے برطانوی فلائٹ آپریشن کے انتظامات مکمل کر لیے ہیں،

جمی انجینئر کا کام بہت اعلیٰ ہے اسے عام لوگوں تک پہنچنا چاہیے، صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ

جب تک زندہ ہوں پاکستان کا مثبت چہرہ دنیا کے سامنے لاؤں گا، مصور جمی انجینئر و دیگر کا خطاب

کراچی (این این آئی) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کی جانب سے عالمی شہرت یافتہ مصور جمی انجینئر کے فن پاروں پر مبنی نمائش کا انعقاد احمد پرویز آرٹ گیلری، احمد شاہ بلڈنگ میں کیا گیا، جس کا افتتاح مہمانِ خصوصی صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ نے کیا، مصور جمی انجینئر، سیکرٹری آرٹس کونسل اعجاز احمد فاروقی سمیت فنون لطیفہ سے وابستہ افراد کی بڑی تعداد نے نمائش میں شرکت کی۔ نمائش میں مصور جمی انجینئر کی 70 نایاب پینٹنگز نمائش میں رکھی گئی ہیں، نمائش 27 فروری 2025ء تک احمد پرویز آرٹ گیلری، آرٹس کونسل کراچی میں جاری رہے گی۔ اس موقع پر مہمانِ خصوصی صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ جمی انجینئر ہمارے ملک کے مشہور آرٹسٹ ہیں ان کی دوبارہ نمائش کا افتتاح کرنا میرے لیے اعزاز کی بات ہے



ملتان، وزیر مملکت عبدالرحمان کانجو وزیراعظم یوتھ لیپ ٹاپ سکیم کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ملک میں ہفتہ وار مہنگائی 4.7، سالانہ بنیاد پر شرح 2.22 فیصد ہوگئی

14 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 12 اشیاء سستی، 25 مصنوعات کی قیمتیں مستحکم رہیں

تیل کی قیمتوں کا حکومت نے نوٹس لے لیا، مسابقتی کمیشن کے ذریعے گھی، کوکنگ آئل انڈسٹری میں کارٹل کی تحقیقات کرائے جانے کا امکان

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح بڑھ کر 4.07 فیصد ہوگئی جس کی بنیادی وجہ گیس اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ ہے، سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 2.22 فیصد ہوگئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق 24 جولائی کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران 14 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا جبکہ 12 اشیاء سستی اور 25 مصنوعات کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پہلی سہ ماہی کے لیے گیس چارجز میں 590 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو کا اضافہ ہوا ہے، اور یہ ایک ہزار 976 روپے 50 پیسے سے بڑھ کر 2 ہزار 566 روپے 50 پیسے فی ایم ایم بی ٹی یو ہوگئے۔ ادارہ شماریات کے مطابق پہلی سہ ماہی کے لیے بجلی چارجز میں ایک روپے فی یونٹ کا اضافہ ہوا، جو 4 روپے 66 پیسے سے بڑھ کر 5 روپے 66 پیسے فی یونٹ ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق حالیہ ہفتے ٹماٹر 22.93 فیصد، انڈے 3.96 فیصد مہنگے ہوئے، جبکہ لہسن، بیف، دودھ، دہی، سگریٹس، انرجی سیور کی قیمتوں میں بھی معمولی اضافہ ہوا۔ اسی طرح چکن 7.95 اور چینی کی قیمتوں میں 4.25 فیصد کی کمی ہوئی جبکہ پیاز، کیلے، آلو، آٹا، دالیں، ایل پی جی کے نرخوں میں بھی تنزلی ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ملک میں مہنگائی کی مجموعی سالانہ شرح 2.22 فیصد ہوگئی۔ ملک میں خوردنی تیل اور گھی پر عوام سے فی کلو 175 روپے تک اضافی وصولی کا انکشاف ہوا ہے، وفاقی حکومت نے معاملے کا نوٹس لے لیا، مسابقتی کمیشن کے ذریعے گھی اور کوکنگ آئل انڈسٹری میں کارٹل کی تحقیقات شروع کرائے جانے کا امکان ہے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ عالمی مارکیٹ میں کوکنگ آئل کی قیمتوں میں 25 فیصد تک کمی ہوئی، عالمی مارکیٹ میں کوکنگ آئل اور گھی کی قیمتوں میں 25 فیصد تک کمی کے باوجود پاکستان میں اضافہ ہوا۔ ذرائع کے مطابق عالمی مارکیٹ میں قیمتوں میں کمی کے باوجود پاکستانی عوام سے 150 سے 175 روپے فی کلو اضافی وصول کیے جا رہے ہیں۔ اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں مقامی مارکیٹ میں کوکنگ آئل اور گھی کی قیمتوں میں اضافے پر غور جاری ہے،

صوبائی ورکنگ پارٹی اجلاس میں ترقیاتی سکیموں کیلئے 8 ارب 18 کروڑ روپے منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2024-25 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے 66 ویں اجلاس میں لوکل گورنمنٹ اور ہیلتھ کیئر سیکٹرز کی 2 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 8 ارب 18 کروڑ روپے کے فنڈز کی منظوری دی گئی۔

چین کی فضائی حدود میں فلپائنی طیاروں کی غیر قانونی طور پر دراندازی

چینی پیپلز لبریشن آرمی نے فلپائنی طیاروں کو خبردار کرتے ہوئے بھگا دیا

بیجنگ (این این آئی) سدرن تھیٹر آف آپریشنز کے ترجمان ایئر فورس کے سینئر کرنل تیان جون نے بتایا کہ فلپائن کے تین طیاروں نے غیر قانونی طور پر چین کے نانشا جزائر اور چٹانوں کے قریب فضائی حدود میں دراندازی کی۔ چینی پیپلز لبریشن آرمی کے سدرن تھیٹر نے اس سارے عمل کو کنٹرول کر کے انہیں خبردار کیا اور وہاں سے بھگایا۔ حالیہ دنوں، فلپائن کی جانب سے حقائق کو نظر انداز کرتے ہوئے چین کی جائز اور قانونی حقوق کے تحفظ کی سرگرمیوں کو بار بار بڑھا چڑھا کر کے بدنام کیا گیا۔

مریدکے، ٹریفک حادثات میں تین بچوں دو خواتین سمیت بارہ افراد شدید زخمی

مریدکے (این این آئی) مریدکے جی ٹی روڈ پر ٹریفک کے تین حادثات میں تین بچوں دو خواتین سمیت بارہ افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں ٹی ایچ کیو ہسپتال مریدکے منتقل کر دیا گیا۔

لاہور علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر نئے ٹرمینل کی تعمیر تیزی سے جاری

ٹرمینل بلڈنگ مکمل ہونے سے ایک کروڑ بیس لاکھ سے زائد مسافر باسانی سفر کرسکیں گے

لاہور (این این آئی) لاہور کے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر نئے ٹرمینل کی تعمیر تیزی سے جاری ہے جس کے بننے سے اندرون اور بیرون ملک جانے والوں کو مزید سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ سول ایوی ایشن اتھارٹی کے پروجیکٹ ڈائریکٹر توقیر اقبال کے مطابق ستمبر 2026 میں یہ پروجیکٹ مکمل ہوجائے گا جس کے بعد امیگریشن ڈیپارچر کاؤنٹر کی تعداد 10 سے بڑھ کر 64 ہو جائے گی جبکہ سیکورٹی چیک 4 سے بڑھ کر 8 ہو جائیں گے اور چیکنگ کاؤنٹر 25 سے بڑھ کر 67 ہو جائیں گے جبکہ امیگریشن ارائیول کاؤنٹر 18 سے بڑھ کر 80 ہو جائیں گے۔ کسٹم انسپکشن اور دیگر اداروں کی سیکورٹی چیک 12 سے بڑھا کر 24 ہو جائے گی جبکہ پسینجر کے بورڈنگ برج 4 سے بڑھا کر 6 کر دیئے گئے ہیں اور بیگیج کلیم کے لیے کنویر بیلٹ کی تعداد 2 سے بھی 6 ہو جائے

کوئٹہ، پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے صوبائی صدر ڈاکٹر امجد اسلام امجد پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ بولان — Daily BOLAN HUB Balochistan — حب بلوچستان
موبائل حب : 0336-6113760
فون حب : 0853-310202
فیکس حب : 0853-310202
موبائل کوئٹہ : 0300-8380280
موبائل اسلام آباد : 0309-7900035
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

نیند کیوں آتی ہے

انسانی جسم اور خاص کر اس کا دماغ اللہ کی صناعی کا ایک محیر العقول نمونہ ہے۔ انسانی جسم اگر فطرت کے تقاضوں کے مطابق ڈھل جائے تو صحت مند و ہشاش بشاش اور اگر فطرت کے قوانین کی مسلسل خلاف ورزی کرنے پر اتر آئے تو اپنے اور معاشرے کے لیے مشکلات کا موجب بنتا ہے۔

جسم کے لیے نیند اور بیداری دونوں لازم و ملزوم ہیں، نیند ایک قدرتی جسمانی عمل ہے جو ہمارے جسم اور دماغ کی تجدید اور بحالی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ نیند نہ صرف ہماری جسمانی صحت کے لیے ضروری ہے بلکہ ذہنی، جذباتی اور نفسیاتی صحت کے لیے بھی بہت اہمیت کی حامل ہے۔ ہر انسان اپنی زندگی کا کوئی ایک تہائی نیند میں گزارتا ہے۔ نیند کے دوران جسم میں مختلف ہارمونز عمل پذیر ہوتے ہیں، جن سے نشوونما اور مدافعتی نظام کی مضبوطی عمل میں آتی ہے۔ نیند کے دوران خلیات کو دوبارہ بننے، ٹوٹے خلیات کو جڑنے اور جسم میں موجود زہریلے مادے خارج کرنے کا وقت ملتا ہے۔

نیند کی کمی سے دل کی بیماریاں، ذیابیطس اور موٹاپے جیسی بیماریاں لاحق ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ اچھی نیند دماغ کو تر و تازہ کرتی ہے اور یادداشت کو بڑھاتی ہے۔ نیند کے دوران دماغ حاصل کردہ معلومات یعنی ڈیٹا کو پراسس کرتا ہے جس سے سیکھنے کی صلاحیت میں بہتری آتی ہے لیکن نیند کی کمی سے الجھن، فیصلہ سازی میں مشکلات اور توجہ میں کمی کا سامنا ہوسکتا ہے۔ اچھی اور مکمل نیند ہمارے موڈ کو مستحکم رکھتی ہے۔ اگر نیند پوری نہ ہو تو چڑچڑاپن، ڈپریشن اور بے چینی جیسی علامات پیدا ہوسکتی ہیں۔ اچھی نیند سے ہم دن بھر خوش و خرم رہتے ہیں اور مختلف حالات، واقعات، جذبات اور مشکلات کو بہتر طور پر ہینڈل کرسکتے ہیں۔

نیند کے دوران جسم میں خودکار مدافعتی نظام کو مضبوط بنانے والے ہارمونز خارج ہوتے ہیں جو بیماریوں کے خلاف مزاحمت کو بڑھاتے ہیں۔ جسم کے اس مدافعتی نظام کی بدولت ہی ہم اپنی صحت کو بحال رکھ پاتے ہیں۔ مدافعتی نظام کے کمزور ہونے سے جسم بیماریوں کی آماجگاہ بن جاتا ہے اور کوالٹی آف لائف بہت متاثر ہوتی ہے۔ اچھی نیند اور مضبوط مدافعتی نظام دونوں ایک دوسرے کا سہارا ہیں۔ نیند کی وجہ سے جسم اور دماغ کو آرام ملتا ہے جس سے اگلے دن کی کارکردگی بہتر ہو جاتی ہے۔ ایک بھرپور نیند سے ہماری تخلیقی صلاحیت میں کئی گنا اضافہ ہوتا ہے لیکن اگر نیند پوری کرنی مشکل ہو یا کچھ دن سونے کا موقع ہی نہ ملے تو اعضا مضمحل ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور تھکن کا احساس ہوتا ہے۔

نیند کی سائنس کو عام طور پر نیورو سائنس اور سائیکالوجی کی فیلڈ میں پڑھا جاتا ہے جس سے ہم یہ جاننے کے قابل ہوتے ہیں کہ ہم کیوں سوتے ہیں اور کیسے یہ ہمارے جسم و دماغ کو متاثر کرتی ہے۔ نیند کی سائنس سے ہم یہ معلوم کرتے ہیں کہ نیند کا دورانیہ کتنا ہوتا ہے، اس کی کتنی stages ہوتی ہیں، اس کے دوران دماغ کیا کرتا ہے، کون سے ہارمونز کا اخراج ہوتا ہے اور جسمانی صحت پر اس کا کیا اثر پڑتا ہے۔ نیند کی سائنس نے ہمیں اطلاع دی ہے کہ اس کے دوران نیوروپلاسٹے سٹی Neuroplasticity ہوتی ہے۔ دماغ میں جو تبدیلیاں ہوتی ہیں وہ دو مواقع پر انجام پذیر ہوتی ہیں۔ نیوروپلاسٹے سٹی کا بڑا ذریعہ نیند ہی ہے لیکن جاگتے ہوئے بھی اگر ہم اپنے منتشر خیالات سے جان چھڑا لیں اور اپنے دماغ کی صلاحیتوں کو یکجا کرکے اپنے آپ کو فوکس کرلیں تب بھی نیوروپلاسٹے سٹی وقوع پذیر ہوسکتی ہے، یعنی جب ہم دل و دماغ کو الائن کرلیں تو بھی جسم صحت مند ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

نیند کی چار Stages ہوتی ہیں۔ پہلی اسٹیج این 1 یا Non REM کہلاتی ہے REM سے Rapid Eye Movement یعنی تیز تیز پلکیں جھپکانا ہے۔ یہ پہلی اسٹیج وہ ہوتی ہے جس میں ہم REM سے پہلے نیند کی طرف بڑھ رہے ہوتے ہیں۔ این 2 کی اسٹیج پر ہم نیند کی دہلیز پر پہنچ چکے ہوتے ہیں اور بہت ہلکی سی نیند طاری ہو جاتی ہے۔ این 3 وہ اسٹیج ہے جب ہم ہلکی نیند سے گزر کر گہری نیند کی آغوش میں پہنچ چکے ہوتے ہیں۔ چوتھی اسٹیج پر ہم REM سے نکل کر نیم بیداری کی حالت میں آجاتے ہیں۔ نیوروپلاسٹے سٹی اکثر گہری نیند میں ہی ہوتی ہے۔ اس حالت میں یادداشت Memory پختہ ہوتی ہے اور یادداشت مختلف مقامات پر اسٹور ہو رہی ہوتی ہے۔ REM میں بھی کسی حد تک یادداشت بڑھ رہی ہوتی ہے۔ اس میں جذباتی اور سوشل ایسوسی ایشن پیدا ہو رہی ہوتی ہے جس میں جسم کے Muscles ریلیکس کر رہے ہوتے ہیں۔ Muscles جوں ہی ریلیکس ہوتے ہیں تو جسم اپنے آپ کو خودکار نظام کے تحت Repair کرنے پر تیار ہو جاتا ہے۔

زرعی ٹیکس

کبھی کبھی یوں لگتا ہے کہ ہم کسی ایسی زمین پر بستے ہیں جہاں صرف طاقتور کو جینے کا حق حاصل ہے۔ جہاں قانون کی تلوار صرف کمزور کے گرد گھومتی ہے اور مراعات کا سورج صرف طاقتوروں پر چمکتا ہے۔ آج کسانوں کے حقوق، زرعی ٹیکس اور معاشی نابرابری کے تناظر میں جو بحث چل رہی ہے، اس میں ہمیں بہت کچھ کہنے اور سننے کی ضرورت ہے۔

سندھ چیمبر آف ایگریکلچر کی جانب سے 45 فیصد زرعی انکم ٹیکس کے خلاف احتجاج عدالت جانے کا اعلان اور گندم کی کاشت کے بائیکاٹ کی اپیل نے ملک بھر میں کسانوں کے غم و غصے کو ایک نیا رخ دیا ہے۔ بظاہر یہ ردِعمل چھوٹے کسانوں کی نمائندگی کا دعویٰ کرتا ہے، لیکن ہمیں یہ سوال ضرور اٹھانا ہوگا کہ آیا واقعی یہ ٹیکس چھوٹے کسانوں پر نافذ ہو رہا ہے یا پھر اس شور کے پیچھے وہ بڑے زمیندار اور کارپوریٹ فارمرز ہیں جو دہائیوں سے ٹیکس سے مستثنیٰ چلے آرہے ہیں؟

یہ بات ایک تاریخی سچائی ہے کہ پاکستان میں زراعت پر براہ راست آمدنی کا ٹیکس کبھی سنجیدگی سے لاگو ہی نہیں ہوا۔ زمینوں پر قبضہ رکھنے والے جاگیردار جو اکثر پارلیمنٹ میں بیٹھے ہوتے ہیں، خود اپنے لیے قوانین بناتے اور پھر ان ہی قوانین سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ زرعی آمدن پر ٹیکس کی تجویز کوئی نئی بات نہیں۔ آئی ایم ایف تو گزشتہ کئی دہائیوں سے پاکستان کو یہ مشورہ دیتا آرہا ہے کہ زرعی شعبے بالخصوص بڑے زمینداروں اور کارپوریٹ فارموں پر ٹیکس لگایا جائے تاکہ ٹیکس نیٹ وسیع ہو اور آمدنی کی مساوی تقسیم ممکن بنائی جاسکے۔ لیکن ہمارے ہاں معاملہ الٹا ہے۔ جب بھی زرعی ٹیکس کی بات ہوتی ہے، ایک ایسا بیانیہ کھڑا کردیا جاتا ہے کہ جیسے ہر کسان بھوکا، مقروض اور لاچار ہے اور اس پر ٹیکس لگانا ایک ظلم ہوگا۔ جی ہاں! بہت سے کسان واقعی مقروض اور استحصال کا شکار ہیں لیکن وہ کسان ایک یا دو ایکڑ زمین پر کھیتی کرنے والے وہ مزدور کسان ہیں، جن کے پاس نہ جدید ٹریکٹر ہے نہ ہی منڈی تک رسائی اور نہ ہی حکومت کی سبسڈی۔ یہ چھوٹے کسان اس نظام کے سب سے مظلوم کردار ہیں۔ ان کے نام پر تحریکیں چلائی جاتی ہیں، ان کے دکھوں پر بیانات دیے جاتے ہیں مگر جب سبسڈی قرض معافی یا مراعات کی تقسیم ہوتی ہے تو ان میں سے بیشتر کا حصہ انھی جاگیرداروں اور طاقتور زمینداروں کو ملتا ہے جو نہ صرف زرعی زمینوں کے مالک ہیں بلکہ سیاسی اقتدار کے مرکز میں بھی بیٹھے ہوتے ہیں۔

ہمیں یہ بات صاف الفاظ میں کہنی ہوگی کہ زرعی آمدنی پر ٹیکس کا نفاذ اصولی طور پر غلط نہیں۔ غلط یہ ہے کہ ایک عام تنخواہ دار شخص جو مہینے کے آخر میں بجلی کا بل دیکھ کر کانپ اٹھتا ہے وہ تو انکم ٹیکس بھی دیتا ہے سیلز ٹیکس بھی پٹرول پر لگے ہوئے ٹیکس بھی مگر وہ فرد جو ہزاروں ایکڑ زمین سے کروڑوں کی آمدن حاصل کرتا ہے اس پر کوئی انکم ٹیکس نہ ہو؟ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ ایک اسکول ٹیچر، ایک نرس، ایک کلرک، ایک مزدور تو ٹیکس دے اور ایک ایسا شخص جو صرف اپنے مزارعوں سے زمین جتوا کر کروڑوں کماتا ہے وہ ٹیکس سے آزاد رہے؟

زرعی انکم ٹیکس کے نفاذ کو اگر چھوٹے کسانوں کے لیے خطرہ بنا دیا جائے تو یہ بدنیتی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ واضح پالیسی دے پانچ ایکڑ سے کم زمین رکھنے والے کسان اس ٹیکس سے مستثنیٰ ہوں۔ ان کو سبسڈی دی جائے، ان کے لیے بجلی، بیج کھاد اور پانی سستے کیے جائیں، لیکن جو بڑے زمیندار ہیں جو زمین سے دولت کما رہے ہیں جن کے فارم ہاسز میں آسائشات کی بھرمار ہے، ان کو اس ٹیکس کے دائرے میں لایا جائے۔

آج سندھ، پنجاب اور بلوچستان میں لاکھوں ایکڑ زمین صرف چند ہاتھوں میں مرتکز ہے۔ زمین کا یہ ارتکاز ہی ہمارے دیہی سماج میں استحصال، غربت اور پسماندگی کی بنیادی وجہ ہے، آپ اگر غور کریں تو پتا چلے گا کہ بیشتر دیہی مسائل جیسے کہ تعلیم کی کمی، صحت کی سہولیات کا فقدان یا پانی تک رسائی ان سب کے پیچھے یہی جاگیردارانہ ڈھانچہ کھڑا ہے جو اپنی زمین پر ایک اسکول بھی بننے نہیں دیتا تاکہ اس کے مزارعے ہمیشہ ناخواندہ رہیں۔ اس پس منظر میں کسانوں کی جانب سے گندم کی کاشت کا بائیکاٹ ایک سنجیدہ مسئلہ بن سکتا ہے، مگر سوال یہ ہے کہ کیا یہ فیصلہ واقعی کسانوں کا اجتماعی فیصلہ ہے یا پھر یہ چند بااثر افراد کی حکمت عملی ہے جو ٹیکس سے بچنے کے لیے عوامی ردِعمل کا لبادہ اوڑھ کر سڑکوں پر آگئے ہیں؟ زرعی شعبے میں اصلاحات کی اشد ضرورت ہے۔ ہمیں زمین کی حد بندی کرنی ہوگی۔ بڑے زمینداروں کی زمینوں پر حد مقرر کی جائے، جس کے پاس دس ہزار ایکڑ زمین ہے، اس سے یہ تو پوچھا جائے کہ اس زمین پر کس مزدور کی محنت سے فصل اگتی ہے؟ ان مزدوروں کو کیا تنخواہ دی جاتی ہے؟ کیا انھیں سوشل سیکیورٹی حاصل ہے؟

اتنا ظالم ہے کہ مظلوم نظر آتا ہے

تحریر: وسعت اللہ خان

کسی بھی نظریاتی و عسکری حریف کو محض پچھاڑنے کی خواہش سے کچھ نہیں ہوتا اگر آپ کو حریف کی حکمتِ عملی اور اس کے پیچھے کارفرما ذہن کا ادراک نہ ہو۔

حالیہ ایران اسرائیل جنگ، غزہ کے المیے، لبنان اور شام میں مداخلت، اسرائیل مخالف بڑھتے عالمی جذبات اور مغربی حکومتوں کی منافقانہ پالیسی کی فضا میں خود اسرائیلی تجزیہ کار اور اسٹیبلشمنٹ کے گرگانِ باراں دیدہ اپنی ریاست کے عزائم کو کس سمت جاتا دیکھ رہے ہیں۔ یہ سمجھنا بھی بہت اہم ہے۔

ڈیوڈ وینبرگ یروشلم میں قائم مسگاف انسٹیٹیوٹ برائے صیہونی حکمتِ عملی و قومی سلامتی سے وابستہ ہیں اور اٹھائیس برس سے اخباری مضامین بھی لکھ رہے ہیں۔ ان کے خیالات پڑھ کے اسرائیل کے موجودہ و آیندہ عزائم کی تصویر نہ صرف صاف صاف دیکھی جاسکتی ہے بلکہ اس شعر کا مفہوم بھی سمجھ میں آسکتا ہے کہ،

سب کا حق لے کے بھی محروم نظر آتا ہے
اتنا ظالم ہے کہ مظلوم نظر آتا ہے

ڈیوڈ وینبرگ فرماتے ہیں،

مغرب نے لگ بھگ چار دہائی پہلے اسرائیل کو مقبوضہ علاقوں سے دستبرداری اور درپیش خطرات کا عسکری جواب دینے کے بجائے تحمل اور سفارت کاری برتنے کا جو مطالباتی نسخہ اوسلو امن معاہدے کے نام پر اسرائیل کے حلق سے اتارنے کی کوشش کی۔ اس کا اثر مغربی کنارے اور غزہ کی طرف سے دہشت گرد حملوں، شام اور لبنان میں اسرائیل دشمنوں کی پناہ گاہوں اور ایران کے جوہری بم منصوبے کی شکل میں سب کے سامنے ہے۔

چنانچہ گزشتہ پونے دو برس سے اسرائیل نے سفارت کاری اور فوجی طاقت کے استعمال میں توازن کی نئی حکمتِ عملی اپنالی ہے اور دور و نزدیک کے خطرات سے نمٹنے کے لیے وہی طریقہ اختیار کیا ہے جو سپر پاورز برتتی ہیں۔ یعنی حسبِ ضرورت خان یونس سے اصفہان تک بھرپور اور اچانک فیصلہ کن کارروائیاں جاری رکھی جائیں۔

اسرائیل تلخ تاریخی تجربات کے سبب قائل ہو چکا ہے کہ اس کے ہمسائے کسی مصالحت پسند اسرائیل کے بجائے کسی ایسی طاقتور ریاست کے ساتھ ہی پرامن رہ سکتے ہیں جس سے وہ بھلے تعلقات بہتر نہ بھی رکھیں مگر اس کی طاقت سے خوف ضرور کھائیں۔

اسرائیل کو گذرے برسوں میں یہ کڑوا احساس بھی ہوا کہ خاموشی کے جس عرصے کو مغربی ممالک نے امن کا دور سمجھ کے دھوکا کھایا۔ اسی عرصے کو اسرائیل کے دشمنوں نے خود کو مضبوط بنانے میں صرف کیا۔ مگر اب اسرائیل بظاہر امن کے سراب سے دھوکا کھانے کے بجائے ہر اس ممکنہ خطرے کا سر اٹھاتے ہی قلع قمع کرنے کو تیار ہے جو آگے چل کے تن آور درخت بننے کی صلاحیت رکھتا ہو اور پھر اسے جڑ سے اکھاڑنا مشکل تر ہو جائے۔

اسرائیلی قیادت کو اچھے سے سمجھ ہے کہ مشرقِ وسطی میں اسرائیل دشمن قوتیں بظاہر امن، تحمل اور سفارت کاری کا جو بھی راگ الاپیں۔ اندر سے وہ اسرائیل کے وجود کے درپے ہیں۔ لہذا شام میں سابق القاعدہ جنگجو احمد الشرع کی نئی حکومت اپنی بے ضرر اداؤں سے مغربی دنیا کو بھلے کتنا ہی لبھانے کی کوشش کرے مگر ماضی کی روشنی میں اسرائیل جانتا ہے کہ اگر یہ حکومت مستحکم ہوگئی تو آگے چل کے ہمارے لیے کتنا بڑا دردِ سر بن سکتی ہے۔

چنانچہ اسرائیل اس وقت اپنے دفاع کے لیے شام کے معاملات میں جو بھی حکمتِ عملی لاگو کرنا چاہے اس میں حق بجانب ہے۔ اسرائیل یہ بھی جانتا ہے کہ حزب اللہ کو قابو میں رکھنا کسی بھی لبنانی حکومت کے بس سے باہر ہے۔ ایسے میں اسرائیل جنوبی لبنان میں اپنی عسکری و علاقائی سلامتی ذمے داریوں سے کیوں غافل رہے اور کیوں نہ ہر وہ قدم اٹھائے جو اس کی موجودہ اور آیندہ سلامتی کے لیے بہتر ہو۔

اسرائیل اب اس پالیسی پر کاربند رہنا افورڈ نہیں کرسکتا کہ وہ تحمل سے بیس تیس برس بیٹھ کر حزب اللہ اور حماس کے منصوبوں کے بارے میں معلومات اکٹھی کرتا رہے اور پھر اپنے دفاع کے لیے ان کے حملوں کا انتظار کرے اور پھر امریکی ثالثی سے امید لگائے یا اقوامِ متحدہ کی امن کوششوں اور اپیلوں پر تکیہ کرتا رہے یا پھر یہ خیال رکھے کہ شام کا اتحاد برقرار رکھنے کی خاطر وہاں کی دروز اقلیت کی مدد کرکے اور شامی حدود میں بفر زون قائم کرکے اپنی شمالی سرحد مستحکم نہ کرے۔

انیس سو چورانوے میں جوڈیا سماریا (مغربی کنارے) پر قائم فلسطینی اتھارٹی سے بھی یہی امید تھی کہ وہ ایک دن اس قابل ہو جائے کہ اپنی جانب سے اسرائیل کو لاحق دہشت گردی کو لگام دے سکے۔ مگر یہ امید برنہ آنے کے سبب اسرائیلی فوج کو بادلِ نخواستہ جنین، تلکرم اور نابلس میں داخل ہوکر دہشت گردی کے ٹھکانوں (فلسطینی پناہ گزین کیمپ) کو صاف کرنا پڑ رہا ہے۔

امریکا اور یورپی یونین نے فلسطینی اتھارٹی کو شفاف، جمہوری، متحرک اور مستحکم حکومت میں بدلنے کے لیے گزشتہ تیس برس میں کیا نہیں کیا۔ مگر اربوں ڈالر اور یوروز کی امداد بھی مطلوبہ نتائج پیدا نہ کرسکی۔ الٹا اقربا پروری اور کرپشن بڑھتی چلی گئی اور مارے جانے والے دہشت گردوں کے خاندانوں کو مالی مدد دے کر ان کی مزید حوصلہ افزائی کی گئی۔

اس پورے عرصے میں اتھارٹی نے ایک بھی نیا اسپتال کھڑا نہیں کیا۔ کسی ایک پناہ گزین کو کہیں آباد نہیں کیا۔ بس ایک نیا سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ بن سکا۔ امریکا نے فلسطینی اتھارٹی کی سیکیورٹی فورسز کی تربیت پر ایک ارب ڈالر سے زائد خرچ کیے۔ اس مشن میں جزوی کامیابی ضرور ہوئی مگر یہ سیکیورٹی فورسز دہشت گردوں کا ساتھ اور پناہ دیتی رہیں۔ اسرائیلی قید میں جو دہشت گرد ہیں ان میں سے بارہ فیصد کا تعلق انھی سیکیورٹی فورسز سے ہے۔ اس پورے عرصے میں فلسطینی اتھارٹی نے کسی بھی بین الاقوامی فورم پر اسرائیل کو نشانے پر رکھنے کا کوئی موقع نہیں گنوایا۔

پھر بھی فرانس اور سعودی عرب جیسے ممالک اس دھوکے میں ہیں کہ ایک خودمختار فلسطینی ریاست کا نسخہ ہی اسرائیلی سیکیورٹی کو لاحق امراض کا تریاق ہے۔ فرانس نے تو اگلے چند روز میں غیر موجود فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا ٹھوس عندیہ بھی دے دیا ہے۔

اسرائیل اپنے جنوبی علاقے کو غزہ سے ہونے والے دہشت گرد حملوں سے محفوظ رکھنا چاہتا ہے۔ یرغمالیوں کی رہائی کی شرط اگر یہ ہے کہ حماس کے مکمل قلع قمع سے پہلے مستقل جنگ بندی ہو جائے اور پھر اس جنگ بندی سے حاصل وقفے میں حماس پہلے کی طرح کھڑی ہو جائے تو یہ حالت اسرائیل اب کسی طور قبول نہیں کرسکتا۔ غزہ کی تعمیرِ نو اسے مکمل غیر عسکری علاقہ بنائے بغیر ممکن نہیں۔ غزہ میں کسی متبادل ٹیکنوکریٹ گورننس کا ڈھانچہ بھی امن کی ضمانت بننے کے بجائے حماس کا نیا مکھوٹا ثابت ہوگا۔

اسرائیل کو غزہ میں استحکام برقرار رکھنے کے لیے اب مصر سمیت کسی عرب ریاست اور اقوامِ متحدہ کے امن دستوں کی کارکردگی پر بھی اعتبار نہیں۔ بلکہ مصر نے تو ہمیشہ غزہ میں اسلحے کی اسمگلنگ سے نگاہیں چرائیں۔

کل کلاں یورپ اور امریکا ایران سے کوئی جوہری سمجھوتہ کر بھی لیں تو اسرائیل اس سمجھوتے کو دوسروں کی عینک سے دیکھنے کے بجائے اپنے تحفظ کے نظریے سے دیکھے گا اور اس بابت کسی بھی وقت ہر مناسب کارروائی کا حق محفوظ رکھے گا۔

اسرائیل بطور علاقائی طاقت اپنی عسکری بالادستی پر سمجھوتہ نہیں کرسکتا۔

ہمایوں نامہ

تحریر: اصغر عبداللہ

پروفیسر خالد ہمایوں ان دنوں اپنی آپ بیتی قلمبند کر رہے ہیں۔ اگرچہ وہ گزشتہ کئی برسوں سے کہہ رہے ہیں کہ وہ اسے جلد سے جلد مکمل کرنا چاہتے ہیں، مگر چونکہ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی ان کی دفتری اور گھریلو ذمے داریوں میں کمی نہیں ہوئی، لہذا جو تاخیر ہے، وہ قابل فہم ہے۔

آپ بیتیاں لوگ لکھتے رہتے ہیں، مگر خالد ہمایوں کی آپ بیتی کی اہمیت یہ ہے کہ ان کی تمام عمر سیاسی، معاشرتی اور معاشی مسائل کا تجزیہ کرتے، اور اس تناظر میں مودودی صاحب کے فلسفہ و فکر اور جماعت اسلامی کے لائحہ عمل پر پیہم غور و فکر کرتے گزری ہے، اور ان کا خیال ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ وہ اپنے اس طویل غور و فکر کا نتیجہ حوالہ تاریخ کر دیں۔

خالد ہمایوں کا تعلق پاکستان کی اس پہلی نسل سے ہے، جس نے شعور کی آنکھ کھولی، تو ملک پر آمریت کا راج تھا۔ ان کا بچپن گوجرانوالا کے محلّہ بجتے والا میں گزرا۔ ان کی عمر دس برس تھی، جب ان کے والد محمد اسماعیل کشمیری گوجرانوالا سے نقل مکانی کرکے گجرات آباد ہوگئے؛ مگر اس سے پہلے کہ نئے شہر میں اپنا کاروبار جمانے اور چمکانے میں کامیاب ہوتے، راہی ملک عدم ہوگئے۔ اس طرح لڑکپن کا وہ سہانا دور جو موج مستی کرنے کا ہوتا ہے، خالد ہمایوں کے لیے یہ کڑی دھوپ کا سفر تھا۔ آٹھویں تک گھر کے پاس ہی کھیتوں میں واقع ایک اسکول میں پڑھتے رہے۔

پڑھائی میں ان کی لگن دیکھ کر ماموں نے ان کو شہر کے پبلک ہائی اسکول میں داخل کرا دیا۔ یہاں سے میٹرک کرنے کے بعد سرسید کالج سے بی اے کیا۔ پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے سیاسیات اور قائداعظم یونیورسٹی سے ایم اے تاریخ کر چکے، تو معلوم ہوا کہ پنجاب یونیورسٹی ہی میں ان کو لیکچرر شپ مل سکتی ہے، بشرطیکہ ایم اے پنجابی ہوں۔ چنانچہ ایم اے پنجابی بھی کرلیا، اور ستمبر 1982 میں اورینٹل کالج میں لیکچرر ہوگئے۔

خالد ہمایوں سے میری راہ و رسم اسی زمانے میں پیدا ہوئی۔ وہ گجرات اپنے گھر آئے ہوئے تھے۔ ان کے دوست مشتاق فاروقی بھی اتفاق سے ان دنوں شہر میں تھے، جو میرے اسکول ٹیچر سہیل انور سید کے بے تکلف دوست اور جماعت اسلامی کے کارکن تھے۔ ایک روز خالد ہمایوں سر راہ مل گئے، تو مشتاق فاروقی اور میں ان کے گھر پہنچ گئے، جو جامع مسجد کالری دروازہ کے پہلو میں ایک گلی کے اندر تھا۔ گھر مقفل تھا۔

خالد ہمایوں نے جیب سے چابی نکالی اور تالا کھولا۔ اندر داخل ہوئے تو معلوم ہوا کہ اب اس گھر میں صرف ان کی کتابیں ہی سکونت پذیر ہیں۔ مجھے یاد ہے کہ کتابوں کے اسی ڈھیر میں سے، انھوں نے ایک محبت سو افسانے کا مجموعہ اٹھایا، اور میری طرف بڑھا دیا۔ کافی عرصہ تک یہ مجموعہ میرے پاس محفوظ رہا لیکن آج میرے پاس نہیں۔ یوں، اشفاق احمد اور خالد ہمایوں سے میرا ایک ساتھ ہی تعارف ہوا۔

ان چند ملاقاتوں کے دس برس بعد، خالد ہمایوں سے لاہور میں ایک ہفت روزہ کے دفتر میں پھر ملنا ہوا، جہاں وہ ڈائجسٹ کی مجلس ادارت کے سینئر بلکہ واحد رکن تھے۔

اس کے بعد ان سے رابطہ کبھی منقطع نہیں ہوا۔ سچ تو یہ ہے کہ لاہور آ کے یہ انھی کی مشفقانہ رفاقت ہے، جس کی بدولت علم و مطالعہ کا شوق و ذوق کبھی ماند نہیں پڑا، بلکہ کتابوں کے انتخاب، حصول اور ان کی حفاظت کا قرینہ بھی انھی سے سیکھا ہے۔ ان کا ذاتی کتب خانہ آج بھی نادر و نایاب کتب سے بھرا ہوا ہے، حالانکہ اس ذخیرہ میں سے ہزاروں کتابیں یو ایم ٹی یونیورسٹی اور میر ٹرسٹ گجرات کو منتقل کر چکے ہیں۔ یہ جو صاحبان علم کی مدح میں کہا جاتا ہے کہ علم ہی ان کا اوڑھنا بچھونا ہوتا ہے یہ محاورہ خالد ہمایوں کا کمرہ دیکھیں، تو لغوی اور معنوی دونوں اعتبار سے، ان پر صادق آتا ہے۔ علم و مطالعہ اور کتب خانہ سے ان کے عشق کی بھی ایک کہانی ہے۔

خالد ہمایوں ابھی دوسری جماعت میں تھے، جب گوجرانوالا میں گھر کے قریب مسجد میں مولانا عبدالرحمان جامی کی دلگداز تقریروں نے ان کو اس قدر متاثر کیا کہ آج تک ان کے سحر سے باہر نہیں نکل پائے۔ ایک بار جامی صاحب کو ان کے کتب خانہ میں، مسند پر دراز، چاروں طرف سے کتابوں میں گھرے ہوئے، دنیا و مافیہا سے بے نیاز، مطالعے میں محو پایا، تو یہ منظر خالد ہمایوں کے دل میں اس طرح کھب گیا کہ ان کی آیندہ زندگی اسی کا منظر نامہ بن گئی۔ وہ گوجرانوالا اور گجرات کے مذہبی مناظروں سے اکتا چکے تھے، جب مودودی صاحب کے متوازن، عام فہم اور مدلل دینی لٹریچر کی طرف مائل ہوئے، اور جماعت کے اجتماعات میں جانا شروع ہوگئے۔ کالج دور میں اس کے شعبہ اطلاعات کی مرکزی کانفرنس میں گجرات جماعت کی نمائندگی بھی کی۔ پنجاب یونیورسٹی میں دوران تعلیم جمعیت سے وابستہ رہے، بلکہ ہوسٹل نمبر 7 کے ناظم تھے۔ اچھرہ میں مودودی صاحب کی رہائش گاہ پر ان کی روزانہ مجلسوں سے بھی مستفید ہوتے رہے۔

اورینٹل کالج میں تقرر کے بعد ابتدائی طور پر تنظیم اساتذہ پاکستان میں بھی فعال رہے۔ لیکن یہی وہ دور ہے، جب وہ سوشلسٹ دانشور آفتاب مفتی ایڈووکیٹ کی علمی و فکری محفلوں میں شرکت کے لیے خاص طور پر لاہور سے گجرات آتے تھے۔ بقول ان کے، یہ مفتی صاحب ہی کا فیضان نظر تھا کہ انھوں نے مودودی صاحب کے فلسفہ و فکر کو پہلی بار تنقیدی کسوٹی پر پرکھنا شروع کیا، اور ان پر جماعت کے سماجی و معاشی نظریات کا کھوکھلا پن آشکار ہوا۔ یوں، خالد ہمایوں کا وہ فکری سفر، جو عبدالرحمان جامی کے مسحور کن خطاب جمعہ کی سماعت سے شروع ہوتا ہے، عنایت اللہ گجراتی اور محمود شاہ گجراتی کے جنگجویانہ مناظروں سے ہوتا ہوا، مودودی صاحب و جماعت اسلامی کی فکری وادیوں سے گزرتا ہوا، اپنے پیر و مرشد آفتاب مفتی ایڈووکیٹ کے فلسفہ و فکر پر، ان کے آستانہ عالیہ پر لنگر انداز ہو جاتا ہے۔

خالد ہمایوں کے اس ذہنی سفر کا خلاصہ یہ ہے کہ مودودی صاحب چونکہ بوجوہ جدید دور کے سیاسی، معاشرتی، خاص طور پر معاشی تقاضوں کو پوری طرح سمجھ ہی نہیں سکے، لہذا ان کی اسلام کی تعبیر و تشریح بھی روح عصر سے خالی اور سطحی ہے، اور یہی ان کی فکری وارث جماعت کا المیہ اور ناکامی کی سب سے بڑی وجہ ہے۔ اس سوچ کا اظہار اس خط سے بھی ہوتا ہے، جو انھوں نے حافظ نعیم الرحمان کو نیا امیر جماعت منتخب ہونے پر ارسال کیا تھا: حافظ صاحب، شاید آپ نے پڑھا ہو، مولانا مودودی نے سیاسی کشمکش، حصہ سوم میں لکھا تھا

صرف جمہوریت

تحریر: ہمدان عبداللہ

ہم جس وطن عزیز کو پاکستان کہتے ہیں، وہ ایک نظریے، ایک عہد اور ایک خواب کی صورت میں تعبیر ہوا۔ اس خواب کی تعبیر کو جو الفاظ عطا ہوئے وہ اسلامی جمہوریہ پاکستان ہیں۔ ان تین الفاظ میں ہماری قومی شناخت، نظریاتی بنیاد اور سیاسی منزل سموئی ہوئی ہے۔

قیامِ پاکستان کا مقصد محض جغرافیائی آزادی نہیں تھا بلکہ ایک ایسی ریاست کا قیام تھا جو اسلامی اقدار کی روشنی میں جمہوری اصولوں کے تحت عوام کی فلاح و بہبود کو یقینی بنائے۔ جمہوریت وہ نظام ہے جو عوام کو بااختیار بناتا ہے مگر بدقسمتی سے ہمارے ہاں جمہوریت ہمیشہ آزمائشوں کا شکار رہی۔ سوال یہ نہیں کہ حکومت کس سیاسی پارٹی کی ہو بلکہ اصل بات یہ ہے کہ حکومت سیاسی اور جمہوری ہو۔ جب بھی عدالت آئین کی بالادستی کی بات کرتی ہے یا پارلیمان آئینی حدود میں رہ کر اپنا حق مانگتی ہے تو فوراً اس پر جانبداری یا سیاسی وابستگی کا الزام لگا دیا جاتا ہے۔ حالانکہ اداروں کی خودمختاری اور آئین کی حکمرانی ہی کسی بھی مہذب ریاست کی بنیاد ہوا کرتی ہے۔ اگر ہم ہر آئینی قدم کو سیاسی چال سمجھنے لگیں تو پھر ریاست کا وجود انتشار اور بے یقینی کی نذر ہو جائے گا۔

جمہوریت کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں اصلاح کی گنجائش ہوتی ہے۔ اگر کوئی حکومت ناکام ہو جائے تو اسے رخصت کیا جاسکتا ہے لیکن آمریت کا راستہ جب کھلتا ہے تو وہ نہ سوال کا موقع دیتی ہے نہ جواب کی گنجائش۔ پاکستان کی تاریخ اس تلخ حقیقت سے بھری پڑی ہے کہ جب بھی جمہوریت کو سبوتاژ کیا گیا، ملک کو سیاسی، سماجی اور معاشی سطح پر ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا۔ ایوب خان، ضیاالحق اور پرویز مشرف کی آمریتوں نے قوم کو جو زخم دیے وہ آج بھی نہیں بھرے۔ آج بھی بعض مفاداتی حلقے جمہوریت کو ناکام قرار دے کر آمریت کی گود میں پناہ لینے کی بات کرتے ہیں لیکن وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ جن شخصیات پر وہ تنقید کرتے ہیں چاہے وہ نواز شریف ہوں، شہید بینظیر بھٹو یا آصف زرداری ہوں، ان سب نے آمریت کے خلاف جدوجہد کی۔ ان کی سیاسی غلطیاں اپنی جگہ مگر ان کی جمہوریت سے وابستگی اور آمریت مخالفت ان کی سب سے بڑی سیاسی پہچان ہے۔ ہمیں جیسی بھی جمہوریت ملی اسی سے توانائی حاصل کرنے کی کوشش کی گئی۔ ہماری آج کی جمہوری حکومت بھی ایک آئیڈیل جمہوری حکومت نہیں لیکن بہرحال جمہوری ہے۔

نوابزادہ نصر اللہ خان جیسے جمہوریت کے گرو کہا کرتے تھے اگر کوئی الیکشن خراب ہو جائے تو اس کا علاج مزید الیکشن ہیں نہ کہ مارشل لا یا غیر آئینی حکومت جمہوریت ہی وہ نظام ہے جس میں مسلسل انتخابی عمل سے قیادت نکھرتی ہے اور قوم اجتماعی شعور کی منازل طے کرتی ہے۔ بھارت کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ وہاں بھی بہت سے مسائل ہیں مگر چونکہ جمہوریت کا تسلسل موجود ہے اس لیے وہ دنیا کی بڑی معیشتوں میں شمار ہوتا ہے۔ ان کے ہاں کبھی فوجی مداخلت کی نوبت نہیں آئی کیونکہ ان کے ہاں جمہوریت کو محض سیاسی نظام نہیں

کیا پنشنز خزانے پر بوجھ ہیں؟

اتوار 26 ( ) کے اخبار کی سرخی بہت خوب ہے۔ ارکان پارلیمنٹ کی تنخواہوں میں 200 فی صد اضافہ 5 لاکھ 19 ہزار مقرر کرنے کی منظوری۔

بہت خوب قومی اسمبلی کی فنانس کمیٹی نے اضافے کی منظوری متفقہ طور پر دے دی۔ ایم این ایز، سینیٹرز کو وفاقی سیکریٹریوں کے مساوی سہولیات بھی حاصل ہوں گی۔ ارکان اسمبلی کی موجودہ تنخواہ ایک لاکھ 88 ہزار سے بڑھا کر 5 لاکھ 19 ہزار کردی گئی ہے۔ وفاقی سیکریٹریز کے برابر الانسز اور مراعات بھی حاصل ہوں گی۔ اضافے کی تجویز پی ٹی آئی کے 67 ارکان، پی پی، ن (لیگ اور دیگر جماعتوں نے بھی کی۔

اس موقع پر مجھے ایک کہاوت یاد آ رہی ہے اشرفیاں بٹیں، کوئلوں پہ مہر تمام جماعتوں کے ارکان اسمبلی نے بھلا کیوں اضافے کی فرمائش کی، جو فوراً ہی پوری ہوگئی، ان کا کیا جاتا ہے کون سی ان کے ابا جان کی تجوری سے جا رہا ہے۔ قومی خزانہ ہے خوب لوٹو۔ وزیراعظم اور فنانس کمیٹی نے جو منٹوں میں بل پاس کر دیا، تو یہ ان خفیہ ہاتھوں کا کمال ہے جن کے ہاتھ میں خزانے کی کنجیاں اور کٹھ پتلیوں کی ڈوریں ہوتی ہیں۔ ایک ڈوری سفید محل والے کے پاس ہے جس کے ایک بیان کی مار ہے پاکستان۔

بانی پی ٹی آئی کو جب منصوبے کے تحت لایا جا رہا تھا تو بڑے لوگوں کے علاوہ عام پبلک بھی خوش تھی کہ ن (لیگ اور پی پی مسلسل See Saw کا گیم کھیل رہی ہے، اب کسی تیسرے کو لایا جائے، میدان سج گئے، بہت کچھ گڑبڑ گھوٹالا ہونے کے بعد جب موصوف کو سہارا دے کر وزارت عظمیٰ کی کرسی پر بٹھایا گیا تو ہمیں بھی تھوڑی بہت خوشی ہوئی لیکن غبارے میں سے جلد ہوا نکل گئی، وہ تو شادیاں کرنے آئے تھے، جلد ہی ان کا بخار اترنے لگا، پھر ہوا یوں کہ موصوف نے آتے ہی سارا نزلہ ریٹائرڈ لوگوں پر نکال دیا، وہ جو کہتے ہیں ناں کہ نزلہ ہمیشہ عضو ضعیف پہ گرتا ہے تو اس کہاوت کو انھوں نے زندہ کردیا۔ ٹی وی ٹاک شوز میں صرف پنشنرز کو قومی خزانے پر بوجھ بنا دیا گیا اور دن رات نہ صرف ٹی وی شوز بلکہ اخبارات اور سوشل میڈیا بھی کمر کس کے پی ٹی آئی حکومت کے ہم نوا بن گئے۔ دھڑا دھڑ بیانات جاری ہو رہے ہیں کہ پنشنرز کی پنشن بند کرو، یہ قومی خزانے پر بہت بڑا بوجھ ہیں، تب میں نے پنشنرز کو اور ان کے گھر والوں کو دھاڑیں مار مار کر روتے دیکھا ہے کہ ہمارا گھر کیسے چلے گا؟ پاکستان کے لاکھوں پنشنرز سینہ پیٹ رہے تھے اور بددعائیں دے رہے تھے۔ میری پسندیدگی بھی خاک میں مل گئی۔

لیکن مجھے ایسا لگتا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو پنشنرز کی بددعائیں لگی ہیں۔ بددعا ایک بھی کافی ہوتی ہے۔ بانی پی ٹی آئی سے پہلے کبھی کسی حکمران نے پنشنرز کی بددعائیں نہیں لیں۔ خواہ وہ فوجی ہوں یا سویلین۔ سچ تو یہ ہے کہ فوجی حکمرانوں نے کبھی پنشنرز کی پنشن بند کرنے کی بات نہیں کی بلکہ انھوں نے ہر سال بجٹ میں سویلین سے زیادہ اضافہ کیا۔ بانی پی ٹی آئی کو تو سویلین وزیراعظم کا تاج پہنا کر کرسی نشین کیا گیا، لیکن انھوں نے آتے ہی ریٹائرڈ ملازمین کی پیٹھ میں چھرا گھونپا اور اس بات کو اتنا پھیلایا کہ اگر پنشنرز کی پنشن بند نہ کی گئی تو ملک ڈوب جائے گا۔ خدانخواستہ ختم ہو جائے گا۔

اب یہ ارکان اسمبلی کی تنخواہوں میں 200 فی صد اضافہ قومی خزانے پہ بوجھ نہیں ہے۔ پی ٹی آئی کے اراکین اسمبلی اس بل کو پاس کرانے میں پیش پیش ہیں۔ موصوف نے بہانہ آئی ایم ایف کا کیا، ارے جناب! آئی ایم ایف والوں کو ہماری معیشت کا کیا پتا، انھیں کیا معلوم کہ ایک ریٹائرڈ ملازم کی پنشن پہ پورا گھر چلتا ہے۔ اب اسی آئی ایم ایف کو ارکان پارلیمنٹ کی یہ عیاشیاں نظر نہیں آ رہیں۔ آئی ایم ایف نے کیسے یک جنبش قلم 200 فی صد کی اجازت دے دی ساتھ ہی الانس اور مراعات بھی۔

بانی پی ٹی آئی جو پنشن بند کرنے کا شوشہ چھوڑ کر گئے تھے اس کی آواز گاہے گاہے اب بھی سنی جاتی ہے۔ موجودہ حکومت نے پہلے 20 سال کی پنشن کا شوشہ چھوڑا۔ فیملی پنشن بند کردی گئی، اگر کوئی 80 سال کے بعد زندہ رہتا ہے تو وہ کہاں سے کھائے گا، کیا 80 سال کی عمر میں کوئی کہیں ملازمت کرسکتا ہے، کون دے گا اس عمر میں ملازمت؟ اگر کسی پنشنرز کے گھر میں معذور بچے ہیں تو فیملی پنشن بند کرنے پر وہ کیا کریں گے؟

وزیراعظم صاحب! یہ جو آپ کے اراکین ہیں، ان سب کا پیٹ بھرا ہے۔ یہ 200 فی صد اضافہ بھی ان کے لیے اونٹ کے منہ میں زیرہ ہو جائے گا، دراصل آپ کی حکومت ان اراکین پارلیمنٹ سے بلیک میل ہوتی رہتی ہے، کیونکہ اگر آپ نے ان کے مطالبات نہ مانے تو یہ اپنے اپنے علاقے کے ووٹ کسی اور پارٹی کو دلوا دیں گے، اسی سے آپ ڈرتے ہیں۔ بے چارے پنشنرز آپ کا کیا بگاڑ لیں گے۔ نواز شریف نے بھی اپنے دور میں پنشنرز کو نہیں چھیڑا بلکہ ان کی پنشن میں خاطر خواہ اضافہ بھی کیا۔

مجھ سے اگر کوئی پوچھے کہ جمہوریت اور فوجی حکومتوں میں سے آپ کسے ترجیح دیں گے؟ تو میرا جواب سیدھا سیدھا فوجی حکومت کے لیے ہوگا، لیکن اس طرح نہیں کہ:

خوب پردہ ہے کہ چلمن سے لگے بیٹھے ہیں
صاف چھپتے بھی نہیں سامنے آتے بھی نہیں

جس ملک میں جاگیرداروں اور زمینداروں کا معاشرہ ہو، وہاں نام نہاد جمہوریت کا کیا کام؟ ہاریوں کو حکم دے دینا کہ دیکھو اس نشان پہ ٹھپہ لگانا ہے۔ بے چارے ان پڑھ عوام کو کیا پتا کہ جمہوریت کس شے کا نام ہے۔ حکمرانوں کو جمہوریت کی ٹوپی کون سے خفیہ ہاتھ پہناتے ہیں۔

بانی پی ٹی آئی پر جب فرد جرم عائد ہوئی، ایک دن ان کی بیگم کسی سے ساڑھے چار سو کنال زمین، ان کی سہیلی ڈھائی سو کنال زمین اور پھر 28 کروڑ کیش کے علاوہ ہیرے جواہرات کی انگوٹھیاں اور بے شمار تحائف اپنا حق سمجھ کر لیے۔ بانی پی ٹی آئی نے اپنی بیوی کو کیوں ایک غیر مرد سے تحائف لینے کی اجازت دی، پھر ان کی سہیلی فرح گوگی کے اسکینڈل؟ کیا بانی پی ٹی آئی نے بائیس سال اسی لیے جدوجہد کی تھی کہ مال بنائیں؟ تب ن (لیگ اور پی پی میں کیا فرق رہ گیا، لیکن ن (لیگ اور پی پی نے کبھی سرکاری ملازمین کو پریشان نہیں کیا، بلکہ پنشن میں ہر سال اضافہ ہی کیا، چاہے وہ اونٹ کے منہ میں زیرہ ہی کیوں نہ ہو۔

لیکن موجودہ حکومت نے جو یہ غضب ڈھایا ہے کہ فیملی پنشن بند کردی، پنشن کی میعاد کم کردی تو یہ کس کے حکم سے؟ کیا اپنے مقامی آقاں کے کہنے پر یا آئی ایم ایف کے کہنے پر؟ خدارا یہ ظلم نہ کریں۔ آئی ایم ایف اب جواب طلب نہیں کرے گا کہ ارکان اسمبلی کی تنخواہوں میں 200 فی صد اضافہ کیوں؟ آپ نے فوراً حکمرانوں کے سامنے گھٹنے ٹیک دیے تاکہ وہ اپنے اپنے علاقوں سے پارٹی کو ووٹ دلوا سکیں اور الیکشن کا ٹوپی ڈرامہ جمہوریت کے نام پر رچا ئیں۔ پنشنرز بڑی مظلوم قوم ہے۔

اس پر ظلم نہ کریں، بعض پنشنرز اکیلے رہتے ہیں۔ بیٹوں نے منہ موڑ لیا ہے، کوئی بے اولاد ہے، کسی کے معذور بچے ہیں، وہ کیا کریں گے؟ جو بانی پی ٹی آئی نے کیا وہ آپ نہ کریں، لاکھوں پنشنرز اور سرکاری ملازمین بددعائیں دیں گے، بددعا تو عرش کو ہلا دیتی ہے۔ ان کی آہ نہ لیجیے، انھیں زندہ رہنے کے لیے دو وقت کا دال دلیہ تو چلنے دیجیے۔

☆☆☆☆☆☆☆

ماں کی محبت کے 4800 سال

تحریر: جاوید چوہدری

آج سے پانچ ہزار سال قبل تائی چنگ کی جگہ کوئی نامعلوم شہر آباد تھا وہ پتھر کا زمانہ تھا لوگ غاروں میں رہتے تھے پتھر کو پتھر سے رگڑ کر آگ جلاتے تھے پتھروں کے ذریعے جانوروں کا شکار کرتے تھے آوازوں کو لفظ سمجھتے تھے اور جسم پر جانوروں کی کھالیں اور پتے باندھتے تھے دنیا میں زراعت شروع ہو چکی تھی لیکن زمین سے رزق حاصل کرنے کی ٹیکنیک ابھی اس شہر تک نہیں پہنچی تھی کیوں؟ ماہرین اس سوال کا جواب ابھی تک تلاش نہیں کرسکے۔

وہ شہر آباد تھا لوگ اس میں رہتے تھے لیکن پھر 2800 قبل مسیح میں ایک خوف ناک زلزلہ آیا اور پورا شہر زمین میں دھنس گیا مویشی لوگ اور غار تینوں زمین میں دفن ہو گئے وقت گزرتا رہا لوگ آتے رہے اس جگہ دوبارہ آباد ہوتے رہے یہاں تک کہ یہاں تائی چنگ شہر آباد ہو گیا یہ اب تائیوان کا وسطی شہر ہے اس کا رقبہ 2215 مربع کلومیٹر اور آبادی 27 لاکھ ہے یہ شہر صنعتی بھی ہے مئی 2014 میں آثار قدیمہ کے ماہرین کو تائی چنگ کے نیچے قدیم شہر کے آثار ملے کھدائیاں شروع ہو گئیں ماہرین آہستہ آہستہ پرانا شہر تلاش کرتے رہے حکومت نے منصوبے پر سرمایہ کاری بڑھا دی کھوجیوں کی تعداد بھی دگنی کردی گئی ماہرین نے دو برسوں میں تائی چنگ کے نیچے 48 غار تلاش کر لیے یہ غار قدیم زمانے کی رہائش گاہیں تھیں یہ رہائش گاہیں اپنے مکینوں سمیت اچانک زمین میں دھنس گئیں۔

ماہرین کو ان غاروں سے پانچ ہزار سال پرانی لاش ملی یہ کسی خاتون کی لاش تھی لاش کو چونے کے پتھر نے ڈھانپ رکھا تھا لاش کے اوپر سے دھول اتاری گئی تو لوگوں کے لیے آنسو ضبط کرنا مشکل ہو گیا وہ لوگ آنکھوں پر ٹشو پیپر رکھ کر غار سے باہر آ گئے لاش کی تصویر کھینچی گئی یہ تصویر سوشل میڈیا کے ذریعے دنیا تک پہنچی اور اس نے پوری دنیا کو حیران کر دیا دنیا کے جس شخص نے بھی یہ تصویر دیکھی وہ اپنے آنسو ضبط نہ کرسکا اس تصویر میں کیا ہے، جس کی وجہ سے آنسو روکنا مشکل ہے؟ یہ تصویر بنیادی طور پر بچے کے ساتھ ماں کی محبت کا قدیم ترین ثبوت ہے یہ ایک ماں اور نوزائیدہ بچے کی تصویر ہے ماں غار کی دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھی ہے۔

بچہ اس کی گود میں ہے وہ بڑے پیار سے بچے کی طرف دیکھ رہی ہے بچہ بھی محبت اور حیرت سے اپنی ماں کی طرف دیکھ رہا ہے محبت اور حیرت کے اس وقفے کے دوران زلزلہ آ گیا ماں نے بچے کو بچانے کے لیے اسے اپنے ساتھ لپٹا لیا غار بیٹھ گیا وہ دونوں چونے کے پتھروں میں منجمد ہو گئے قدرت کو محبت کے یہ لمحے اتنے پسند آئے کہ اس نے انھیں فریز کر دیا ماں اور بچے کی یہ محبت پانچ ہزار سال تک پتھروں میں محفوظ رہی ماہرین نے لاش کا کاربن ٹیسٹ کیا یہ لاشیں چار ہزار آٹھ سو سال پرانی نکلیں۔

یہ دنیا میں ممتا کا قدیم ترین فوسل ہے اس سے قبل عورت اور مرد کی محبت کا قدیم ترین فوسل اٹلی کے شہر پمپئی سے دریافت ہوا تھا پمپئی نیپلز کے قریب واقع تھا یہ شہر حضرت داد کے دور میں آباد ہوا اور یہ اپنے دور کی جنت کہلاتا تھا یہ شہر پہاڑ کی اترائیوں پر آباد تھا دو اطراف سے سمندر نظر آتا تھا پانی اور سبزے کی فراوانی تھی لوگ خوش حال تھے یہ انگور کی شراب پیتے تھے اور بچھڑوں کا گوشت کھاتے تھے یہ دنیا کا پہلا شہر تھا جس میں دو منزلہ مکان بننا شروع ہوئے جس میں بیکریاں بنیں جس میں کریم کیک ایجاد ہوا اور جس میں عوامی شراب خانے اور ریستوران بھی تھے۔ اس کے ہر گھر کے پیچھے چھوٹا سا لان اور اس لان میں فوارہ ہوتا تھا زیبرا کراسنگ کا تصور بھی اسی شہر میں پیدا ہوا شہر کے درمیان سوئمنگ پول تھا لوگ دن کا بڑا حصہ اس تالاب میں نہاتے ہوئے گزارتے تھے اور یہ دنیا کے ان چند شہروں میں بھی شمار ہوتا تھا جس میں اڑھائی تین ہزار سال قبل مرد کو مرد اور عورت کو عورت سے شادی کی اجازت تھی لیکن پھر حضرت عیسیٰ کے انتقال (عیسائی عقیدے کے مطابق) کے 67 سال بعد پمپئی کا پہاڑ پھٹا لاوا نکلا راکھ اڑی اور اس راکھ نے پورے شہر کو ڈھانپ لیا سارا شہر راکھ میں دفن ہو گیا وقت راکھ کے اوپر جمتا چلا گیا ٹھہرتا چلا گیا یہاں تک کہ پمپئی راکھ کے پہاڑ میں گم ہو گیا پمپئی مر گیا لیکن اس کا ذکر قدیم کتابوں میں زندہ رہا اٹلی کے ماہرین نے 1748 میں پمپئی کی کھدائی شروع کی آثار قدیمہ دریافت ہوئے اور یوں پوری دنیا حیران رہ گئی۔

ان آثاروں میں لاشیں بھی تھیں راکھ میں دفن لاشیں ان لاشوں میں ایک جوان جوڑے کی لاش بھی تھی یہ عورت اور مرد تھے یہ موت سے پہلے ایک دوسرے کے ساتھ اس طرح لپٹ گئے جیسے یہ ایک دوسرے کو بچانے کی کوشش کر رہے ہیں آسمان سے لاوا اور راکھ برسی اور یہ دونوں اس میں دفن ہو گئے ماہرین دو ہزار سال بعد ان تک پہنچے ان کے جسم سے راکھ اتاری گئی اور دیکھنے والوں کی آنکھیں نم ہو گئیں یہ دونوں لاشیں آج بھی پمپئی کے میوزیم میں رکھی ہیں ہالی ووڈ نے پمپئی کے نام سے ان پر بڑی خوب صورت فلم بنائی مجھے 2006 میں پمپئی جانے کا اتفاق ہوا میں نیپلز گیا وہاں سے پمپئی گیا سارا دن پمپئی کے کھنڈرات میں گزارا رات سورنتو میں گزاری اور اگلا دن کیپری کی چٹان پر بنے کیپری شہر کی چھوٹی گلیوں میں گھومتا رہا مجھے پمپئی سے آئے ہوئے 19 سال ہو چکے ہیں لیکن دو انسانوں کا وہ حقیقی مجسمہ پمپئی کی گلیاں اور ان گلیوں کے دو منزلہ مکان آج بھی میری یادداشت کی دیواروں سے چپکے ہوئے ہیں۔

میں جب بھی یادداشت کا البم کھولتا ہوں تو یہ سوال ذہن میں پھن پھیلا کر بیٹھ جاتا تھا پمپئی میں ہزاروں لوگ تھے وہ سارے لوگ آتش فشاں کی راکھ اور لاوے میں دفن ہو گئے ان سب کا نام و نشان مٹ گیا مگر یہ دو انسان دو ہزار سال تک راکھ میں جوں کے توں رہے یہاں تک کہ انسانی ہاتھ ان تک پہنچ گئے ان کے اوپر سے راکھ کی تہیں اتاری گئیں اور یہ محبت کا قدیم ترین بت بن کر انسانی تہذیب کے سامنے آ گئے ان میں ایسی کیا خوبی تھی ان میں ایسا کیا جادو تھا کہ قدرت دو ہزار سال تک ان کی حفاظت کرتی رہی اس نے انھیں ٹوٹنے اور ایک دوسرے سے الگ نہیں ہونے دیا اس جادو اس خوبی کا نام محبت ہے محبت وہ جذبہ ہے جسے زوال نہیں آتا جو ہمیشہ زندہ رہتا ہے کیوں؟ کیوں کہ اس کا سورس اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔

خواتین میں رول ماڈل

تحریر: ہمدان عبداللہ

آزادی کے فوراً بعد بھارت کے بابائے قوم مہاتما گاندھی نے ہندوستان کے سیاستدانوں اور سول سرونٹس سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ نیا ملک بہت اچھے طریقے سے چلانے کے لیے آپ کے کچھ رول ماڈل ہونے چاہئیں جن کی طرزِ حکمرانی کی آپ پیروی کریں۔ مجھے افسوس ہے کہ میں اس سلسلے میں کسی ہندو حکمران کا نام پیش نہیں کرسکتا۔

تاریخ کا گہرا مطالعہ کرنے کے بعد میں جن دو حکمرانوں کا ذکر کرنے پر مجبور ہوں، وہ دونوں مسلمان حکمران تھے۔ ایک کا نام ابوبکر اور دوسرے کا نام عمر تھا۔ انھوں نے ایک بڑی سلطنت کے حکمران بن کر بھی جس طرح کا سادہ طرزِ زندگی اپنایا اور سرکاری فنڈز کو جس طرح امانت سمجھ کر خرچ کیا وہ آپ کے لیے ایک بہترین مثال ہے اور انھیں رول ماڈل سمجھ کر ان کی پیروی کی جانی چاہیے۔

بڑے دکھ کے ساتھ یہ تلخ حقیقت تسلیم کرنی پڑتی ہے کہ آج کے جدید دور میں ہم کسی بھی مسلم حکمران کو رول ماڈل کے طور پر پیش نہیں کرسکتے، دوسرے مسلم ممالک میں بالعموم اور پاکستان میں بالخصوص خواتین بڑی تعداد میں میدانِ سیاست میں اتری ہیں۔ ان کے لیے اگر رول ماڈل ڈھونڈنی ہوں تو مسلم دنیا سے ملنا محال ہے کیونکہ رول ماڈل کے لیے جن دو بنیادی اوصاف کا حامل ہونا ضروری ہے یعنی سادگی اور ایمانداری، وہ بدقسمتی سے مسلم دنیا میں ناپید ہیں۔

اگر کسی مسلم خاتون کو موجودہ دور کی پاکستانی خواتین سیاستدانوں کے لیے رول ماڈل قرار دیا جاسکتا ہے تو وہ صرف مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح ہیں جو یقینی طور پر ایمانداری اور سادگی کا مجسمہ تھیں اور جب قوم نے انھیں ایوبی آمریت سے نجات دلانے کے لیے پکارا تو انھوں نے آگے بڑھ کو آمریت کو پوری جرات کے ساتھ للکارا۔ مگر انھیں صدارتی الیکشن میں ریاستی مشینری کے ذریعے ہروا دیا گیا تھا، اس لیے انھیں اقتدار نہ مل سکا اور قوم ان کی طرزِ حکمرانی دیکھنے سے محروم رہی۔ جدید دور میں جن دو خواتین حکمرانوں کو رول ماڈل کے طور پر پیش کیا جاسکتا ہے، وہ دونوں غیر مسلم ہیں۔ ایک یورپ کے سب سے امیر ملک جرمنی کی سولہ سال تک حکمران رہیں اور دوسری ہندوستان کے صوبے بنگال کی تیسری دفعہ وزیراعلیٰ منتخب ہوئی ہیں۔ دونوں کے سیاسی حریف بھی ان کی ایمانداری کے معترف ہیں جب کہ دونوں کی سادگی ضرب المثل ہے۔

سولہ سال تک جرمنی کی چانسلر رہنے والی انجیلا مرکل نے زندگی کا طویل عرصہ ایسٹ جرمنی میں گذارا۔ انھوں نے کیمسٹری میں پی ایچ ڈی مکمل کی اور کافی عرصے تک تدریس سے وابستہ رہیں۔ 1989 میں وہ کرسچین ڈیموکریٹک پارٹی میں شامل ہوکر میدانِ سیاست میں داخل ہوئیں اور سولہ سال بعد 2005 میں جرمنی کی پہلی خاتون چانسلر منتخب ہوگئیں۔ انھوں نے چار انتخاب جیتے اور سولہ سال تک جرمنی کے سب سے بااختیار عہدے پر براجمان رہیں۔ چانسلر مرکل یورپ کے امیر ترین ملک کی طاقتور ترین حکمران ہونے کے باوجود نمود و نمائش، پروٹوکول اور مہنگے ملبوسات سے دور رہیں۔

وہ بڑے عرصے تک ایک ہی کوٹ پہنتی رہیں۔ ایک بار ایک خاتون صحافی نے ان سے پوچھ لیا کہ کیا وجہ ہے آپ ایک ہی کوٹ میں نظر آتی ہیں؟ تو انھوں نے جواب دیا میں ایک سیاستدان ہوں کوئی ماڈل نہیں ہوں کہ ہر روز نئے اور مہنگے کپڑے پہنوں یہ جواب دے کر انھوں نے نہ صرف میڈیا کا منہ بند کردیا بلکہ سادگی اور سادہ لباس کو سیاست اور قیادت کا بنیادی وصف قرار دے دیا۔ چانسلر مرکل اقتدار میں آنے سے پہلے جس عام سے فلیٹ میں رہتی تھیں، آج بھی اسی فلیٹ میں رہتی ہیں۔ انھوں نے بذریعہ اقتدار نہ جائیدادیں بنائی ہیں، نہ ملیں لگائی ہیں نہ کسی اور ملک کے بینک میں پیسہ بھیجا ہے، نہ مہنگی گاڑیاں خریدی ہیں، نہ عزیز و اقربا کو عہدے دے کر نوازا ہے، نہ ہی کسی سرمایہ دار سے نیا بنگلہ تعمیر کرایا۔ وہ کھانا بھی خود پکاتی ہیں اور کپڑے بھی خود دھوتی ہیں اور گھر کے لیے سودا سلف (گروسری) بھی خود لاتی ہیں۔ تو ہوئی ناں وہ جدید دور کی تمام سیاستدانوں کے لیے رول ماڈل۔

دوسری رول ماڈل ممتا بینرجی ہیں جنھوں نے تیسری بار مغربی بنگال کی وزیراعلیٰ بن کر ریکارڈ قائم کردیا ہے۔ یہ بھارت کی تاریخ میں 15 سال مسلسل وزیراعلیٰ رہنے والی پہلی سیاست دان ہوں گی۔ ممتا جی انڈیا کی طاقتور ترین اور دنیا کی سو بااثر ترین خواتین میں بھی شامل ہیں اور یہ دنیا کی واحد سیاست دان ہیں جو سیاست دان ہونے کے ساتھ ساتھ گیت نگار، موسیقار، ادیب اور مصورہ بھی ہیں۔ یہ کئی کتابوں کی مصنفہ اور بہت سی بیسٹ سیلر پینٹنگز کی مصورہ بھی ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ممتا جی ہندوستان کی پہلی سیاست دان ہیں جنھوں نے سادگی اور غریبانہ طرزِ زندگی کے ذریعے کیمونسٹ پارٹی کو شکست دے دی۔ یہ بنگال میں دیدی کہلاتی ہیں اور جدید دور میں خواتین سیاستدانوں کے لیے رول ماڈل ہیں۔

ممتا بینرجی 1955 میں کولکتہ میں پیدا ہوئیں۔ والد چھوٹے سے سیاسی ورکر تھے۔ والدہ ہاس وائف تھیں۔ یہ چھ بھائیوں کی اکلوتی بہن تھیں۔ ممتا کالج پہنچیں تو اسلامی تاریخ سے متعارف ہوئیں اور آہستہ آہستہ اسلامی تعلیمات میں اترتی چلی گئیں۔ یہ اکثر اپنے آپ سے سوال کیا کرتی تھیں۔ حجاز جیسے جاہل معاشرے میں ایک شخص نے انقلاب کیسے برپا کر دیا؟ انقلاب کے قائد حضرت محمدؐ 53 سال کی عمر میں مکہ سے ہجرت کر گئے اور 10 سال بعد یہ نہ صرف پورے حجاز کے مالک تھے بلکہ ان کے پیروکار دنیا کی دونوں سپر پاورز کے دروازے پر دستک بھی دے رہے تھے۔

آخر ان لوگوں میں کیا کمال، کیا خوبی تھی؟ یہ جواب تلاش کرنا شروع کیا تو پتا چلا کہ وہ ایمانداری و تکبر سے پاک سادگی کے اعلیٰ نمونے تھے۔ یہ لوگ مال و متاع، عیش و آرام اور نمود و نمائش سے بالاتر تھے اور کردار کی یہ خوبیاں انسانوں کو عظیم بنا دیتی ہیں۔ ممتا بینرجی نے یہی خوبیاں اپنانے کا فیصلہ کیا۔ اس نے سادگی کو اپنا ہتھیار اور زیور بنا لیا اور پھر دنیا نے یہ معجزہ بھی دیکھ لیا کہ اس نے بنگال کی طاقتور ترین پارٹیوں کو پچھاڑ دیا۔

یہ 15 سال کی عمر میں اسٹوڈنٹ لیڈر بنیں۔ اسلامک ہسٹری، ایجوکیشن اور قانون میں ڈگریاں لیں۔

تعلیم اور درسگاہوں کے مسائل

تحریر: ڈاکٹر توصیف احمد خان

ملک اقتصادی بحران سے گزر رہا ہے۔ وفاقی بجٹ میں اعلیٰ تعلیم کے لیے مختص بجٹ میں کمی کردی گئی جس کا منطقی نتیجہ یہ برآمد ہوا ہے کہ وفاق اور صوبوں کی زیرانتظام یونیورسٹیوں میں مالیاتی بحران بڑھ گیا ہے مگر پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کی نگرانی کرنے والے ادارے کی بیوروکریسی کی شاہ خرچیاں بڑھتی جارہی ہیں۔

گزشتہ ہفتے ایچ ای سی کے حوالے سے یہ خبر ذرائع ابلاغ پر خوب اجاگر ہوئی کہ ایچ ای سی کی بااختیار اتھارٹی نے اپنے کنٹریکٹ ملازمین اور ان کی شریک حیات کے لیے ملازمت کے بعد ہیلتھ بینیفٹس جاری رکھنے کی منظوری دیدی ہے۔

ایچ ای سی کے 44 ویں اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ اس پالیسی کے تحت کنٹریکٹ پر کام کرنے والے ملازمین، عام ملازمین سے لے کر چیئرمین اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر سمیت اعلیٰ افسران جن کی ماہانہ تنخواہیں پانچ لاکھ اور اس سے زیادہ ہیں۔ اس پالیسی سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ ایک طرف تعلیمی بجٹ کی کمی کے باوجود یہ صورت حال ہے تو دوسری طرف وفاق اور صوبوں کی زیر نگرانی یونیورسٹیوں میں تعلیمی، انتظامی اور مالیاتی بحران کم ہونے کے بجائے بڑھتا جارہا ہے۔

سابق صدر پرویز مشرف نے آئین کے تحت اردو کو قومی زبان قرار دینے کے فیصلے کے تحت کراچی میں قائم وفاقی اردو کالجز کو وفاقی اردو یونیورسٹی کی حیثیت دینے کا فیصلہ کیا تھا، یوں 2002 میں ایک اسپیشل آرڈیننس کے تحت وفاقی اردو یونیورسٹی قائم ہوئی۔ وفاقی اردو یونیورسٹی 2017 سے مختلف مسائل کا شکار ہے۔ اردو یونیورسٹی کے 2017 سے ریٹائر ہونے والے اساتذہ اور غیر تدریسی عملے کے ارکان واجبات سے محروم ہیں۔ موجودہ اساتذہ اور عملے کو بھی تنخواہ اور رینٹل سیلنگ الائنس نہ ملنے جیسے مسائل درپیش ہیں۔ ریٹائرڈ اساتذہ اور عملے کی کئی ماہ کی پنشن ابھی تک ادا نہیں ہوسکی۔ اس دوران اردو یونیورسٹی کے 10 ریٹائرڈ اساتذہ اور ریٹائرڈ عملے کے 5 اراکین انتقال کر چکے ہیں۔

گزشتہ 6 ماہ کے دوران حاضر سروس ایک سینئر خاتون پروفیسر اور ایک اسسٹنٹ رجسٹرار بھی انتقال کرگئے، یوں 200 سے زائد خاندان مصائب کا شکار ہیں۔ وفاقی انفارمیشن کمیشن کو فراہم کردہ معلومات کے مطابق اردو یونیورسٹی نے 67 کروڑ روپے کی رقم مختلف بینکوں کے اکاؤنٹس میں ڈپازٹ کی گئی ہے، جس پر ہر سال منافع بھی ملتا ہے، مگر معاملہ صرف وفاقی اردو یونیورسٹی کا نہیں بلکہ وفاق کے زیرانتظام دیگر یونیورسٹیاں بھی مالیاتی مسائل کا شکار ہیں۔ ان یونیورسٹیوں کے پاس تنخواہوں کی ادائیگی کے لیے بعض اوقات مسائل پیدا ہو جاتے ہیں۔

بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی یونیورسٹیوں میں بھی اسی نوعیت کا بحران ہے۔ ان یونیورسٹیوں کے اساتذہ اور عملے کے لوگ بھی کئی دفعہ تنخواہوں کی ادائیگی کے لیے سڑکوں پر احتجاج پر مجبور ہوتے ہیں۔ ایچ ای سی نے یونیورسٹیوں کو مسلسل ہدایات جاری کی ہیں کہ یونیورسٹیاں نئے وسائل پیدا کریں۔ سرکاری یونیورسٹیوں کے پاس خطہ اراضی فروخت کرنے، طلبہ کی فیسوں میں اضافہ کرنے اور تعلیمی شعبہ جات کو بند کرنے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نظر نہیں آتا۔ تحریک انصاف کی حکومت نے یونیورسٹیوں کو مالیاتی کمک کی فراہمی کے لیے قیمتی اراضی فروخت کرنے کی تجویز پیش کی تھی مگر اس وقت کے ایچ ای سی کے چیئرمین ڈاکٹر بنوری کی شدید مخالفت کی بنا پر اس پالیسی پر عمل نہ ہوسکا۔ ڈاکٹر بنوری کا کہنا تھا کہ اراضی کی فروخت کے معاملات میں لینڈ مافیا کی مداخلت بڑھ جانے کے خدشات ہیں۔ ایچ ای سی نے یونیورسٹیوں پر زور دیا کہ طلبہ سے لی جانے والی فیسوں، امتحانات، انرولمنٹ، مارک شیٹ اور ڈگریوں کے اجرا اور دستاویزات کی تصدیق کے لیے وصول کی جانے والی فیسوں میں کئی سو گنا اضافہ کیا جائے۔

خیبر پختونخواہ سے فوج کا انخلاء

تحریر: سلمان عابد

تحریک انصاف کی تنظیمی کمیٹی نے ایک متفقہ قرارداد پاس کی ہے جس میں وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ خیبر پختونخوا میں آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت جو فوج تعینات کی گئی ہے، اس نوٹیفکیشن کو پندرہ دن کے اندر واپس لیا جائے۔ ویسے تو شاید تحریک انصاف کی کے پی کی تنظیمی کمیٹی کو یہ علم نہیں کہ وفاق براہ راست کسی صوبے میں فوج کی تعیناتی کے احکامات نہیں دے سکتا۔ پہلے صوبائی حکومت سفارش کرتی ہے، پھر وفاق آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت کسی جگہ فوج تعینات کرتا ہے۔

لہذا خیبر پختونخوا میں کہیں بھی فوج تعینات ہے تو وہ صوبائی حکومت کی مرضی سے تعینات ہے۔ پی ٹی آئی یہ بھی نہیں کہہ سکتی کہ ہماری حکومت سے پہلے حکومت نے فوج تعینات کردی تھی کیونکہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی مسلسل تیسری حکومت ہے۔ تحریک انصاف تنظیمی کمیٹی کو اپنی اس قرارداد میں یہ واضح کرنا چاہیے تھا کہ ہماری حکومت کی درخواست پر تعینات فوج کو ہماری ہی حکومت واپس بھیجے۔

کے پی میں دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے سویلین اینڈ آرمڈ آرڈیننس کے تحت فوج کو خصوصی اختیارات دیے گئے تھے۔ اس آرڈیننس کو قانون کا درجہ تحریک انصاف کی کے پی حکومت نے دیا تھا۔ اس کا دائرہ اختیار پورے کے پی تک بانی تحریک انصاف کے دور وزارت عظمیٰ میں کیا تھا۔

پشاور ہائی کورٹ نے اس قانون کو ایک درخواست میں ختم کر دیا تھا۔ لیکن بانی تحریک انصاف کی ہدایت پر خیبر پختونخوا حکومت نے پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ سے حکم امتناعی حاصل کیا۔ آج کے پی میں دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے پاک فوج کے پاس جو اضافی اختیارات ہیں، وہ تحریک انصاف کی حکومت کے پاس کردہ قانون اور اس کی حکومت کے حاصل کردہ حکم امتناعی کی وجہ سے ہیں۔

اس میں ن لیگ پیپلز پارٹی یا کسی اور سیاسی جماعت کا کوئی عمل دخل نہیں۔ اب دیکھنا یہ بھی ہے کہ جب تحریک انصاف کی تنظیمی کمیٹی اپنی ہی حکومت سے فوج کی تعیناتی ختم کرنے کا کہہ رہی ہے تو وہ کس کا کام کر رہی ہے۔ کیا فوجی انخلا کا مطالبہ، پی ٹی آئی کا بیانیہ یا دشمن کی زبان نہیں؟ کیا دہشت گرد یہ نہیں چاہتے؟ کیا پاکستان کے دشمن یہ نہیں چاہتے؟ کیا یہ حقیقت نہیں کہ تحریک انصاف کی تنظیمی کمیٹی کا یہ مطالبہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب صوبے میں دہشت گردی عروج پر ہے اور پاک فوج روزانہ 190 سے زائد انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز میں مصروف ہے اور روزانہ کی بنیادوں پر قربانیاں دے رہی ہے۔ کیا فوجی انخلا کا مطالبہ دراصل دہشت گردوں کے لیے سہولت کاری کے مترادف نہیں ہے۔ کیا یہ وہی مطالبہ نہیں جو بھارتی پراکسیز اور دشمن طاقتیں استعمال کر رہی ہیں چاہے، فتنہ الخوارج ہو، فتنہ الہندوستان یا بلوچ یکجہتی کمیٹی اور اب پی ٹی آئی بھی اسی بیانیے کو دہرا رہی ہے۔

تیرہ، بنوں، کرم اور پاراچنار جیسے واقعات دراصل 12 سالہ پی ٹی آئی حکومت کی ناقص حکمرانی اور گورننس کے خلا کا نتیجہ ہیں۔ کیا آج امن و امان کی جو صورتحال ہے اس کی ذمے داری کے پی حکومت کی نہیں ہے؟ ڈی جی آئی ایس پی آر متعدد بار کہہ چکے ہیں کہ پاکستان آرمی اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے خلاف اپنی جانوں کے نذرانے دے رہے ہیں۔ یہ قربانیاں ان پالیسیوں کا نتیجہ ہیں جو 2021 میں دہشت گردوں کی واپسی اور بحالی سے متعلق پی ٹی آئی حکومت نے اختیار کی اور اب گورننس کے یہ خلا پاک فوج اپنے خون سے پورا کر رہی ہے جو اصل میں صوبائی حکومت کی ذمے داری تھی۔ صوبائی حکومت اپنی ناقص کارکردگی کی ذمے داری اب فوج پر ڈالنے کی کوشش کر رہی ہے۔ 2022 کی پیش کردہ ایک رپورٹ کے مطابق خیبر پختونخوا CTD اپنا 96 فیصد بجٹ صرف تنخواہوں پر خرچ کرتا ہے۔

محکمہ ابتدائی و ثانوی تعلیم خیبر پختونخوا نے نیا تعلیمی کیلنڈر جاری کر دیا

اب پرائمری تا مڈل سکولوں کے لئے سمر اور ونٹر زونز کے حساب سے الگ الگ تعلیمی سال ہوں گے

پشاور (این این آئی) محکمہ ابتدائی و ثانوی تعلیم خیبر پختونخوا نے نیا تعلیمی کیلنڈر جاری کر دیا ہے۔ صوبے میں مختلف موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اب پرائمری تا مڈل سکولوں کے لئے سمر اور ونٹر زونز کے حساب سے الگ الگ تعلیمی سال ہوں گے۔ محکمہ تعلیم کی طرف سے جاری شدہ نوٹیفکیشن کے مطابق اس فیصلے کا مقصد طلباء و طالبات کی فلاح و بہبود اور معیاری تدریسی عمل کو یقینی بنانے کیلئے کیا گیا ہے۔ سمر زون کے اسکولوں میں نیا تعلیمی سال یکم ستمبر سے اگست تک ہوگا۔ اس میں پہلا سمسٹر ستمبر سے دسمبر اور دوسرا سمسٹر جنوری سے مئی تک جاری رہے گا۔ جبکہ جون تا اگست موسم گرما کی تعطیلات ہوں گی۔ اسی طرح ونٹر زون کے اسکولوں میں تعلیمی سال یکم مارچ سے دسمبر تک ہوگا، اس میں پہلا سمسٹر مارچ سے جون اور دوسرا سمسٹر اگست سے دسمبر تک ہوگا جبکہ دسمبر تا فروری موسم سرما کی تعطیلات ہوں گی۔ نئے نظام کے مطابق امتحانات بھی دو حصوں میں ہوں گے۔ پہلے سمسٹر کے امتحانات کو سالانہ نتیجے میں 45 فیصد اور دوسرے سمسٹر کے امتحانات کو 55 فیصد وزن دیا جائے گا تاکہ طلباء کی کارکردگی کا متوازن اور شفاف انداز میں جائزہ لیا جا سکے۔ سمر زون کے امتحانات دسمبر اور مئی میں جبکہ ونٹر زون کے امتحانات دسمبر میں منعقد ہوں گے۔

مقامی مینتھول کی پیداوار سے بھاری زرمبادلہ بچانے میں مدد ملے گی، ویلتھ پاک

پودینہ کی کاشت کے بارے میں آگاہی کا فقدان ہمارے کسانوں کو شاندار منافع سے محروم کر رہا ہے، پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان کو مینتھول نکالنے کے لیے پودینے کی کاشت کی ضرورت ہے جس سے نہ صرف مقامی صنعت کی ضروریات پوری ہوں گی بلکہ اس کی درآمد پر خرچ ہونے والے زرمبادلہ کی بھی بچت ہوگی پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل دواوں خوشبودار اور جڑی بوٹیوں کے پروگرام کی نیشنل پروگرام لیڈر ڈاکٹر رفعت طاہرہ نے ویلتھ پاک سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مینتھول ایک قیمتی خوشبودار مرکب ہے لیکن مقامی پیداوار کے لیے پاکستان میں کوئی صنعت نہیں ہے پودینہ مینتھول یا پودینہ کا فور کو نکالنے کا ایک بڑا قدرتی ذریعہ ہے پودینہ کی کاشت کے بارے میں آگاہی کا فقدان ہمارے کسانوں کو شاندار منافع سے محروم کر رہا ہے انہوں نے بتایا کہ بلوچستان، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخواہ صوبوں کی مٹی اور ماحول پودینہ کی کاشت کے لیے انتہائی سازگار ہے مینتھول، مینتھا پودینہ پر جاتیوں میں ضروری تیل کا ایک اہم جز، مینتھا آروینسس جنگلی پودینہ اور مینتھا پائپریٹا پیپرمنٹ میں وافر مقدار میں پایا جاتا ہے پاکستان میں انہیں آسانی سے اگایا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر طاہرہ نے کہا کہ پودینہ ایک بارہماسی جڑی بوٹی ہے جو برسوں تک رہتی ہے ایک بڑے علاقے میں بہت کم پودے لگانے والے مواد کے ساتھ ایک بار کاشت کی جاتی ہے ہر دو سال بعد تھوڑا ہل چلانا کافی ہے ٹھنڈے، برفانی، ٹھنڈے یا خشک موسم میں، پودینہ اپنے پتے جھاڑ دیتا ہے لیکن جڑیں زندہ رہتی ہیں

کوئٹہ، سلیمان خیل قومی تحریک پاکستان کے چیئرمین سردار ناصر سلیمان خیل کوئٹہ پریس کلب میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

ریکوڈک مائننگ کمپنی کا ضلع چاغی کے علاقے نوکنڈی میں اوپن پبلک فورم کا انعقاد

آر ڈی ایم سی کی ٹیم نے شرکاء کو مختلف کمیونٹی ڈویلپمنٹ اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی

تفتان (این این آئی) ریکوڈک مائننگ کمپنی نے ضلع چاغی کے علاقے نوکنڈی میں اوپن پبلک فورم کا انعقاد کیا جو کہ آر ڈی ایم سی ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ میں منعقد ہوا جو ہنر فاؤنڈیشن کے زیر انتظام ہے۔ اس تقریب میں مختلف مقامی لوگوں بشمول نوجوانوں نے بھرپور شرکت کی۔ نمایاں شرکاء میں حاجی امان اللہ کبدانی نیشنل پارٹی کے مولابخش عالیزئی، واحد بخش شیرزئی، نظام لاشاری، بابو رزاق ساسولی اور بی این پی کے محمد انور بلوچ سمیت دیگر شامل تھے۔ فورم کے دوران آر ڈی ایم سی کی ٹیم نے شرکاء کو مختلف کمیونٹی ڈویلپمنٹ اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی جس میں خاص طور پر ہنر فاؤنڈیشن کے ساتھ مل کر چلائے جانے والے اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام اور انڈس ہسپتال نیٹ ورک کے تحت قائم ماں اور بچے کے صحت مرکز (CenterHealthChild&Mother) پر توجہ مرکوز کی گئی۔ پبلک فورم کے دوران آر ڈی ایم سی کے کمیونٹی انگیجمنٹ منیجر علی دوست یلانزئی، کمیونٹی انویسٹمنٹ لیڈ عیسیٰ طاہر سنجرانی، ایچ آر لیڈ عنایت کبدانی، اور کمیونٹی انگیجمنٹ لیڈ نور خان مینگل نے کمیونٹی کے سوالات کے جوابات دیئے۔ ملازمین کی فہرست شائع کرنے سے متعلق ایک سوال کے جواب میں وضاحت کی گئی کہ آر ڈی ایم سی بین الاقوامی ہیومن ریسورس کی بہترین اصولوں پر عمل پیرا ہے جس کے تحت کسی بھی ملازم کی ذاتی معلومات عوامی طور پر شائع نہیں کی جا سکتی تاکہ ملازمین کی پرائیویسی اور سیفٹی کو یقینی بنایا جا سکے۔ مقامی بھرتیوں کے حوالے سے بتایا گیا کہ جنوری 2025 تک آر ڈی ایم سی کے کل ملازمین کا 78 فیصد کا تعلق بلوچستان سے ہے جن میں سے 50 فیصد سے زیادہ ضلع چاغی سے ہیں اور ان میں زیادہ تعداد نوکنڈی سے تعلق رکھنے والوں کی ہے۔ ہنر فاؤنڈیشن کے پروگرام منیجر قاضی تیمور سنجرانی اور انڈس ہسپتال کے آپریشنز منیجر شیر جان بلوچ نے بھی پریزنٹیشن دی

شکارپور، جے یو آئی ضلع شکارپور کے عہدیداروں کا اجلاس ہو رہا ہے

اس وقت پی ٹی آئی پانچ گروپوں میں تقسیم ہو چکی ہے، محمود خان

میرے پاس پوری فہرست موجود ہے کہ کس نے کس طرح تحریری ضمانت دیکر الیکشن جیتا ہے، سابق وزیر اعلیٰ

سوات (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹرین اور سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان نے کہا ہے کہ اس وقت پی ٹی آئی پانچ گروپوں میں تقسیم ہو چکی ہے اور ہر کوئی لیڈر بننے کی ناکام کوشش کر رہا ہے۔ میرے پاس پوری فہرست موجود ہے کہ کس نے کس طرح تحریری ضمانت دیکر الیکشن جیتا ہے۔ مجھے خیبر پختونخوا میں ہیرو بننے کی پیش کش کی گئی تھی لیکن میں شکاری بندہ ہوں اور خود ہی شکار کھیلتا ہوں۔ سابق وزیر اعلی پرویز خٹک کا پی ٹی آئی پی سے کوئی تعلق نہیں اور وہ جہاں چاہے شمولیت کر سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز ڈسٹرکٹ بار روم گلکدہ میں انصاف لائرز فورم پارلیمنٹرین کی نومنتخب کابینہ سے حلف لینے کے دوران وکلا سے خطاب اور بعد ازاں صحافیوں کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کیا۔ تقریب سے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سوات کے صدر فہیم نعیم ایڈووکیٹ نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر پی ٹی آئی پی سوات کے رہنما افتخار باچا، عبدالغفور، عثمان غنی اور وکلا کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ سابق وزیر اعلی محمود خان نے انصاف لائرز فورم پارلیمنٹرین کے نومنتخب صدر سید احتشام حیدر اور ان کی کابینہ سے حلف لیا۔ محمود خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ اس وقت خیبر پختونخوا میں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں اور صوبے کے ستر فیصد علاقوں میں حکومتی رٹ ختم ہو چکی ہے۔ عوام اور پولیس فورس عدم تحفظ کا شکار ہیں۔

مستقبل قریب میں ترکیہ اور پاکستان کے درمیان تجارت بڑھے گی، سفیر عرفان نزیر وغلو

دونوں ممالک کے درمیان بہترین دوستانہ تعلقات ہیں جو باہمی تجارت میں بھی نظر آنے چاہیے

لاہور (این این آئی) ترکیہ کے سفیر عرفان نزیر وغلو نے امید ظاہر کی ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تجارتی حجم مستقبل قریب میں مزید بڑھے گا، دونوں ممالک کے درمیان بہترین دوستانہ تعلقات ہیں جو باہمی تجارت میں بھی نظر آنے چاہئیں۔ وہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد اور سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان نے بھی خطاب کیا جبکہ ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان عرفان احمد قریشی اور سید سلمان علی بھی موجود تھے۔ ترک سفیر نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان مضبوط برادرانہ تعلقات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ان تعلقات کو باہمی تجارت اور اقتصادی شراکت داری میں نظر آنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلیم، ٹیکسٹائل، لیدر اور دواسازی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کی وسیع گنجائش ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ منصوبوں، بی ٹو بی میٹنگز کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکنالوجی اور تجارتی وفود کے مستقل تبادلے سے دونوں ممالک میں موجود مواقع سے فائدہ اٹھانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے تجویز دی کہ دونوں ممالک کو سنگل کنٹری نمائشوں کا انعقاد کرنا چاہیے تاکہ مقامی مصنوعات کی مؤثر نمائش اور فروغ کیا جا سکے۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد نے کہا کہ لاہور چیمبر، جو پاکستان کا سب سے بڑا اور قدیم ترین چیمبر ہے، غیر ملکی سفارتی مشنز کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ترکیہ اور پاکستان، جو کہ اسلامی تعاون تنظیم کے رکن ممالک ہیں، مختلف شعبوں بشمول معیشت، سیاست، دفاع اور ثقافت میں وقت کے ساتھ مزید مستحکم سفارتی تعلقات استوار کر رہے ہیں۔ دونوں ممالک نے 2022 میں ایک ترجیحی تجارتی معاہدہ پر دستخط کیے تھے۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ معاہدہ مختلف شعبوں میں تجارتی توسیع کے نئے مواقع فراہم کرے گا۔ ترکیہ نے پاکستان کو تقریباً 261 ٹیرف لائنز پر آسان مارکیٹ رسائی دی ہے، جس کا ہمیں بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے۔ ترجیحی تجارتی معاہدے کے تحت، پاکستان کو چمڑے، چاول، کھجور، آم، کٹلری، کھیلوں کا سامان، سمندری خوراک، زرعی مصنوعات، ربڑ ٹیوب، ٹائر، پلاسٹک اور انجینئرنگ مصنوعات سمیت دیگر کئی شعبوں میں مارکیٹ تک رسائی حاصل ہوئی ہے۔

ایف بی آر نے آن لائن کاروبار کیلئے نئے قواعد و ضوابط جاری کر دیئے

ادارے کو ماہانہ مالیاتی رپورٹ جمع کرانا ہوگی، فارم اے 1 اور فارم اے 2 پر ماہانہ مالیاتی تفصیلات جمع کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ملکی ڈیجیٹل معیشت کو ٹیکس دائرے میں لانے کیلئے انکم ٹیکس رولز مجریہ 2002 میں ترامیم کا مسودہ جاری کر دیا۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن نمبر 1634 کے مطابق آن لائن کاروبار کرنے والے ہر ادارے کو ماہانہ مالیاتی رپورٹ جمع کرانا ہوگی، قواعد کے تحت آن لائن کاروبار والے ادارے فارم اے 1 اور فارم اے 2 پر ماہانہ مالیاتی تفصیلات جمع کریں گے۔ آن لائن کاروبار کی تفصیلات بمعہ این ٹی این اور ماہانہ بینک اکاؤنٹ کھاتوں پر مشتمل ہوگی، ایس آر او کے مطابق آن لائن کاروباری اداروں کو فروخت کنندہ کا نام، پتہ، انوائس نمبر بھی فراہم کرنا ہوگا۔ ایس آر او کے مطابق ملک بھر خدمات فراہم کرنے والی تمام کوریئر سروس کمپنیوں کو ہر سہ ماہی پر مالی تفصیلات ایف بی آر میں جمع کرانی ہوگی۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری ایس آر او کے مطابق کوریئر سروس کمپنیوں کو مالی تفصیلات جمع کرنے کیلئے فارم 1 جاری کیا گیا،

گمشدگی کیس، ہمارا دائرہ اختیار محدود ہے اداروں سے رپورٹس مانگتے ہیں، پشاور ہائیکورٹ

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے گمشدگی کیس میں کہا ہے کہ ہمارا دائرہ اختیار محدود ہے اداروں سے رپورٹس مانگتے ہیں۔ پشاور ہائیکورٹ میں گورنمنٹ کالج کے پروفیسر کے لاپتا بھائی سے متعلق درخواست کی سماعت قائم مقام چیف جسٹس جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے کی۔ لاپتہ شخص کے بھائی، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل اور ڈپٹی اٹارنی جنرل عدالت میں پیش ہوئے۔

پاکستان کا قرضہ 70.37 ٹریلین روپے تک پہنچ گیا۔ ویلتھ پاک

حکومت 2025 کے اوائل میں اضافی قرض لینے کا منصوبہ رکھتی ہے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان کا قرض نومبر 2024 تک 70.37 ٹریلین روپے تک پہنچ گیا ویلتھ پاک کی رپورٹ کے مطابق حکومت 2025 کے اوائل میں اضافی قرض لینے کا منصوبہ رکھتی ہے ماہرین نے بڑھتے ہوئے بیرونی قرضوں کے درمیان محصولات کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے مزید کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ نومبر 2024 تک پاکستان کا کل قرض بڑھ کر 70.37 ٹریلین روپے تک پہنچ گیا جو مالیاتی خسارے کو پورا کرنے کے لیے مسلسل قرضے لینے کی وجہ سے ہوا ہے جون 2024 میں مرکزی حکومت کے قرضے میں 68.914 ٹریلین روپے سے 2 فیصد اضافہ ہوا گھریلو قرضوں میں زیادہ تر اضافہ ہوا 3 فیصد اضافے کے ساتھ 48.585 ٹریلین روپے جبکہ بیرونی قرضے میں قدرے اضافہ ہوا 21 780 ٹریلین روپے ہے روپے کی قدر میں معمولی کمی کے باوجود قرض کی فراہمی ایک چیلنج بنی ہوئی ہے اسٹیٹ بینک نے حکومت کو 3 ٹریلین روپے سے زائد رقم منتقل کی لیکن حکومت مارچ 2025 تک سیکیورٹیز کی فروخت کے ذریعے مزید 5.25 ٹریلین روپے اکٹھا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ویلتھ پاک کے ساتھ بات کرتے ہوئے

مذاکرات ختم ہونے میں قصور وار حکومت ہے، بیرسٹر علی ظفر

مذاکرات کا اس وقت کوئی چانس نہیں انہوں نے پہلے ہم سے تحریری طور پر ڈیمانڈ مانگیں

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر بیرسٹر علی ظفر کا کہنا ہے کہ مذاکرات ختم ہونے میں قصوروار حکومت ہے، مذاکرات کا اس وقت کوئی چانس نہیں، انہوں نے پہلے ہم سے تحریری طور پر ڈیمانڈ مانگیں پھر ان کے لیڈران نے پریس کانفرنس کر دی کہ یہ بات ماننے والی نہیں ہے، پارلیمنٹ ہاس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ اگر ان کے پاس کوئی حل ہے تو وہ ہمیں تحریری طور پر دیں۔ مذاکرات اس وقت ختم ہیں اور اس کا کوئی چانس بھی نظر نہیں آ رہا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہمیشہ اپوزیشن کو اہمیت نہیں دیتی اور اپنی مرضی چلانا چاہتی ہے انہوں نے بل پر کسی کو بات کرنے کی اجازت نہیں دی۔ بل کے متعلق ہم سے کوئی مشاورت ہی نہیں کی گئی۔ حکومت نے بل سے متعلق سٹیک ہولڈرز سے بھی مشاورت نہیں کی۔ خیال رہے کہ اس سے قبل سپیکر قومی اسمبلی نے مذاکرات میں پاکستان تحریک انصاف کے نہ آنے پر آج مذاکراتی کمیٹی کا اجلاس ملتوی کر دیا تھا

پی ٹی آئی نے عالیہ حمزہ کو پنجاب کا چیف آرگنائزر مقرر کر دیا

بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہدایت پر چیئرمین بیرسٹر گوہر نے عالیہ حمزہ ملک کی تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف نے سابق رکن قومی اسمبلی عالیہ حمزہ ملک کو پی ٹی آئی پنجاب کا چیف آرگنائزر مقرر کر دیا، بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہدایت پر چیئرمین بیرسٹر گوہر نے عالیہ حمزہ ملک کی تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، مبصرین کا کہنا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی تشکیل نو کا یہ عمل جاری رہے گا اور اہم عہدوں پر مزید تبدیلیاں دیکھنے کو ملیں گی۔ قبل ازیں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ علی امین گنڈاپور سے کو بھی صوبائی صدارت سے ہٹا دیا گیا تھا اور ان کی جگہ پی ٹی آئی کے رکن قومی جنید اکبر کو خیبر پختونخواہ کا صدر مقرر کیا گیا تھا۔ بعدازاں جنید اکبر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین بھی منتخب ہوگئے تھے۔ یاد رہے کہ چند روز قبل بانی پی ٹی آئی عمران خان نے وزیر اعلی خیبر پختونخواہ علی امین گنڈاپور کو صوبائی صدارت سے ہٹا دیا تھا۔ بانی پی ٹی آئی نے وزیر اعلی خیبر پختونخواہ علی امین گنڈاپور سے پارٹی کی صوبائی صدارت کا عہدہ واپس لیتے ہوئے ان کی جگہ پارٹی رہنما اور چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی جنید اکبر کو پارٹی کا نیا صوبائی صدر مقرر کیا تھا۔ بانی پی ٹی آئی نے پارٹی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کو جنید اکبر کی تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کی بھی ہدایت کی تھی۔

چیف سیکرٹری پنجاب کا گوجرانوالہ کا دورہ، ہل ریزورٹ منصوبے کا افتتاح کیا

زاہد اختر زمان نے شہر کے مختلف علاقوں میں ستھرا پنجاب پروگرام اور تجاوزات کیخلاف مہم کا جائزہ لیا، ضروری ہدایات جاری کیں

لاہور (این این آئی) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے جمعہ کے روز گوجرانوالہ کا دورہ کیا، جی ٹی روڈ سے منسلک ڈمپنگ پوائنٹ کی 11 ایکڑ اراضی پر ہل ریزورٹ کے منصوبے اور قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول میں سات کروڑ روپے لاگت سے تعمیر ہونیوالے کالج بلاک کا افتتاح کیا۔ چیف سیکرٹری نے شہر کے مختلف علاقوں میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے ستھرا پنجاب پروگرام اور تجاوزات کیخلاف مہم کا جائزہ لیا اور ضروری ہدایات جاری کیں۔ کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی، سیکرٹری ٹرانسپورٹ عمران سکندر بلوچ، سیکرٹری کمیونیکیشن اینڈ ورکس لیفٹیننٹ (ر) سہیل اشرف، ڈپٹی کمشنر نوید احمد بھی انکے ہمراہ تھے۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا ڈمپنگ پوائنٹ متبادل جگہ منتقل کر دیا گیا ہے

کوئٹہ، صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بارش ہونے کے دوران خوبصورت منظر

لاہور میں 50 فیصد رکشہ ڈرائیورز کے پاس لائسنس نہیں، عدالت میں رپورٹ پیش

قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے جرمانے بڑھانے چاہئیں، خالی پلاٹوں پر پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت پارکنگ بنانی چاہئے

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور اطہر محمود نے لاہور ہائیکورٹ کو آگاہ کیا کہ لاہور میں 50 فیصد رکشہ ڈرائیورز کے پاس لائسنس نہیں ہے جبکہ رکشہ یونینز کو تجویز دی گئی ہے کہ رکشہ ڈرائیورز کے لیے ایک مخصوص یونیفارم مقرر کیا جائے۔ لاہور ہائیکورٹ میں جسٹس شاہد کریم نے اسموگ تدارک سے متعلق ہارون فاروق سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی۔ چیف ٹریفک پولیس آفیسر لاہور اطہر وحید، ماحولیاتی کمیشن کے ممبران، واسا کے سینئر لیگل ایڈوائزر میاں عرفان اکرم سمیت دیگر نے رپورٹس پیش کیں۔ سماعت کے دوران جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیئے کہ وہ اکثر دھواں چھوڑتی گاڑیاں دیکھتے ہیں مگر ٹریفک پولیس کے افسران انہیں نظر انداز کر دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کی تصاویر لے کر جوڈیشل کمیشن کو بھیجی جا سکتی ہیں تاکہ کارروائی کی جا سکے۔ چیف ٹریفک آفیسر لاہور نے عدالت میں پیش ہو کر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں، بھکاری مافیا، رکشہ ڈرائیورز اور سڑکوں پر بڑھتی ہوئی گاڑیوں سے متعلق تفصیلات پیش کیں۔ سی ٹی او لاہور نے عدالت کو بتایا کہ گزشتہ سال ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 4 ہزار افراد کو گرفتار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک سگنلز پر بھکاری مافیا کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اور چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے ساتھ مل کر بھی کام کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بھیک سے متعلق قانون بہت پرانا ہے

کاشف سعید شیخ کا مقتول سنجے کمار کے بیٹے آریان کمار، سالے ساحل سمیت دیگر ورثاء سے اظہار افسوس

سندھ میں ڈاکو راج اور اغوا انڈسٹری کیخلاف مؤثر اقدامات کرے، بصورت دیگر حکمرانوں کا گھیراؤ کریں گے، امیر جماعت اسلامی سندھ

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی سندھ کے امیر کاشف سعید شیخ کہا ہے کہ ایک ہفتہ گزر جانے کے باوجود وسط شہر میں قتل اور زخمی ہونے والے ہندو نوجوانوں کے قاتلوں کو آج تک پولیس نے گرفتار نہیں کیا، سندھ حکومت نے بیان بازی سے آگے بڑھ کر لاڑکانہ سمیت اپر سندھ میں ڈاکو راج اور اغوا انڈسٹری کیخلاف اقدامات نہیں کیے تو عوام حکمرانوں کا گھیراؤ کریں گے۔ لاڑکانہ جو ایک پرامن شہر تھا آج اسے بھی یہاں کے منتخب نمائندوں اور سندھ پولیس نے اپنی نااہلی کی وجہ سے کشمور اور گھوٹکے کے کچے میں تبدیل کر دیا ہے۔ موٹرسائیکل چوری کے جھوٹے کیس میں جے ڈی رہنما اور سابق وفاقی وزیر غلام مرتضی جتوئی تو گرفتار ہو سکتے ہیں، لیکن شہر کے اندر سرعام ڈاکے، اغوا اور قتل کرنے والے مجرم سندھ پولیس سے نہیں پکڑے جاتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاڑکانہ میں ایک ہفتہ قبل ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر زخمی ہونے کے بعد ایک روز قبل کراچی کے نجی اسپتال میں جاں بحق ہونے والے ہندو تاجر سنجے کمار کے بیٹے آریان کمار اور سالے ساحل سمیت دیگر لواحقین کے ساتھ دکھ اور افسوس کا اظہار اور موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ جماعت اسلامی سندھ کے امیر نے مزید کہا کہ واقعے کو ایک ہفتہ گزر جانے کے باوجود مقتول سنجے کمار کے قاتل گرفتار نہ ہو سکے ورثاء اور ہندو پنچایت کے چیئرمین نے پولیس پر عدم اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ پولیس کی نااہلی کی وجہ سے ایک نوجوان کا قتل جبکہ دوسرا موت اور زندگی کی جنگ لڑ رہا ہے، لیکن پولیس نے اب تک بیان بازی کے سوا کچھ بھی نہیں کیا ہے۔ جماعت اسلامی سندھ میں ڈاکو راج، اغوا انڈسٹری اور شہریوں کے قتل کے واقعات کیخلاف جدوجہد کر رہی ہے۔ سکھر میں آل پارٹیز کانفرنس، ایس ایس پی دفاتر کے باہر احتجاجی مظاہروں سے لے کر شکارپور کندن بائی پاس پر احتجاجی دھرنا ہماری جدوجہد کا ثبوت ہے، ہم کسی بھی صورت میں صوفیوں اور درویشوں کی سرزمین سندھ کو مجرموں کا گڑھ نہیں بننے دیں گے۔ عوام سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ وہ کرپٹ اور نااہل حکمرانوں کیخلاف جماعت اسلامی کی جدوجہد میں ساتھ دیں تاکہ انہیں ڈاکو راج سے نجات اور تحفظ اور امن امان بحال ہو سکے۔ ہم مقتول سنجے کمار کے ورثاء اور ہندو پنچایت کے اس مطالبہ کی بھرپور حمایت کرتے ہیں کہ اس واقعے میں ملوث قاتلوں کیخلاف درج ایف آئی آر میں دہشت گردی کے دفعات شامل کی جائیں

پاکستان میں 54 فیصد سگریٹ غیر قانونی طور پر فروخت ہونے کا انکشاف

سگریٹ انڈسٹری میں ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کی موجودہ صورتحال پر سروے رپورٹ جاری

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں ٹریک اینڈ ٹریس ٹیکس اسٹیمپ کے بغیر 54 فیصد غیر قانونی سگریٹ فروخت ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ انسٹیٹیوٹ آف پبلک اوپینین ریسرچ کی تحقیق سامنے آگئی، سگریٹ انڈسٹری میں ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کی موجودہ صورتحال پر سروے رپورٹ جاری کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ٹریک اینڈ ٹریس کے حوالے سے سروے مختلف 19 اضلاع میں کیا گیا، سروے میں کل 413 سگریٹ برانڈز کی نشاندہی کی گئی۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ریکارڈ میں بھی 413 سگریٹ برانڈز موجود نہیں ہیں جبکہ 413 سگریٹ برانڈز میں سے صرف 19 سگریٹ برانڈز پر ٹریک اینڈ ٹریس ٹیکس اسٹیمپ پائی گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 413 میں سے صرف 95 سگریٹ برانڈز پر حکومت پاکستان کے منظور کردہ تصویری و تحریری ہیلتھ وارننگ موجود پائی گئی جبکہ 286 سگریٹ برانڈز پر نہ تو منظور کردہ ہیلتھ وارننگ اور نہ ہی ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم ٹیکس اسٹیمپ موجود پائی گئی۔

کوئٹہ، پاکستان پیپلز پارٹی ہزارہ ٹاؤن کے رہنما انجینئر ہادی عسکری، حاجی عیسیٰ، عہدیہ بتول، سید اسحاق، ناظر حسین اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جنسی ہراسانی سے تحفظ کیلئے تحصیل سطح پر اینٹی ریپ کرائسز سیل قائم کیے جائیں گے، خواجہ سلمان رفیق

اینٹی ریپ کرائسز سیل کے قیام سے متاثرہ افراد کو میڈیکل ایڈ اور قانونی چارہ جوئی کا تحفظ ایک چھت تلے دستیاب ہوگا، وزیر صحت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے بہاولپور وکٹوریہ ہسپتال میں اینٹی ریپ کرائسز سیل کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ جنسی ہراسانی سے تحفظ کیلئے تحصیل سطح پر اینٹی ریپ کرائسز سیل قائم کیے جائیں گے۔ اپنے بچے بچیوں کے تحفظ اور صحت مند معاشرہ کے قیام کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔ اینٹی ریپ کرائسز سیل کے قیام سے متاثرہ افراد کو میڈیکل ایڈ اور قانونی چارہ جوئی کا تحفظ ایک چھت تلے دستیاب ہوگا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ جنسی ہراسانی اور گھریلو تشدد کے خاتمہ کیلئے شعور اجاگر کیا جائے گا۔ اینٹی ریپ کرائسز سیل میں کام کرنے والے محکمہ جات کے سٹاف کی خصوصی تربیت کی جائے گی۔ اینٹی ریپ کرائسز سیل کی افتتاح کے موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری ساؤتھ پنجاب فواد ہاشم ربانی، ڈاکٹر لوئے شبانے، کنٹری ہیڈ یونائیٹڈ نیشن پاپولیشن فنڈ، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ اور محکمہ صحت کے افسران موجود تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے بہاول وکٹوریہ ہسپتال بہاول پور میں اینٹی ریپ کرائسز سیل کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا

لورالائی، ایڈیشنل کمشنر منور حسین مگسی اور شیخ سعید اتمان خیل و دیگر ٹرانسپورٹ کی چیکنگ کر رہے ہیں

ایس ایم بی آر نبیل جاوید کی زیر صدارت 2025 کا پہلا فل بورڈ اجلاس

فل بورڈ اجلاس میں 17 ایجنڈے پیش کیے گئے، گزشتہ فل بورڈ اجلاس کے فیصلوں کی منظوری

لاہور (این این آئی) ایس ایم بی آر نبیل جاوید کی زیر صدارت 2025 کا پہلا فل بورڈ اجلاس ہوا۔ اے ڈی جی پی ڈی ایم اے، ڈی جی پیلرا، ڈی جی ڈی این جی نے اجلاس میں شرکت کی۔ چیف سیٹلمنٹ کمشنر، بورڈ ممبرز اور جوڈیشل ممبرز نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ فل بورڈ اجلاس میں 17 ایجنڈے پیش کیے گئے۔ ایجنڈا 1 میں گزشتہ فل بورڈ اجلاس کے فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ ممبر کالونیز ملک عبدالوحید نے ایگریکلچر گریجویٹ سکیم کا ایجنڈا پیش کیا۔ ایس ایم بی آر نے زراعت لائیو سٹاک اور آبپاشی محکموں سے سکیم سے متعلق میٹنگ کی ہدایات جاری کیں۔ خانیوال کی تحصیل جہانیاں میں لمبردار کیلئے ایڈیشنل پتی کا ایجنڈا پیش کیا گیا۔ موجودہ لمبرداری نظام میں مسائل کی نشاندھی کا ایجنڈا بھی اجلاس میں زیر بحث لایا گیا۔ ایس ایم بی آر نبیل جاوید نے لمبرداری نظام میں اصلاحات کی ہدایات جاری کیں۔ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل جاوید کا کہنا تھا کہ سرکاری اراضی جس مقصد کیلئے دی گئی ہے اسکی خلاف ورزی پر کارروائی ہوگی۔ لمبردار کو اگر سرکاری سہولیات مل رہی ہیں تو زمہ داریاں بھی ادا کرنا ہوں گی۔ ایجنڈا 4 میں لینڈ ایکوزیشن ایکٹ 1894 میں ترامیم کا جائزہ لیا گیا۔

جیکب آباد میں آن لائن دھوکہ دہی، شہری کے بینک اکاؤنٹ سے خودکار ادائیگی کے تحت 49 ہزار نکل گئے

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں آن لائن دھوکہ دہی، شہری کے بینک اکاؤنٹ سے خودکار ادائیگی کے تحت 49 ہزار نکل گئے، آن لائن فراڈ کے متعلق ایف آئی اے کو درخواست دی ہے فیصل احمد تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں آن لائن دھوکہ دہی کے واقعات میں اضافہ ہو گیا ہے، ایک شہری کے بینک اکاؤنٹ سے apple.com/bill کے نام سے خودکار ادائیگی کے تحت 49829.63 نکل گئے اس سلسلے میں شہری فیصل احمد نے بتایا

ورکرز ویلفیئر بورڈ سندھ کے فلاحی منصوبے بند کرنے کی افواہیں بے بنیاد ہیں، ترجمان ورکرز ویلفیئر بورڈ

کراچی (این این آئی) ورکرز ویلفیئر بورڈ سندھ کے فلاحی منصوبے بند کرنے کی افواہیں بے بنیاد ہیں۔ مزدوروں کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ بدعنوان عناصر پروپیگنڈا کر رہے ہیں کہ سیکریٹری/سی ای او ورکرز ویلفیئر بورڈ مزدوروں کے حقوق پامال کر رہے ہیں اور فلاحی منصوبے ختم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ کی صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد سے ملاقات

ملاقات میں یونیورسٹی میں بابا گرونانک چیئر قائم کرنے اور دیگر امور پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اقلیتی امور، رمیش سنگھ اروڑہ نے سابق صوبائی وزیر اور یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) کے صدر ابراہیم حسن مراد سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں مختلف تعلیمی اور مذہبی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، جس میں خصوصی طور پر یونیورسٹی میں مذہبی اقلیتی طلبہ کے لیے شری گرونانک اسکالرشپس کے اجراء کو خوب سراہا گیا۔ صوبائی وزیر نے یو ایم ٹی کے ساتھ اپنی دیرینہ وابستگی کا اظہار کرتے ہوئے یونیورسٹی کی تعلیمی خدمات پر روشنی ڈالی۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے یو ایم ٹی کے بانی ڈاکٹر حسن صہیب مراد کی تعلیم کے میدان میں گراں قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ڈاکٹر حسن مراد ایک شفیق اور وژنری رہنما تھے جنہوں نے تعلیم کے فروغ کے لیے بے شمار کوششیں کیں۔ انکا کہنا تھا کہ ڈاکٹر حسن صہیب مراد نظریات کو آگے بڑھاتے ہوئے یو ایم ٹی نے ابراہیم مراد کی نوجوان قیادت میں تعلیم کے شعبے میں اپنی ایک منفرد شناخت قائم کی ہے۔ ملاقات کے دوران سابق صوبائی وزیر اور چیئرمین یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے مذہبی اقلیتوں کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کی تعریف کی اور کہا کہ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ اس وقت امن کے سفیر کے طور پر کام کر رہے ہیں، جو معاشرتی ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے لیے اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

جامعہ عبدالولی خان میں مادری زبانوں کے عالمی دن کے حوالے سیمینار کا انعقاد

پختونخوا کالج آف آرٹس اور شعبہ پشتو جامعہ عبدالولی خان مردان میں مادری زبانوں کا عالمی دن کے حوالے سے سیمینار اور کلچر ڈے کا اہتمام کیا گیا

پشاور (این این آئی) جامعہ عبدالولی خان مردان میں پختونخوا کالج آف آرٹس، شعبہ پشتو، میوزیم اور امور نوجوانان ضلع مردان کے زیر اہتمام مادری زبانوں کا عالمی دن کے حوالے سے ایک روزہ سیمینار اور ثقافتی دن کا انعقاد کیا گیا۔ جس کی صدارت پروفیسر ڈاکٹر ظاہر شاہ وائس چانسلر عبدالولی یونیورسٹی مردان نے کی۔ اس موقع پر پرنسپل پروفیسر فضل ستار درانی، چیئرمین شعبہ پشتو ڈاکٹر سید ظفر اللہ بخشالی، میوزیم انچارج ڈاکٹر اعجاز خان، عثمان خان ڈائریکٹر آمور نوجوانان ضلع مردان، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن پروفیسر فرہاد صافی، ڈاکٹر فاروق، ڈاکٹر طارق محمود، اسفندیار افندی، کاظم خان، مراد خان اور میڈیا انچارج عابد محمود اور دیگر شعبہ جات کے سربراہان نے شرکت۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظاہر شاہ نے کہا تمام سرکاری اور نجی سکولز، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں تعلیم مادری زبانوں میں ہونے چاہئیں۔

سنگین جرائم کے خاتمے کا مشن، پنجاب پولیس صوبہ بھر میں خطرناک مجرمان کی سرکوبی کیلئے مصروف عمل

رواں سال کے دوران سنگین وارداتوں میں ملوث 677 گینگز کا خاتمہ کیا گیا، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس کا سنگین جرائم کے خاتمے کا مشن جاری ہے جس کے تسلسل میں پنجاب پولیس صوبہ بھر میں خطرناک مجرمان کی سرکوبی کیلئے مصروف عمل ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ رواں سال کے دوران سنگین وارداتوں میں ملوث 677 گینگز کا خاتمہ کیا گیا۔ لاہور سمیت صوبہ بھر میں کریمنل گینگز کے 1609 ارکان گرفتار کئے گئے جبکہ مجرمان کے قبضہ سے 41 کروڑ 50 لاکھ روپے مال مسروقہ (پراپرٹیز) برآمد کیا گیا۔ 144 گاڑیاں، 1921 موٹر سائیکلز، 78 تولے سونا، 672 موبائل فونز اور 260 مال مویشی برآمد کر کے مالکان کے حوالے کئے گئے۔ مختلف وارداتوں میں مطلوب مجرموں سے 32 کروڑ 50 لاکھ روپے نقدی بھی برآمد کی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ صوبائی دارالحکومت لاہور میں 422 گینگز کا خاتمہ اور 955 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ مجرموں کے قبضے سے 21 کروڑ 10 لاکھ روپے کا مال مسروقہ برآمد کیا گیا۔

سندھ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ سندھ کے شہریوں کی جان و مال کا تحفظ کرے، ثروت اعجاز قادری

کراچی (این این آئی) پاکستان سنی تحریک مرکزی صدر انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے سندھ کی صورتحال پر مرکز اہلسنت سے جاری اپنے بیان میں کہا کہ برسا برس سے سندھ پر حکمرانی کرنے والی جماعت نے کبھی بھی عوام کے مسائل کا کوئی حل نہیں نکالا ہے۔ سندھ حکومت کی ذمہداری ہے کہ وہ سندھ کے شہریوں کی جان و مال کا تحفظ کرے مگر سندھ حکومت اپنی ذمہداریاں نبھانے میں بری طریقے سے ناکام ہو چکی ہے۔ متعلقہ محکمہ سندھ حکومت کے احکامات کی کھلی خلاف ورزیاں کر رہے ہیں۔

خصوصی افراد، ڈونرز کیلئے وہیل چیئر نشان والے تاحیات منفرد شناختی کارڈ کا اجراء

حکومت نے قومی شناختی کارڈ کے قوانین مجریہ 2002ء میں ترامیم کی منظوری دے دی

اسلام آباد (این این آئی) نادرا نے خصوصی افراد اور اعضاء عطیہ کرنیوالے افراد کیلئے منفرد شناختی کارڈز کے اجراء کا فیصلہ کر لیا۔ ترجمان نادرا کے مطابق حکومت نے قومی شناختی کارڈ کے قوانین مجریہ 2002 میں ترامیم کی منظوری دے دی ہے۔ ترامیم کے تحت خصوصی افراد اور اعضا عطیہ کرنے والے افراد کیلئے منفرد شناختی کارڈز کا اجرا کیا جائے گا جس کا مقصد ان کی سہولتوں میں اضافہ اور شناخت کو مزید موثر بنانا ہے۔ ترجمان نادرا نے کہا کہ خصوصی افراد کیلئے تاحیات میعاد کیساتھ منفرد شناختی کارڈ جاری کیا جائیگا۔ یہ کارڈ پاکستان میں اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو وہیل چیئر کے لوگو کے ساتھ فراہم کیا جائے گا، خصوصی بچوں کے ب فارم یا جووینائل کارڈ پر بھی وہیل چیئر کا نشان شامل ہوگا۔ خصوصی افراد کیلئے متعلقہ وفاقی یا صوبائی اداروں میں اندراج کو ضروری قرار دیا گیا ہے۔ مزید برآں اعضاء عطیہ کرنیوالے افراد کو بھی تاحیات میعاد کیساتھ خصوصی کارڈ فراہم کیا جائے گا جس پر وہیل چیئر اور ڈونر دونوں کے نشانات ہوں گے۔ اعضاء کے عطیہ کیلئے متعلقہ ڈونر رجسٹریشن اتھارٹیز میں اندراج ضروری ہوگا۔ ترجمان نادرا نے بتایا کہ قواعد میں ترامیم کا نوٹیفکیشن آئندہ گزٹ آف پاکستان میں شائع ہونے کے بعد نافذ العمل ہوگا،

کراچی، لڑکی کی نازیبا تصاویر منگیتر کو بھیجنے کا جرم ثابت، ملزم کو 6 سال قید کی سزا

کراچی (این این آئی) لڑکی کی نازیبا تصاویر اس کے منگیتر کو بھیجنے پر ملزم انس کو 6 سال قید کی سزا سنادی گئی۔ کراچی کے جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی نے لڑکی کی نازیبا تصاویر اس کے منگیتر کو بھیجنے کے مقدمے میں جرم ثابت ہونے پر عدالت نے سزا سنائی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت نے 6 سال قید کے ساتھ 90 ہزار روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔

کوئٹہ، پشتونخواہ نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ مادری زبانوں کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، سلیمان خیل قومی تحریک پاکستان کے چیئرمین سردار ناصر سلیمان خیل، سردار وحید سلیمان خیل اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

صنعتکار برادری کا گارمنٹس کنٹینر برآمد کرنے پر وزیر داخلہ سندھ سے اظہار تشکر

ضیاء لنجار کا نوٹس، پولیس نے بروقت کارروائی کر کے اغوا ہونے والا مسروقہ مال برآمد کر لیا، صدر کاٹی جنید نقی

کراچی (این این آئی) کراچی چیمبر اور شہر کے ساتوں انڈسٹریل زونز کاٹی، سائٹ، فباٹی، نکاٹی، بقاٹی، لاٹی، سائٹ سپر ہائی وے کی جانب سے وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار سے تشکر کا اظہار کیا ہے کہ انہوں نے گزشتہ روز اغوا ہونے والے گارمنٹس کے کنٹینر کا نوٹس لیتے ہوئے بروقت کارروائی کر کے مال برآمد کر لیا، جس سے انڈسٹری کو کروڑوں روپے کے نقصان سے بچایا گیا۔ کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر جنید نقی نے اس کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ صنعتکار پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں اور ایسے واقعات سرمایہ کاروں کے اعتماد کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز کراچی میں مسلح ملزمان نے ایک گارمنٹس کنٹینر کو اسلحے کے زور پر اغوا کر لیا تھا، جس کے بعد صنعتکاروں میں شدید تشویش پائی جا رہی تھی۔ کاٹی کے ڈپٹی پیٹرن انچیف زبیر چھایا نے واقعے کی اطلاع ملتے ہی فوری طور پر وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار سے رابطہ کیا اور صنعتوں کو درپیش لاحق خطرات سے آگاہ کیا۔ وزیر داخلہ کی ہدایت پر ڈی آئی جی ایسٹ عثمان غنی کی نگرانی میں پولیس نے فوری تحقیقات کا آغاز کیا اور بروقت کارروائی کر کے مسروقہ سامان برآمد کر لیا۔

پاکستان کا فارماسیکٹر برآمدات میں اضافے کے لیے تیار ہے، یونائیٹڈ بزنس گروپ

فارماسیکٹر پر توجہ مرکوز کرنے کا یہ صحیح وقت ہے، زبیر طفیل، خالد تواب، حنیف گوہر، سید مظہر علی ناصر

کراچی (این این آئی) یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) نے پاکستان کے فارماسیکٹر کی صلاحیت کو اجاگر کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے، جو ملک کی برآمدات میں نمایاں حصہ ڈالنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یو بی جی کے صدر زبیر طفیل اور دیگر رہنماں خالد تواب، حنیف گوہر اور سید مظہر علی ناصر کے مطابق پاکستان کا فارماسیکٹر چند سالوں میں 5 بلین ڈالر کے برآمدی ہدف کو حاصل کر سکتا ہے، جس سے ملک کی عالمی سطح پر تصویر تبدیل ہو جائے گی، اس مقصد کے حصول کے لیے حکومت کو فارماسیکٹر کو مراعات فراہم کرنی چاہئیں،

پی ٹی آئی سندھ کی جانب سے دریائے سندھ بچاؤ عوامی رابطہ مہم کا آغاز کر دیا گیا

کراچی (این این آئی) پی ٹی آئی سندھ کی جانب سے دریائے سندھ بچاؤ عوامی رابطہ مہم کا آغاز کیا گیا، پی ٹی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ دریائے سندھ کے پانی پر ڈاکے کے خلاف عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں دھابیجی، گھارو، ٹھٹھہ، سلطان آباد، سجاول، گولارچی، بدین، ٹنڈو الہیار، ٹنڈو محمد خان سمیت دیگر شہروں میں پہنچے۔ حلیم عادل شیخ کے ہمراہ ایم پی اے چوہدری اویس، ایم پی اے واجد حسین، پی ٹی آئی رہنما امین اللہ موسی خیل، ایڈووکیٹ محمد اشرف سموں، پیر زمان شاہ جیلانی، جانشیر جونیجو، نوید عالم صدیقی، پیر مرتضی شاہ جیلانی سمیت دیگر رہنما بھی و کارکنان کی بڑی تعداد سندھ رابطہ مہم میں شامل تھی۔

عبدالولی خان یونیورسٹی اور آئی سی سی بی ایس کے درمیان معاہدہ

تحقیقی و تعلیمی وسائل کے اشتراک کو یقینی بنایا جائے گا، دستخط ایک اجلاس کے دوران ہوئے

کراچی (این این آئی) بین الاقوامی مرکز برائے کیمیائی و حیاتیاتی علوم (آئی سی سی بی ایس) جامعہ کراچی اور عبدالولی خان یونیورسٹی مردان کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط ہوئے ہیں جس کا بنیادی مقصد دونوں اداروں کے درمیان فیکلٹی اور طلبہ کے تبادلے کے ساتھ ساتھ تحقیقی اور تعلیمی وسائل کے اشتراک کو یقینی بنانا ہے۔ آئی سی سی بی ایس جامعہ کراچی کے ترجمان کے مطابق آئی سی سی بی ایس جامعہ کراچی کی ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر فرزانہ شاہین اور عبدالولی خان یونیورسٹی کی جانب سے چیئرمین لائیو اسٹاک پروڈکشن، کالج آف ویٹرنری سائنسز اینڈ اینیمل ہسبنڈری، ڈاکٹر طاہر عثمان نے ڈاکٹر پنجوانی سینٹر فار مالیکولر میڈیسن اینڈ ڈرگ ریسرچ جامعہ کراچی میں منعقدہ ایک اجلاس کے دوران مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر عصمت سلیم سمیت دیگر اعلی عہدیدار بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، پروفیسر ڈاکٹر فرزانہ شاہین نے آئی سی سی بی ایس کو جامعہ کراچی کا ایک بین الاقوامی سطح پر معروف تحقیقی ادارہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ مرکز یونیسکو کے تحت ایک کیٹیگری ٹو سینٹر کے طور پر تسلیم شدہ ہے جو مختلف ممالک کے اسکالرز کو کیمیکل، بایولوجیکل، اور بایو کیمیکل سائنسز میں اعلی معیار کی تحقیق اور تربیت فراہم کر رہا ہے۔ ڈاکٹر طاہر عثمان نے آئی سی سی بی ایس کو جامعہ کراچی کی تحقیقی و تعلیمی سہولیات کو سراہتے ہوئے کہا

پتریاٹا میں جنگلاتی آگ کی روک تھام اور کنٹرول کے حوالے سے آگاہی سیمینار

لاہور (این این آئی) پنجاب ٹورازم ڈیولپمنٹ کارپوریشن (ٹی ڈی سی پی) اور محکمہ جنگلات نے پتریاٹا کی مقامی کمیونٹی کے تعاون سے جنگلاتی آگ کی روک تھام اور کنٹرول کے حوالے سے ایک آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا۔ سیمینار کا مقصد عوام کو جنگلاتی آگ کے اسباب، ان کے مہلک اثرات اور ان کی روک تھام کے مؤثر طریقوں سے آگاہ کرنا تھا۔ سیمینار میں ڈپٹی کمشنر مری، ضلعی پولیس افسر (ڈی پی او) مری، ریسکیو 1122، دیگر اہم حکام، مقامی افراد اور ماحول دوست شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

وفاق المدارس عربیہ میں بغیر داڑھی امتحان کی اجازت نہ ملنے کے خلاف فیصلہ محفوظ

عدالت نے وفاق المدارس کی قانونی حیثیت پر سوالات اٹھا دیئے، جو ڈگری وفاق المدارس دے گا اس کی حیثیت کیا ہوگی؟ ہائی کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) مدارس پالیسی کے مطابق داڑھی نہ رکھنے پر امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہ ملنے کے خلاف درخواست پر اسلام آباد ہائی کورٹ نے فیصلہ محفوظ کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ میں وفاق المدارس عربیہ کے امتحانات میں بغیر داڑھی امتحان کی اجازت نہ ملنے کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ کامران مرتضٰی، اسسٹنٹ اٹارنی جنرل اور وزارت تعلیم کے حکام عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے وفاق المدارس کی قانونی حیثیت پر سوالات اٹھا دیئے۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا کہ وفاق المدارس کی قانونی حیثیت کیا ہے؟ وفاق المدارس کس قانون کے تحت ڈگریاں دیتی ہے؟ بنیادی سوال یہ ہے کہ بچہ جو ڈگری وفاق المدارس سے حاصل کرے گا اس کی حیثیت کیا ہوگی؟ جج نے کہا کہ وفاق المدارس کے ڈگری ہولڈر بچوں اور دیگر تعلیمی اداروں سے پاس بچوں کو ایک ہی جیسی سہولیات میسر ہوں گی؟ عدالت وفاق المدارس کس قانون کے تحت دوسرے اداروں کو اپنے پاس رجسٹرڈ کرتی ہے؟ بچے پاکستان کا مستقبل ہیں، کسی بچے کو دینی و دنیاوی تعلیم حاصل کرنے سے نہیں روکا جا سکتا

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون وفیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

سپورٹس SPORTS

قومی کرکٹ ٹیم کی لاڈرہل میں بھرپور پریکٹس

پریکٹس سیشن سے قبل کھلاڑیوں نے وارم اپ اور فٹنس ڈرلز کیں، ہیڈ کوچز اور ٹرینرز کی زیر نگرانی بیٹنگ، باولنگ اور فیلڈنگ کی بھرپور تیاری کی،

لاڈرہل (این این آئی) پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ٹی 20 انٹرنیشنل سیریز سے قبل قومی سکواڈ نے براورڈ کاؤنٹی سٹیڈیم لاڈرہل میں بھرپور پریکٹس سیشن میں حصہ لیا۔ قومی ٹیم نے 3 گھنٹے طویل پریکٹس سیشن میں شرکت کی جس میں کھلاڑیوں نے ہیڈ کوچز اور ٹرینرز کی زیر نگرانی بیٹنگ، باولنگ اور فیلڈنگ کی بھرپور تیاری کی۔ پریکٹس سیشن سے قبل کھلاڑیوں نے وارم اپ اور فٹنس ڈرلز کیں جس کے بعد بیٹرز اور باؤلرز نے نیٹس میں اپنی کارکردگی کو نکھارا۔ یاد رہے کہ پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان پہلا ٹی 20 میچ 31 جولائی کو کھیلا جائے گا جس کا مقام براورڈ کاؤنٹی سٹیڈیم لاڈرہل ہی ہوگا، قومی ٹیم سیریز کے لیے بھرپور تیاری کر رہی ہے اور شائقین کو امید ہے کہ گرین شرٹس شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

ملتان، انڈر 19 سکل ڈویلپمنٹ کیمپ کے دوران نوجوانوں کی ٹریننگ جاری ہے

فٹنس کا اصل راز خود پر کنٹرول رکھنے میں ہے، وسیم اکرم

کھانا کم کرو، 36 نان کھانے کی ضرورت نہیں، لیجنڈری کرکٹر کا نوجوانوں کو مشورہ

لاہور (این این آئی) پاکستان کے لیجنڈری کرکٹر وسیم اکرم نے نوجوان کھلاڑیوں کو فٹنس سے متعلق ایک نہایت دلچسپ اور حقیقت پر مبنی مشورہ دیا ہے جو سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہو رہا ہے۔ سوئنگ کے سلطان وسیم اکرم نے اپنے کیریئر میں متعدد ریکارڈز قائم کیے ہیں، انہوں نے ہمیشہ نوجوان کھلاڑیوں کی میدان میں بہترین کارکردگی دکھانے کے لیے حوصلہ افزائی کی ہے۔ حال ہی میں انہوں نے کھلاڑیوں کی فٹنس پر بڑھتی ہوئی تنقید کے تناظر میں نوجوانوں کو سادہ مگر مؤثر مشورہ دیا۔ سابق کپتان کا کہنا تھا کہ کھانا کم کرو، 36 نان کھانے کی ضرورت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ فٹنس کا اصل راز اعتدال میں کھانے اور خود پر کنٹرول رکھنے میں ہے، یہی اصول وہ خود بھی برسوں سے اپناتے چلے آ رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر ان کا یہ بیان نہایت پسند کیا جا رہا ہے، ایک صارف نے لکھا کہ وسیم بھائی کا پنجابی انداز زبردست ہے، ایک اور صارف نے تبصرہ کیا کہ آج کل کے کھلاڑیوں میں واقعی فٹنس کا فقدان ہے۔

سعودی عرب میں کرکٹ کا مستقبل روشن ہے، جاوید میانداد

ہر کھلاڑی پرفارمنس دکھائے تو نتیجہ کامیابی کی صورت میں نکلتا ہے، تقریب میں شرکت

جبیل (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور لیجنڈری بیٹسمین جاوید میانداد کا کہنا ہے کہ سعودی عرب میں کرکٹ کا مستقبل روشن ہے، یہاں نئے کھلاڑیوں کو چاہیے کہ وہ پروفیشنل کوچز سے ٹریننگ حاصل کریں۔ جبیل میں منعقدہ تقریب میں عہد ساز بیٹسمین جاوید میانداد نے کہا کہ ہر کھلاڑی گراؤنڈ میں محنت اور لگن کے ساتھ اعتماد سے پرفارمنس دکھائے تو نتیجہ کامیابی کی صورت میں نکلتا ہے۔ ماسٹر بیٹسمین نے کہا کہ انہیں یہ دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے کہ سعودی عرب میں کرکٹ کا کھیل بڑی تیزی سے مقبول ہو رہا ہے۔ تقریب میں اسپورٹس کمیونٹی کے صدر معاذ منیر نے جاوید میانداد کی آمد کا شکریہ ادا کیا۔ بعدازاں پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان جاوید میانداد نے الخوبر میں ای پی سی اے 100 بالز فلڈ لائٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

مونٹ ریال، نیشنل بینک اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں لارا سیگ مونڈ شاٹ کھیل رہی ہیں

بھارت کو پانچویں اور آخری ٹیسٹ میچ میں شکست دیکر سیریز 1-3 سے اپنے نام کریں گے، جو روٹ

لندن (این این آئی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز بلے باز جو روٹ نے کہا ہے کہ مہمان ٹیم کو پانچویں اور آخری ٹیسٹ میچ میں شکست دیکر 5 میچوں کی سیریز کا اختتام 1-3 کی فتح سے کریں گے۔ 34 سالہ مڈل آرڈر بلے باز نے کہا کہ وہ بھارتی ٹیم کے خلاف اب تک کھیلے گئے سیریز کے چار میچوں میں اپنی کارکردگی سے مطمئن ہیں اور پانچویں میچ میں بھی اپنی کارکردگی کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کریں گے۔ اپنے ایک بیان میں جو روٹ نے کہا ہے کہ ان کی ٹیم مکمل طور پر فٹ اور بھرپور فارم میں ہے اور مہمان ٹیم کے خلاف سیریز کے آخری ٹیسٹ کیلئے میدان میں اترنے کو بے تاب ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم بھارتی ٹیم کے خلاف سیریز جیتنے کے لئے پرعزم ہیں۔ انگلینڈ کو بھارت کے خلاف پانچ ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں 1-2 کی برتری حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی ٹیم نے پانچویں ٹیسٹ میچ کے لئے حکمت عملی تیار کرلی ہے جس کے مطابق تیاری کی جارہی ہے۔ جو روٹ نے کہا کہ بھارت کے خلاف چوتھے ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں 150 رنز کی اننگز کھیل کر بہت خوش ہوا، لیکن میچ ڈرا ہوگیا تاہم میں پرامید ہوں کہ ان کی ٹیم پانچویں اور آخری ٹیسٹ میں بھی عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے نہ صرف فتح حاصل کرے گی بلکہ سیریز کا اختتام بھی 1-3 سے کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وہ بھارت کے خلاف پانچویں میچ میں بھی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ سیریز جیتنا ہدف ہے اور مقصد کے حصول کیلئے سخت محنت کریں گے۔ پانچویں ٹیسٹ کی دلچسپ بات یہ ہے کہ بھارت کو سیریز برابر کرنے کے لئے یہ میچ جیتنا لازمی ہوگا جبکہ انگلینڈ کو سیریز اپنے نام کرنے کے لئے یہ میچ کم از کم ڈرا کھیلنا ہوگا۔ واضح رہے کہ انگلینڈ اور بھارت کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان پانچواں اور آخری ٹیسٹ میچ 31 جولائی سے کیننگٹن اوول، لندن میں شروع ہوگا۔

انضمام، سرفراز نے ٹیپ بال کرکٹ کی مقبولیت کو خوش آئند قرار دیدیا

ٹیپ بال کے نامور کھلاڑیوں کی عوامی مقبولیت بھی قابل فخر ہے، انضمام الحق

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سابق ٹیسٹ کپتان انضمام الحق اور سرفراز احمد نے ٹیپ بال کرکٹ کی تیزی سے بڑھتی ہوئی مقبولیت کو خوش آئند قرار دے دیا۔ کراچی میں ٹیپ بال ٹورنامنٹ کے فائنل کی تقریب میں اظہار خیال کرتے ہوئے پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ اور سابق چیف سلیکٹر انضمام الحق نے کہا کہ ان کے دور میں ہارڈ بال کرکٹ ٹورنامنٹ میں بھی 50 لاکھ روپے انعامی رقم نہیں ہوتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اچھی بات یہ ہے کہ شائقین بھی بہت بڑی تعداد میں ٹیپ بال کے مقابلے دیکھنے کے لیے اسٹیڈیمز کا رخ کرتے ہیں، ٹیپ بال کے نامور کھلاڑیوں کی عوامی مقبولیت بھی قابل فخر ہے۔ اس موقع پر سابق ٹیسٹ کپتان سرفراز احمد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنے ابتدائی دور میں سڑکوں پر بہت ٹیپ بال کرکٹ کھیلی اور آج اس مقام پر پہنچے۔

کیلیفورنیا، نیو یارک میٹس اور سان فرانسسکو جائنٹس کے مابین بیس بال میچ کا منظر

غرور کا سر نیچا، ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز میں بھارت کا آخری نمبر

بھارتی ٹیم نے پاکستان کیساتھ کھیلنے سے انکار کیا اور اگلے تینوں میچ ہار گئی

لندن (این این آئی) بھارت کا غرور اس کو لے ڈوبا اور لڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز کا دفاعی چیمپئن فائنل کی دوڑ سے باہر آخری نمبر پر پہنچ گیا۔ ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز کا دوسرا ایڈیشن برطانیہ میں کھیلا جا رہا ہے اور ابتدائی راؤنڈ اختتام کی جانب گامزن ہے۔ تاہم پہلے ایڈیشن کی فاتح اور ٹائٹل کی دفاعی چیمپئن ٹیم بھارت اپنے ہی دام میں ایسی پھنسی کہ فائنل کھیلنا تو دور کی بات، اب وہ پوائنٹس ٹیبل پر سب سے آخری نمبر پر پہنچ گئی ہے۔ ڈبلیو سی ایل میں 6 ٹیمیں شریک ہیں اور ہر ٹیم نے ابتدائی راؤنڈ میں پانچ، پانچ میچز کھیلنے ہیں۔ جنوبی افریقہ چیمپئنز اور انگلینڈ چیمپئنز نے اپنے تمام میچز کھیل لیے ہیں۔ پاکستان چیمپئنز، آسٹریلیا چیمپئنز، ویسٹ انڈیز چیمپئنز اور بھارت چیمپئنز کا ایک ایک میچ باقی ہے۔ بھارت چیمپئنز نے ٹورنامنٹ کا آغاز روایتی حریف پاکستان چیمپئنز سے مقابلے کے ساتھ کرنا تھا، لیکن میچ سے کچھ دیر قبل کچھ بھارتی لیجنڈز کھلاڑیوں نے پاکستان سے کھیلنے سے انکار کر دیا اور میچ منسوخ کر دیا گیا۔ بھارت کے اس بچکانہ فیصلے کا نتیجہ یہ نکلا کہ وہ اپنے اگلے تینوں میچ ہار چکی ہے اور صرف ایک میچ باقی ہے۔

ڈلاس امیچور گالف میں سعد حبیب کی شاندار کارکردگی، سعد حبیب ملک نے دوسری پوزیشن حاصل کرلی

ڈیلس (این این آئی) پاکستان کے نیشنل جونیئر امیچور گالف چیمپئن، سعد حبیب ملک نے ڈلاس امیچور گالف چیمپئن شپ 2025 میں شاندار مہارت اور عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوسری پوزیشن حاصل کی، جوان کے کیریئر کا ایک اہم سنگ میل ہے۔ یہ مقابلے 25 تا 27 جولائی امریکا کے شہر ڈلاس میں واقع مشکل اور تکنیکی اعتبار سے چیلنجنگ سیڈر کریسٹ گالف کورس پر منعقد ہوئے، جس میں 60 ایسے کھلاڑیوں نے حصہ لیا جن کے ہینڈی کیپ +2 یا اس سے بہتر تھے اور جو سخت کوالیفائنگ راؤنڈز سے گزر کر منتخب ہوئے تھے۔ سعد کو ان کی شاندار ورلڈ امیچور گالف رینکنگ (WAGR) کی بنیاد پر چیمپئن شپ میں خصوصی استثنیٰ کے تحت شرکت کی اجازت دی گئی۔ سیڈر کریسٹ گالف کورس کی ریٹنگ 73 اعشاریہ 2 اور سلوپ 131 تھی اور شدید گرمی اور نمی کے باعث کھیل مزید مشکل ہوگیا۔ پورے ٹورنامنٹ میں صرف چار کھلاڑی ہی انڈر پار اسکور کرنے میں کامیاب ہوئے۔ پہلے راؤنڈ میں سعد کو قدرے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، جہاں ان کا اسکور چار اوور پار رہا۔ تاہم، دوسرے راؤنڈ میں انہوں نے شاندار واپسی کی، چار برڈیز اور کوئی بوگی کے بغیر چار انڈر پار اسکور کرتے ہوئے اپنی لانگ ہٹنگ مہارت کا بھرپور مظاہرہ کیا، جس نے انہیں برڈیز کے کئی مواقع فراہم کیے۔ تیسرے اور فائنل راؤنڈ میں ان کی رفتار برقرار رہی اور انہوں نے چھ برڈیز اور ایک بوگی کے ساتھ پانچ انڈر پار اسکور کیا۔ خاص طور پر ہولز 13، 14، اور 15 پر لگاتار تین برڈیز کی سیریز ان کی کارکردگی کا نمایاں پہلو تھی۔ سعد نے پانچ انڈر پار کے مجموعی اسکور کے ساتھ سیم بریور کے ساتھ ٹائی کیا، تاہم کاؤنٹ بیک فارمولے کے تحت سعد کو دوسری پوزیشن دی گئی۔ اگرچہ وہ پہلی پوزیشن سے تھوڑے سے فرق سے محروم رہے، لیکن ان کی کارکردگی ان کی مہارت، حکمتِ عملی، اور ذہنی مضبوطی کا واضح ثبوت تھی۔ سعد حبیب ملک کی یہ کامیابی ان کے گالف کیریئر میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔

ڈومیسٹک کرکٹ سیزن، کھلاڑیوں کیلئے سخت فٹنس ٹیسٹ لازمی قرار

ریجنل سکواڈز میں جگہ کے خواہشمند کھلاڑی متعلقہ ہیڈ کوارٹرز میں فٹنس ٹیسٹ دینگے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ڈومیسٹک کرکٹ سیزن 26-2025 کے آغاز سے قبل تمام ریجنل اور ڈیپارٹمنٹل کھلاڑیوں کے لئے سخت فٹنس ٹیسٹ کو لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ ڈومیسٹک سیزن کا آغاز اگست میں 12 ٹیموں پر مشتمل حنیف محمد ٹرافی سے ہوگا، جس کے بعد 8 ٹیموں کی قائد اعظم ٹرافی'' کھیلی جائے گی۔ پی سی بی کے اعلامیے کے مطابق ان دونوں ٹورنامنٹس میں شرکت کرنے والی 16 ریجنل ٹیمیں اپنے ابتدائی سکواڈز کے کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ سیزن کے آغاز سے ایک ہفتہ قبل مکمل کریں گی۔ بورڈ نے دو سطحوں پر مشتمل نیا فٹنس معیار تیار کیا ہے، جس میں ایک سطح پاتھ وے کھلاڑیوں کے لیے اور دوسری تجربہ کار ڈومیسٹک کھلاڑیوں کے لیے مخصوص کی گئی ہے۔ پی سی بی نے فٹنس جانچ کا عمل پہلے ہی چیلنج کپ'' اور سینیئر انٹر ڈسٹرکٹ ٹورنامنٹس'' کے دوران ملک بھر کے 107 اضلاع میں اپنے سٹرینتھ اینڈ کنڈیشننگ کوچز کی نگرانی میں مکمل کیا ہے۔ اب اگست کے مہینے میں تقریباً 400 کھلاڑی، جو ریجنل سکواڈز میں جگہ کے خواہشمند ہیں، اپنے متعلقہ ریجنل ہیڈکوارٹرز میں فٹنس ٹیسٹ دیں گے۔ انڈر-19 کھلاڑی بھی ریجنل انڈر-19 ون ڈے کپ'' میں شرکت سے پہلے فٹنس مراحل سے گزریں گے۔ پی سی بی ترجمان کا کہنا ہے کہ ریجنل فرسٹ کلاس کھلاڑیوں کو سخت جسمانی اور متحرک ٹیسٹس سے گزارا جائے گا، جن کی روشنی میں نہ صرف ان کی کھیل کے لیے فٹنس کا اندازہ لگایا جائے گا بلکہ آئندہ سیزن کے لیے ڈومیسٹک کنٹریکٹس پر بھی غور کیا جائے گا۔ اہم پیش رفت یہ ہے کہ پی سی بی اس بار تمام ڈیپارٹمنٹل کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ خود لے گا۔ پہلے ہر ڈیپارٹمنٹ اپنے طور پر فٹنس ٹیسٹنگ کرتا تھا، مگر اب پی سی بی نے اس عمل کو یکساں بنانے کے لیے تمام ڈیپارٹمنٹس کے ساتھ براہِ راست تعاون شروع کر دیا ہے۔ پی سی بی نے واضح کیا ہے کہ پری سیزن فٹنس ٹیسٹنگ کا مقصد یہ ہے کہ صرف مکمل فٹ کھلاڑی ہی ڈومیسٹک کرکٹ میں حصہ لے سکیں۔ جن کھلاڑیوں کے نتائج ناکافی ہوں گے، انہیں ایک بار دوبارہ ٹیسٹ کا موقع دیا جائے گا، تاہم مسلسل ناکامی کی صورت میں انہیں سیزن کے کسی بھی ٹورنامنٹ میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ پی سی بی کا یہ فیصلہ نہ صرف کھلاڑیوں کی جسمانی تیاری کو بہتر بنانے میں مدد دے گا بلکہ ڈومیسٹک کرکٹ کا معیار بھی بلند ہوگا۔

برازیل، فٹ بال میچ میں فلامنگو اور ایٹ لیٹی کو مانیرو کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون وفیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

شوبز SHOWBIZ

روزرات کو بیوی کے پاؤں دبا کر سوتا ہوں، احمد حسن کا انکشاف

ایسے ذاتی معاملات ٹی وی پر شیئر کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ صارفین کی تنقید

کراچی (این این آئی) پاکستان کے ابھرتے ہوئے اداکار احمد حسن نے حال ہی میں ایک ٹی وی شو میں شرکت کے دوران ایسا انکشاف کر دیا جس نے سوشل میڈیا پر ہنسی، حیرت اور بحث کی لہر دوڑ گئی ہے۔ اداکار نے نجی ٹی وی کے انٹرٹینمنٹ شو گپ شاپ نائٹ میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ: یہ میرا روز کا معمول ہے کہ میں سونے سے پہلے بیوی کے پاؤں دباتا ہوں۔ اس سے اسے سکون ملتا ہے، اور مجھے برکت۔ احمد حسن اور نوشین احمد حسن پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کے معروف اداکار ہیں جو گزشتہ 12 سال سے خوشگوار ازدواجی زندگی گزار رہے ہیں۔ دونوں کی ملاقات ایک ڈرامے کے سیٹ پر ہوئی تھی اور پھر یہ رشتہ محبت میں بدل گیا۔ شو کے دوران احمد حسن نے اپنی بیوی کے ساتھ فرمانبرداری کا اظہار کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ وہ روزانہ رات کو سونے سے پہلے اپنی بیوی کے پاں دباتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں ایک فرمانبردار شوہر ہوں اور اپنی بیوی سے اس بات کی گواہی بھی طلب کی۔ نوشین نے مزاحیہ انداز میں جواب دیا کہ ظاہر ہے وہ ایسا کریں گے، آخر وہ میرے شوہر ہیں! تاہم، اس بات پر سوشل میڈیا پر مرد صارفین کی طرف سے شدید ردعمل سامنے آیا۔ کچھ صارفین نے احمد حسن پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایسے ذاتی معاملات ٹی وی پر شیئر کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ جبکہ ایک اور صارف نے لکھا کہ بیوی کی حمایت کرنا اچھی بات ہے لیکن پاں دبانا حد سے زیادہ ہے۔ کچھ نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ ایسا صرف غیر محفوظ مرد ہی کرتے ہیں۔ دوسری طرف خواتین صارفین نے جوڑے کے تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ محبت کا اصل اظہار ہے۔ کچھ نے لکھا کہ کاش سب شوہر ایسے ہوتے۔

گلوکاری شروع کی تو خاندان نے ساتھ چھوڑ دیا، حمیرا اچنا

اس مقام تک پہنچنے کیلئے انہیں برسوں کی محنت، مزاحمت اور صبر کا سامنا کرنا پڑا، گلوکارہ

لاہور (این این آئی) معروف گلوکارہ حمیرا اچنا نے کہا ہے کہ گلوکاری کے ابتدائی دنوں میں انہیں اپنے ہی خاندان کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا، حتی کہ ان کے چچا نے والد سے تعلقات ختم کر دیئے تھے۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے حمیرا اچنا نے کہا کہ اگرچہ ان کے والد ایک فلم پروڈیوسر تھے اور والدہ کو بھی فنون لطیفہ سے لگا تھا تاہم گلوکاری کا پیشہ اختیار کرنے پر خاندان نے شدید ردعمل دیا۔ انہوں نے کہا کہ والد نے سندھی، پنجابی اور اردو فلمیں پروڈیوس کیں، اس لیے فن سے لگا ان کے ماحول میں پہلے سے موجود تھا لیکن اسکے باوجود انہیں اپنے نام اور مقام بنانے میں سخت جدوجہد کرنا پڑی۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ آج جہاں ہیں، اس مقام تک پہنچنے کیلئے انہیں برسوں کی محنت، مزاحمت اور صبر کا سامنا کرنا پڑا۔

کرشمہ کپور کے ارب پتی سابق شوہر کی موت؛ جائیداد پر تنازعات کھڑے ہوگئے

ممبئی (این این آئی) کرشمہ کپور کے سابق شوہر اور معروف بزنس مین سنجے کپور کی 300 ارب روپے کی سلطنت پر کنٹرول کے لیے ان کی والدہ اور دوسری بیوی کے درمیان تنازع شدت اختیار کر گیا۔ بھارت کی معروف آٹو پارٹس کمپنی سونا کومسٹار، چیئرمین سنجے کپور کی اچانک موت کے بعد ایک بڑے خاندانی تنازع کا شکار ہوگئی۔ سنجے کپور کی دوسری پریا سچدیو کپور کو بورڈ میں شامل کرلیا جس پر سنجے کی والدہ رانی کپور نے شدید اعتراضات اٹھائے ہیں۔ 25 جولائی کو ہونے والی سالانہ جنرل میٹنگ (AGM) میں سنجے کپور کی بیوہ پریا سچدیو کپور کو نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر مقرر کیا گیا تھا۔ جس پر سنجے کی والدہ رانی کپور نے شدید اعتراض کیا تھا اور اس اجلاس کو ملتوی کرنے کی درخواست کی تھی جو مسترد کر دی گئی۔ والدہ رانی کپور نے الزام لگایا تھا کہ ان سے بیٹے کی موت کے سوگ کے دوران زبردستی بند کمروں میں کچھ دستاویزات پر دستخط کروائے گئے تھے۔ رانی کپور نے کمپنی بورڈ اور شیئر ہولڈرز کو بھیجے گئے خط میں کہا کہ وہ اپنے شوہر ڈاکٹر سرندر کپور کی وصیت کے مطابق گروپ کی اصل وارث ہیں۔ اس خط میں سنجے کی والدہ نے یہ بھی واضح کیا کہ انہوں نے اپنی بہو سمیت کسی کو بھی خاندانی وراثت کی نمائندگی کا اختیار نہیں دیا۔ تاہم کمپنی نے ایک ریگولیٹری فائلنگ میں رانی کپور کے دعووں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ وہ 2019 سے شیئر ہولڈر نہیں رہیں۔

تارک مہتا کا الٹا چشمہ کی مشہور اداکارہ کا پروڈیوسرز پر واجبات ادا نہ کرنے کا الزام

ممبئی (این این آئی) معروف بھارتی اداکارہ جینفر بانسیوال نے تارک مہتا کا الٹا چشمہ کے پروڈیوسرز پر واجبات نہ دینے کا الزام عائد کر دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق جینفر نے حال ہی میں ایک انٹرویو میں شو کے پروڈیوسرز پر سنگین الزامات عائد کیے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ شو چھوڑنے والے کئی اداکاروں کو ان کے واجب الادا معاوضے تاحال نہیں دیے گئے۔ جینفر نے بھویا گاندھی، جو تارک مہتا کا الٹا چشمہ میں ٹپو کا کردار نبھا رہے تھے، کے شو چھوڑ کر جانے کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ ان کے جانے کے وقت بھی ادائیگی کا تنازع سامنے آیا تھا، جو غالباً 2017 یا 2018 میں ہوا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نیہا مہتا، جنہوں نے انجلی مہتا کا کردار ادا کیا تھا ان کو بھی اب تک ان کی مکمل ادائیگی نہیں کی گئی، تاہم اگر حالیہ دنوں میں کچھ دیا گیا ہو تو اس کی اطلاع انہیں نہیں۔ جینفر بانسیوال جنہوں نے اس مشہور فیملی کامیڈی شو میں سوڈی سنگھ کی اہلیہ کا کردار نبھایا تھا، نے یہ بھی انکشاف کیا کہ حالیہ آن ایئر شو میں کام کرنے والے اکثر فنکار صرف مالی مجبوریوں کے تحت کام کر رہے ہیں اور کئی لوگ ان ہی مالی حالات کے ڈر سے آواز نہیں اٹھا پاتے۔

شوبز انڈسٹری کے اندرونی مسائل پر اداکارہ صحیفہ جبار کا اہم انکشاف

ہم ان مسائل پر بات کیوں نہیں کرتے جو اصل میں اہم ہیں؟ اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ و ماڈل صحیفہ جبار خٹک نے حالیہ دنوں پاکستانی ڈراما انڈسٹری کے خلاف ایک تفصیلی اور بے باک بیان دے کر نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ انسٹاگرام پر اپنی اسٹوریز میں صحیفہ نے نہ صرف انڈسٹری کی ظاہری چمک دمک پر سوالات اٹھائے بلکہ اس کے پس پردہ چلنے والے غیر انسانی رویوں اور غیر پیشہ ورانہ ماحول پر بھی کڑی تنقید کی۔ صحیفہ کے مطابق پاکستانی ڈراموں میں سنجیدہ اور بامقصد کہانیوں کی جگہ صرف گلیمر اور سطحی تفریح کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ انہیں کبھی کام کی کمی کا سامنا نہیں ہوا، بلکہ انہوں نے خود کئی ایسے پروجیکٹس سے انکار کیا جن کے پیغام سے وہ متفق نہیں تھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے صرف دو ڈرامے بیٹی اور بھول اس لیے کیے کیونکہ ان میں معاشرتی شعور پیدا کرنے والی کہانیاں موجود تھیں۔ انہوں نے اسکرپٹ کے انتخاب کے عمل پر بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جب تک صرف کمرشل کامیابی کو ہی معیار سمجھا جاتا رہے گا، ہم وہ حقیقی اور اثر انگیز کہانیاں کبھی بیان نہیں کر سکیں گے جو معاشرے کو آئینہ دکھاتی ہیں۔ صحیفہ نے ڈراموں میں دکھائی جانے والی غیر حقیقت پسندانہ اسٹائلنگ پر بھی اعتراض کیا۔ ان کے مطابق کرداروں کو ان کے طبقے، حالات اور ثقافت کے مطابق دکھانے کی ضرورت ہے، نہ کہ کسی فینٹسی ورلڈ میں گھڑ کر پیش کرنے کی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں خوبصورتی نہیں، بلکہ سچ دکھانا ہے۔ انہوں نے معاشرتی مسائل کی جانب توجہ دلاتے ہوئے لکھا کہ ہمارے اردگرد بہت سی ایسی حقیقتیں موجود ہیں جنہیں ڈراموں کے ذریعے پیش کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے داتا دربار کے باہر نشے کے عادی افراد اور قصور جیسے سانحات کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ یہ وہ سچائیاں ہیں جو ہمیں جھنجھوڑ سکتی ہیں، لیکن ان پر کوئی بات نہیں کرتا۔ اداکارہ نے شوٹنگ سیٹس پر فنکاروں کے ساتھ ہونے والے سلوک کو بھی ہدفِ تنقید بنایا۔ ان کا کہنا تھا کہ فنکاروں کو مہینوں ادائیگی کا انتظار کرنا پڑتا ہے، کوئی معاہدہ مکمل طور پر لاگو نہیں ہوتا، اور سیٹ پر سہولیات کی شدید کمی ہوتی ہے۔ مرد و خواتین فنکاروں کو ایک ہی کمرے میں تیار ہونا، کھانا کھانا، اور آرام کرنا پڑتا ہے، جبکہ صفائی ستھرائی کا کوئی مناسب بندوبست نہیں ہوتا۔

جان سے مارنے کی دھمکیاں مل رہی ہیں، علیزے شاہ کا دعوی

جو خود حرام کھاتا ہے اسے نہ خدا کا خوف ہوتا ہے نہ اپنے زوال کا، اداکارہ

کراچی (این این آئی) تنازعات کی وجہ سے مشہور اداکارہ علیزے شاہ نے جان سے مارنے کی دھمکیاں ملنے کا دعویٰ کر دیا۔ اداکارہ علیزے شاہ جو گزشتہ کئی دنوں سے سوشل میڈیا پر اپنے مشہور اسکینڈلز کی حقیقت بیان کرنے کیلئے مختلف ویڈیوز شیئر کر رہی ہیں اب انہوں نے ساتھی اداکارہ کی جانب سے جان سے مار دینے کی دھمکیاں ملنے کا دعویٰ کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک حالیہ ویڈیو بیان میں علیزے شاہ نے کہا کہ ان کی ساتھی اداکارہ منسا ملک انہیں قتل کروانے کی دھمکیاں دے رہی ہیں انہوں نے مختلف چیٹ کی ویڈیوز شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ منسا نے ان کا نمبر کسی مشکوک شخص کو فراہم کیا ہے جس سے ان کی ساکھ خراب کرنے کی کوشش بھی کی جا رہی ہے۔ ایک انسٹاگرام اسٹوری میں انہوں نے لکھا کہ وہ مجھے مختلف نامعلوم نمبرز سے کالز کر رہی ہے اور قتل کی دھمکیاں دے رہی ہے، اگر مجھے کچھ ہوا تو جان لیں کہ یہ اسی میسنی کا کام ہے۔ ایک اور انسٹاگرام اسٹوری میں علیزے نے کہا کہ 3 سال پہلے بھی اس گھٹیا عورت نے مجھے بدنام کرنے کی کوشش کی تھی۔ جو بھی کمایا آج کل عزت اور حلال کا کمایا لیکن جو خود حرام کھاتا ہے اسے نہ خدا کا خوف ہوتا ہے نہ اپنے زوال کا۔ سوشل میڈیا صارفین اور مداحوں کی جانب سے علیزے شاہ کو اپنے مخالفین کیخلاف آواز اٹھانے پر خوب سراہا جا رہا ہے۔

بھارتی پنجاب کے وزیر اعلی دلجیت کی فلم سردار جی 3 کی حمایت میں سامنے آگئے

ممبئی (این این آئی) بھارتی پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت مان اداکار دلجیت دوسانجھ کی فلم سردار جی 3 کی حمایت میں سامنے آگئے۔ وزیر اعلیٰ بھگونت مان نے سکھوں کے ساتھ بھارتی حکومت کے رویے کو زبردست تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ اسمبلی میں تقریر کرتے ہوئے انہوں نے دلجیت کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ جن کی فلم پر اس لیے بھارت میں پابندی لگائی گئی ہے کہ انہوں نے پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر کے ساتھ یہ فلم بنائی ہے۔ بھگونت مان نے کہا کہ دلجیت کی فلم کی شوٹنگ پہلگام واقعے سے پہلے ہوچکی تھی۔ پنجابیوں کا کلچر، زبان اور روایات چاہے وہ سرحد کے اس طرف ہوں یا اس طرف، ایک جیسا ہے۔ وہ بھی پنجابی بولتے ہیں ہم بھی پنجابی بولتے ہیں، لیکن نہیں، دلجیت کی فلم ریلیز نہیں ہونے دیں گے اسے غدار کہہ دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ لڑائیاں پنجاب نے لڑی ہیں، ملک پنجاب نے لے کر دیا ہے اب ہمیں ہی غدار کہا جاتا ہے، پنجاب کا قصور کیا ہے؟ ایسی باتیں نہ کی جائیں، ہم سے بڑا دیش بھگت کوئی نہیں ہے۔ بھگونت مان نے کہا کہ پنجاب کے واسیوں کو بھیڑ بکریاں سمجھ رکھا ہے؟ کبھی کہا جاتا ہے کہ اب پاکستان سے لڑو پھر کہا جاتا ہے کہ "اب پاکستان کے ساتھ ٹھیک ہو جاؤ"۔ وہ پورے بھارت کو بتانا چاہتے ہیں، کہ پنجاب اور ہریانہ کے بغیر آپ روٹی نہیں کھا سکتے۔ ملک کی 70 فیصد غذا پنجاب میں ہی پیدا ہوتی ہے۔ واضح رہے کہ بھارتی اداکار دلجیت دوسانجھ اور پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر کی فلم سردار جی 3 پر بھارت میں پابندی عائد ہے جبکہ دنیا بھر میں یہ فلم ریلیز کر دی گئی ہے۔ پہلگام واقعے کے بعد بھارتی حکام نے متعدد پاکستانی فنکاروں کے سوشل میڈیا اکائونٹس پر بھی پابندی لگا دی تھی۔

عمران اشرف کی فلم "اینا نوں رہنا سہنا نئیں آندا" 22 اگست کو ریلیز ہوگی

لاہور (این این آئی) مقبول اداکار و ٹی وی میزبان عمران اشرف کی آنے والی کینیڈین بھارتی پنجابی فلم اینا نوں رہنا سہنا نئیں آندا پاکستان سمیت دنیا بھر میں 22 اگست کو سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ نجی ٹی وی پروگرام کے میزبان عمران اشرف مذکورہ کینیڈین بھارتی پنجابی فلم سے قبل متعدد پاکستانی فلموں میں کام کر چکے ہیں، تاہم وہ پہلی بار کسی غیر ملکی فلم میں نظر آئیں گی، فلم کی زیادہ تر کاسٹ کینیڈین نژاد بھارتی اداکاروں پر مشتمل ہے، تاہم اس میں دیگر پاکستانی پنجابی اداکار بھی نظر آئیں گے۔ اینا نوں رہنا سہنا نئیں آندا میں عمران اشرف مرکزی کردار میں نظر آئیں گے، فلم کی ہدایات روپن بال دیں گے جب کہ اس میں بھارتی پنجابی گلوکار و اداکار جیسی گل بھی ایکشن میں نظر آئیں گے، فلم کی دیگر کاسٹ میں رنجیت باوا، مینڈے ٹھکر، سپنا پبی، نمال رشی، ناصر چنیوٹی اور نوپریت بانگا سمیت دیگر اداکار شامل ہیں۔

خواتین کو اپنے فیصلے خود کرنیکا حق ہونا چاہیے، زرین خان

اس سوچ کو سمجھنے سے قاصر ہوں کہ شادی کو ہر مسئلے کا حل کیوں سمجھا جاتا ہے، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ زرین خان نے سوشل میڈیا پر شادی نہ کرنیکا طعنہ دینے والے صارف کو کرارا جواب دے دیا۔ حال ہی میں ایک سوشل میڈیا صارف نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ کی ایک پوسٹ پر کمنٹ کرتے ہوئے انہیں ٹرول کیا کہ شادی کرلو، بوڑھی ہو رہی ہو۔ صارف کے ٹرول کے بعد زرین خان نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر صارف کا کمنٹ شیئر کرتے ہوئے ویڈیو پیغام کے ذریعے انہیں دلچسپ جواب دیا۔ زرین خان نے جواب دیتے ہوئے کہا شادی ہر مسئلے کا حل نہیں اور میں اس سوچ کو سمجھنے سے قاصر ہوں جو شادی کو ہر مسئلے کا حل سمجھتے ہیں۔ انہوں نے صارف کیکمنٹ پر ردعمل دیتے ہوئے سوال بھی اٹھایا کہ اگر میں شادی کرلوں، تو کیا میں پھر سے جوان

بھارتی اداکارہ رامیا کو قتل اور ریپ کی دھمکیاں

درشن کے پرستاروں کی جانب سے قتل اور زیادتی کا نشانہ بنانے کی دھمکیاں مل رہی ہیں

ممبئی (این این آئی) جنوبی بھارت کی کناڈا فلموں کی اداکارہ اور کرناٹکا سے لوک سبھا (بھارتی پارلیمنٹ) کی رکن دیویا سپاندنا المعروف رامیا نے سوشل میڈیا پر ملنے والی دھمکیوں کے بعد پولیس میں شکایت درج کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اداکارہ کے مطابق انہیں قتل کے ملزم اداکار درشن کے مداحوں کی جانب سے سوشل میڈیا پر ہراساں کیا جا رہا ہے۔ 43 سالہ اداکارہ نے اپنے سوشل میڈیا اکاونٹ ایکس پر پولیس کمپلین کی کاپی بھی شیئر کی۔ اداکارہ نے بھارتی میڈیا ادارے سے گفتگو میں کہا کہ انھیں درشن کے پرستاروں کی جانب سے قتل اور زیادتی کا نشانہ بنانے کی دھمکیاں مل رہی ہیں۔ آن لائن دھمکیاں ملنے کے حوالے سے گفتگو میں انکا مزید کہنا تھا کہ یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ خواتین سے بدکلامی معمول بن گئی ہے اور کوئی ان سے پوچھنے والا نہیں، اس قسم کے لوگ سب سے پہلے خواتین کی کردار کشی کے حوالے سے بات کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ اداکار درشن کے پرستاروں نے یہ کمنٹس 33 سالہ رینوکا سوامی کے قتل کے حوالے سے دیا ہے۔

بقیہ نمبر 1

صر کو کاری ضرب لگائی۔ خوارج کے قبضے سے بڑی مقدار میں عسکری سامان اور آلات کی برآمدگی بھی اہم کامیابی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کو نقصان پہنچانے اور بے گناہ شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ریاستی ادارے پوری قوت، عزم اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ دہشت گردی کا مقابلہ کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن کے دشمنوں کو مسترد کیا ہے اور وہ اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام تک دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی وزیر اعلیٰ نے کارروائی میں حصہ لینے والے سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک و قوم کے تحفظ کے لیے ان کی خدمات اور قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں

بقیہ نمبر 2

شریف سے وزیر اعظم محمد شہباز شریف، وزیر اعظم آزاد کشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی اور قائمقام صدر آزاد کشمیر چودھری طارق فاروق نے جاتی امرائے رائے ونڈ میں ملاقات کی ۔ نجی ٹی وی کے مطابق ملاقات میں نواز شریف اور شہباز شریف نے بیرسٹر افتخار گیلانی کو وزیر اعظم آزاد کشمیر کے عہدے کا حلف اٹھانے پر مبارکباد دی۔ اس موقع پر آزاد کشمیر کے موجودہ حالات اور آئندہ کے لئے مثبت پیشرفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعظم بیرسٹر افتخار گیلانی نے پارٹی سربراہ نواز شریف سے آزاد کشمیر کے مختلف امور کے لئے رہنمائی بھی حاصل کی ۔ علاوہ ازیں وزیر اعظم شہباز شریف نے الگ سے بھی پارٹی سربراہ محمد نواز شریف سے ملاقات کر کے ملک کی مجموعی صورتحال خصوصاً پمز سانحہ پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے پارٹی سربراہ نواز شریف کو تحقیقاتی کمیٹی کی عبوری رپورٹ پر ذمہ داران کے خلاف اٹھائے گئے اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔

بقیہ نمبر 3

ار سرکاری مصروفیات کے سلسلے میں ترکیہ کے شہر استنبول پہنچ گئے۔ اتوار کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق استنبول آمد پر نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ کا استقبال ڈپٹی چیف آف اسٹاف برائے انتظامیہ بریگیڈیئر جنرل شینول واروول، ترکیہ میں پاکستان کے سفیر ڈاکٹر یوسف جنید، ترک وزارتِ خارجہ کے سفیر جہاد ارگیناۓ اور ترک حکومت کے دیگر اعلیٰ حکام نے کیا۔

بقیہ نمبر 4

مجموعی حجم 6000 ارب روپے کے قریب پہنچ گیا، مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد کے مطابق پاکستان اب تک تقریباً 5,920 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کر چکا ہے۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان نے قبل از وقت قرض ادائیگی میں اگست 2025 میں کی جانے والی 1133 ارب روپے کی ریکارڈ کو بھی پیچھے چھوڑ دیا، مالی سال 2025/26 میں اب تک مجموعی طور پر 2,900 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کیا گیا ہے۔ خرم شہزاد کے مطابق مالی سال 2026/27 میں اب تک مزید 1200 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کیا جا چکا ہے، قبل از وقت ادائیگیوں سے قرض کی مجموعی رقم میں کمی آئے گی اور آئندہ برسوں میں بڑی ادائیگیوں کے دباؤ میں کمی آئے گی۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کی قرض مینجمنٹ اب روایتی ادائیگیوں سے آگے بڑھ کر سرکاری مالی پوزیشن مضبوط بنانے کی سمت گامزن ہے۔

بقیہ نمبر 5

ک ترک تعلقات صدیوں پر محیط مشترکہ ایمان، تاریخ اور جدوجہد سے مضبوط ہوئے، پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب مشترکہ سلامتی اور اجتماعی دفاع کیلئے متحد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ مشترکہ دفاعی معاہدہ پاک ترک سٹریٹجک شراکت داری کا اظہار ہے، پاکستان ترکیہ کے ساتھ سٹریٹجک شراکت داری مزید مضبوط بنانے کے عزم پر قائم ہے، پاک ترک شراکت داری تمام شعبوں میں مزید گہری کی جائے گی۔ شہباز شریف کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان اور ترکیہ کی مشترکہ خوشحالی اور سلامتی ہمارا عزم ہے، پاک ترک دوستی اور بھائی چارے کا رشتہ نسل در نسل مزید مضبوط ہو۔

بقیہ نمبر 6

معیار ہے۔ معاشی استحکام کے ثمرات عام آدمی، بالخصوص معاشرے کے مستحق اور کمزور ترین طبقات تک پہنچانا ہمارا عزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ہم اپنے سب سے نازک طبقے کو سہارا نہیں دیں گے، حقیقی قومی اور معاشی ترقی کا خواب ادھورا رہے گا۔ ریاست اور معاشرے کی ذمہ داری ہے کہ کمزور اور مستحق شہریوں کیلئے سہارا فراہم کیا جائے۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کراچی کو روشنیوں، امیدوں اور بے پناہ صلاحیتوں کا شہر قرار دیتے ہوئے کہا کہ کراچی کے عوام اور یہاں کی معیشت ملک کی بقا اور ترقی کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ شہر کی معاشی سرگرمیوں اور عوام کی صلاحیتوں سے ملکی ترقی کو مزید مستحکم کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی کا مقصد محض معاشی اشاریوں میں بہتری نہیں بلکہ اس کے ثمرات معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچانا ہے، بالخصوص ان لوگوں کو سہارا دینا ضروری ہے جو سب سے زیادہ مشکلات کا شکار ہیں

بقیہ نمبر 7

تقریبات کو یادگار بنانے کے حوالے سے کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ 7 ستمبر 1923 جو آئی سی پی سی کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔ رواں سال پہلی مرتبہ پولیس تعاون کا عالمی دن منایا جا رہا ہے جو آئندہ ہر سال 7 ستمبر کو منایا جائے گا۔ پولیس تعاون کے عالمی دن کے موقع پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پولیس تعاون کا بین الاقوامی دن منانے کے آغاز پر میں امن، سلامتی اور انصاف کے لئے دنیا بھر کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔ اس دن کی مناسبت سے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں سرکاری، غیر سرکاری اور نجی اداروں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 8

فیصلوں کا تسلسل ہے، یہ کسی ایک سیاسی جماعت کا نہیں بلکہ پوری پشتون قوم کی بقا کا جرگہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون علاقوں کی پہاڑیاں لیتھیم، سونے، چاندی، تانبے اور نایاب معدنیات سمیت بے پناہ قدرتی وسائل سے مالا مال ہیں، لیکن ان خزانوں کے باوجود ہمارے باصلاحیت نوجوان دبئی میں مزدوری کرنے پر مجبور ہیں۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ پشتون دہشت گرد نہیں بلکہ مہمان نواز، انسان دوست اور پرامن قوم ہیں، زیارت سانحے سمیت پے در پے ہونے والے خونریز واقعات اور بدامنی کا خاتمہ ضروری ہے، کیونکہ موجودہ حالات میں پشتونوں کی جان، مال اور عزتیں شدید خطرات سے دوچار ہیں۔ چیئرمین پی کے میپ نے کہا کہ بندوق کسی مسئلے کا حل نہیں، پشتون قوم کا آخری راستہ بھی سیاسی مذاکرات ہی ہے، ہم کسی سے بھیک نہیں مانگتے بلکہ اپنی سرزمین کے وسائل پر جائز اور آئینی حق چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب پشتون قوم کے مستقبل کے فیصلے اسی گرینڈ قومی جرگے میں ہوں گے۔ جرگہ انتظامیہ کے مطابق پی کے میپ کے زیر اہتمام تین روزہ گرینڈ پشتون قومی جرگہ یکم ستمبر تک جاری رہے گا

بقیہ نمبر 9

ل پر انحصار کا آغاز ہوسکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ علاقائی سیکیورٹی مسلم ممالک کے درمیان تعاون اور خواہش کی بنیاد پر ہونی چاہیے۔ مسلم پڑوسیوں کو دشمنیوں کی بجائے تعاون اور بھائی چارہ اپنانا چاہیے۔ محمد باقر قالیباف نے ایران میں مختلف مسالک کے درمیان اتحاد کو قومی مضبوطی اور سیکیورٹی کا ستون قرار دیا۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ امریکا بھولے میڈیا کے ذریعے توانائی مارکیٹ میں ہیرا پھیری کر کے جنگ کو طوالت دینے کی کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل سچرے عناصر امید افزا جائزے پیش کر رہے ہیں تاہم صورتحال کا اصل بوجھ امریکی صارفین اٹھا رہے ہیں

بقیہ نمبر 10

زرع بل واپس لینے کا فیصلہ کیا ہے، آئی ٹی بل کی واپسی عوام کے آئینی حقوق کی فتح ہے۔ ہفتہ کو یہاں سینیٹر پلوشہ خان نے رکن قومی اسمبلی سحر کامران اور سید سبط الحیدر بخاری کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئی ٹی بل کی واپسی دراصل پاکستان کے عوام کی فتح ہے جنہوں نے اپنے بنیادی اور آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے بھرپور آواز بلند کی، اس کامیابی کا سب سے بڑا کریڈٹ پاکستان کے عوام کو جاتا ہے جنہوں نے کسی بھی صورت اپنے حقوق پر سمجھوتہ قبول نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے عوامی حقوق کے معاملے پر ایک لمحے کے لیے بھی سمجھوتہ نہیں کیا، میری قیادت نے مشکل وقت میں نہ صرف میرا ساتھ دیا بلکہ مکمل حوصلہ دیا کہ عوام کے حقوق کے لیے ڈٹ کر آواز اٹھائی جائے۔ سینیٹر پلوشہ خان نے کہا کہ آئی ٹی بل کے حوالے سے مجھ پر کس قدر دباؤ تھا، یہ میں جانتی ہوں اور میری قیادت جانتی ہے، لیکن ہم نے دباؤ کے سامنے جھکنے کے بجائے عوام کے حق میں کھڑے ہونے کا فیصلہ کیا، آج یہ کسی ایک فرد یا جماعت کی نہیں بلکہ پاکستان کے عوام کی فتح ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا واضح مؤقف ہے کہ کسی بھی قانون کے ذریعے شہریوں کے بنیادی اور آئینی حقوق سلب نہیں کیے جاسکتے، کسی بھی پاکستانی کے گھر، زمین یا جائیداد کے حوالے سے ایسا قانون قابل قبول نہیں جو شہریوں کو عدم تحفظ کا شکار کرے، عوام اپنی جائیداد کے خود مالک ہیں اور کسی کو قانون کے نام پر کسی شہری کی ملکیت پر قبضے کا اختیار نہیں دیا جا سکتا۔ سینیٹر پلوشہ خان نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ کی طرح آئندہ بھی عوام کے حقوق، ان کی ملکیت اور آئینی تحفظ کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی۔ پاکستان کے عوام کو مبارکباد پیش کرتی ہوں، یہ فتح عوام کی ہے اور عوامی آواز کی فتح ہے۔ سینیٹر پلوشہ خان نے پمز میں پیش آنے والے اندوہناک سانحے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سانحے میں 14 معصوم بچوں کی جانیں چلی گئیں، جن کے خاندانوں خصوصاً ماؤں کے دکھ کا کوئی مداوا نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں خدشہ ہے کہ کہیں سانحے کے شواہد مٹا کر حقائق کو چھپانے کی کوشش نہ کی جائے، حکومت فوری طور پر انکوائری رپورٹ عوام کے سامنے پیش کرے تاکہ حقائق قوم کے سامنے آ سکیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ گزشتہ تین سال کے دوران پمز کو ملنے والے 22 ارب روپے کہاں خرچ ہوئے؟ اس معاملے کا مکمل اور شفاف آڈٹ کرایا جائے اور عوام کو بتایا جائے کہ یہ رقم کہاں اور کس مد میں خرچ کی گئی۔ سینیٹر پلوشہ خان نے کہا کہ خدشہ ہے کہ اصل ذمہ دار بڑے حکام کو بچانے کے لیے چھوٹے ملازمین پر ملبہ ڈالنے کی کوشش کی جائے گی، ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ اصل ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور کسی بھی بااثر شخص کو بچانے کی کوشش نہ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پمز میں موجود بعض اعلیٰ حکام کی جانب سے شواہد چھپانے کی کوششوں کے خدشات موجود ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی اس معاملے کو فائلوں میں دبنے نہیں دے گی، دونوں ایوانوں میں اس معاملے پر بھرپور آواز اٹھائی جا رہی ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ انکوائری رپورٹ فوری طور پر پبلک کی جائے اور تمام حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں۔ سینیٹر پلوشہ خان نے سندھ کی تقسیم کی باتوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کے عوام کسی بھی صورت سندھ کی تقسیم قبول نہیں کریں گے، ایم کیو ایم ایک عرصے سے سندھ کی تقسیم کی کوششوں میں مصروف ہے، تاہم سندھ کے عوام ایسی تمام کوششوں کو مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ ایک وحدت ہے اور اس کی تقسیم کے حوالے سے کسی بھی کوشش کو عوام کی حمایت حاصل نہیں ہوگی، ایوان میں سندھ کی تقسیم کے خلاف قرارداد بھی پیش کی گئی ہے جسے اکثریت سے منظور ہونا چاہیے۔ رکن قومی اسمبلی سحر کامران نے کہا کہ آئی ٹی بل عوام پر مسلط کرنے کی کوشش کی گئی، بل میں ایسی شقیں شامل تھیں جن کے تحت اگر کوئی شہری اپنے گھر پر تالہ لگانے کی اجازت نہ دے تو اسے جرمانے کا سامنا کرنا پڑ سکتا تھا، جو انتہائی تشویش ناک امر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹر پلوشہ خان نے ہمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس بل کے خلاف آواز اٹھائی اور عوام کے بنیادی حقوق کے دفاع کے لیے ڈٹ کر کھڑی ہوئیں، قومی اسمبلی میں جس انداز سے قانون سازی کی جا رہی ہے، اس پر ہمیں تحفظات ہیں۔ سحر کامران نے مطالبہ کیا کہ آئندہ قانون سازی کے عمل کو مزید شفاف بنایا جائے اور ارکان پارلیمنٹ کو قانون سازی کے عمل میں مؤثر طور پر شامل کیا جائے۔ پمز سانحے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جن ماؤں کے جگر گوشے ان سے بچھڑ گئے، ان کے دکھ کا کوئی مداوا نہیں ہوسکتا، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ سانحے کی شفاف تحقیقات کرائے، اصل ذمہ داروں کا تعین کرے اور متاثرہ خاندانوں کو انصاف فراہم کرے

بقیہ نمبر 11

فیصلہ یکطرفہ اعلان کے ذریعے نہیں بلکہ طے شدہ بین الاقوامی طریقہ کار کے مطابق ہی ہوسکتا ہے، بھارت کو ضد اور یکطرفہ طرز عمل ترک کر کے آبی تنازعات کیلئے موجود باقاعدہ مشترکہ نظام میں واپس آنا ہوگا۔ اپنے ایک بیان میں شیری رحمن نے کہا کہ نئی دہلی کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اپنی خواہش کے مطابق دہائیوں پر محیط دو طرفہ آبی انتظام کو معطل سمجھے۔ انہوں نے کہا کہ کسی عالمی معاہدے سے نکلنے کا فیصلہ یکطرفہ اعلان کے ذریعے نہیں بلکہ طے شدہ بین الاقوامی طریقہ کار کے مطابق ہی ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکومت کے حالیہ اقدامات پاکستان کے پانی سے متعلق جائز مفادات کو کسی صورت متاثر نہیں کر سکتے۔ شیری رحمن نے کہا کہ قانونی تنازع کو عالمی فورم پر لے جانا پاکستان کی مجبوری نہیں بلکہ اسے حاصل قانونی اختیار ہے۔ نائب صدر پیپلز پارٹی نے کہا کہ بھارت اپنے آبی منصوبوں کی آڑ میں بین الاقوامی طور پر طے شدہ حدود کو نظرانداز نہیں کر سکتا۔ شیری رحمن نے کہا کہ بن بجلی پیدا کرنے کی اجازت کا مطلب یہ نہیں کہ بھارت دریاؤں کے بہاؤ اور منصوبوں سے متعلق مقررہ اصولوں کو اپنی مرضی سے تبدیل کر دے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے دریائی حصے کو بھارتی عنایت قرار دینا تاریخی حقائق اور دونوں ملکوں کے درمیان طے شدہ انتظام کی نفی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دہائیاں قبل اپنے آبی ڈھانچے کو نئے حالات کے مطابق ڈھالا، اس لئے بھارت اب پرانے انتظام سے یکطرفہ طور پر پیچھے نہیں ہٹ سکتا۔ شیری رحمان نے کہا کہ دہلی اور اسلام آباد کے درمیان سیاسی تنازعات اپنی جگہ، مگر ان کی بنیاد پر بین الاقوامی ذمہ داریوں سے فرار اختیار نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا پانی کو سفارتی دباؤ کے آلے کے طور پر استعمال کرنے کا رویہ جنوبی ایشیا میں مزید عدم استحکام پیدا کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ثالثی کے فیصلوں کو نظرانداز کرنا بھارت کے اس مؤقف کو کمزور کرتا ہے کہ وہ بین الاقوامی قانون کا احترام کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی دہلی کو سمجھنا ہوگا کہ دریاؤں پر اختیار من مانی تعمیرات یا انتظامی فیصلوں سے حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو ضد اور یکطرفہ طرز عمل ترک کر کے آبی تنازعات کیلئے موجود باقاعدہ مشترکہ نظام میں واپس آنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ پاکستان کے پانی کا تحفظ قومی سلامتی، زرعی پیداوار اور عوامی زندگی سے براہ راست جڑا ہوا ہے، بھارت اسے سیاسی سودے بازی کا ذریعہ نہ بنائے

بقیہ نمبر 12

میں پاکستان کی اپنی شپنگ صنعت کا حصہ صرف 11 فیصد تک محدود رہا، یہ صورتحال محض انتظامی کمزوری نہیں بلکہ قومی سلامتی اور معاشی خودمختاری کے لیے ایک اسٹریٹیجک خطرہ بھی بن گئی تھی۔ اس صورتحال کو تبدیل کرنے کے لیے 24 دسمبر 2024 کو 99 نکاتی روڈ میپ متعارف کرایا گیا جس کی بنیاد پورٹس، لاجسٹکس، شپنگ، جہاز سازی اور ماہی گیری کے شعبوں پر رکھی گئی، رپورٹ کے مطابق روڈ میپ کے 99 میں سے 85 نکات پر عمل درآمد کیا جا چکا ہے۔ اس روڈ میپ کا مقصد پاکستان کے بحری شعبے کو جدید اور عالمی معیار کے مطابق بنانا ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ نیشنل پورٹس ماسٹر پلان تیار کیا گیا، یکساں پورٹ ٹیرف نافذ کیا گیا، کراچی پورٹ سے تجاوزات ختم کی گئیں جبکہ جدید کارگو مینجمنٹ سسٹم متعارف کرائے گئے تاکہ بندرگاہوں کی استعداد اور کارکردگی میں نمایاں اضافہ کیا جا سکے۔ فیس لیس کسٹمز اسیسمنٹ اور پاکستان سنگل ونڈو سسٹم کے ذریعے کارگو کلیئرنس کا وقت 53 گھنٹوں سے کم ہو کر 18 گھنٹے رہ گیا ہے۔ کسٹمز، بینکوں اور پورٹ آپریٹرز کو ایک ہی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر لانے سے کاروباری اور تجارتی عمل پہلے کے مقابلے میں زیادہ تیز، شفاف اور آسان بنا دیا گیا ہے۔ 1980 کے بعد پہلی مرتبہ کراچی شپ یارڈ میں تجارتی کنٹینر جہاز کی تعمیر شروع ہو چکی ہے، اس جہاز کی قیمت بھی مارکیٹ کے مقابلے میں کئی ملین ڈالر کم بتائی جاتی ہے۔ نیشنل لاجسٹکس کارپوریشن بھی شپنگ کے شعبے میں شامل ہو چکی ہے جبکہ 8 سال بعد پاکستان کی شپ ری سائیکلنگ انڈسٹری دوبارہ فعال ہو گئی ہے۔ نیشنل ڈریجنگ اینڈ میرین سروسز، این ایل سی، پورٹ قاسم اتھارٹی اور گوادر پورٹ اتھارٹی کا مشترکہ منصوبہ ہے۔ اس کے قیام سے پاکستان پہلی مرتبہ بندرگاہوں کی دیکھ بھال، صفائی اور کھدائی کے معاملے میں بیرونی انحصار سے نکل کر خود کفالت کی جانب بڑھ رہا ہے۔ اسی طرح سنگل پوائنٹ مورنگ منصوبہ توانائی کی سپلائی چین کو مضبوط بنا رہا ہے، جبکہ ڈی پی ورلڈ کے تعاون سے قائم ڈیڈی کیٹڈ فریٹ کوریڈور کراچی پورٹ پر کارگو کی نقل و حرکت کو مزید مؤثر بنا رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اصلاحات کے نتائج بھی سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں، کراچی پورٹ عالمی درجہ بندی میں 99 ویں سے 69 ویں نمبر پر پہنچ چکی ہے، جبکہ پورٹ قاسم 74 ویں سے 56 ویں نمبر پر آ گیا ہے، کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم دونوں مل کر سالانہ 100 ملین ٹن سے زائد کارگو سنبھال رہے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق کارگو ڈیکلریشن میں 16 فیصد، درآمدی ٹیکس وصولی میں 14 فیصد جبکہ الیکٹرانکس کی قانونی درآمدات میں 105 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ قومی بحری مال برداری میں پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کا حصہ بھی 5 فیصد سے بڑھ کر 56 فیصد تک پہنچنے کی توقع ہے۔ اس اضافے کے نتیجے میں پی این ایس سی کی سالانہ آمدنی 162 ملین ڈالر سے بڑھ کر 1.785 ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق، بحری شعبے میں اصلاحات کے نتیجے میں سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہو چکا ہے، عالمی شپنگ کمپنیاں پاکستان کی جانب متوجہ ہو رہی ہیں اور پاکستان خطے میں ایک اہم علاقائی ٹرانس شپمنٹ حب کے طور پر اپنی جگہ بنا رہا ہے

بقیہ نمبر 13

آف بلوچستان کے ججز شرکت کریں گے۔ ہائی کورٹ آف بلوچستان میں سہولت سنٹر کے قیام سے سائلین کو سہولیات کی فراہمی میں مزید بہتری متوقع ہے سہولت سنٹر کا مقصد سائلین اور وکلا کو بہتر اور آسان خدمات کی فراہمی ہے۔

بقیہ نمبر 14

کو یہاں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے منفی اثرات سے شدید متاثر ہو رہا ہے اور ان اثرات کا سامنا کرنے والے ممالک میں نمایاں ہے۔ اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی تعاون سے کام کرنا ہوگا جبکہ عالمی تعاون اور وسائل کی بھی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے اور ان میں کمی لانے کے لیے اجتماعی اقدامات ناگزیر ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کی صلاحیت اور وسائل رکھنے والے ممالک کو اس حوالے سے اپنا کردار

لوڈشیڈنگ کیخلاف نیشنل پارٹی کا منگل کو ہڑتال کا اعلان

حب کی مختلف سیاسی جماعتوں، سول سوسائٹی، کیمسٹ ایسوسی ایشن، انجمن تاجران نے حمایت کا اعلان کرتے ہوئے احتجاج میں بھرپور شرکت کرنے کی یقین دہانی کرائی دی

24 سے 48 گھنٹے تک بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ نے عوام، تاجروں اور کاروباری طبقے کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے، عالم مری

حب (نمائندہ بولان) حب شہر میں طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف نیشنل پارٹی کی جانب سے منگل کے روز کے الیکٹرک کے خلاف احتجاج کی کال کی، حب کی مختلف سیاسی جماعتوں، سول سوسائٹی، کیمسٹ ایسوسی ایشن، انجمن تاجران نے حمایت کا اعلان کرتے ہوئے احتجاج میں بھرپور شرکت کرنے کی یقین دہانی کرائی دی، کے الیکٹرک کی ظلم وزیادتیوں اور طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف منگل کے روز کے الیکٹرک کے خلاف تاریخی احتجاج کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے کیمسٹ ایسوسی ایشن حب کے صدر عالم مری نے نیشنل پارٹی کی جانب سے حب میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور بنیادی عوامی مسائل کے خلاف احتجاجی (بقیہ 1 3 صفحہ 7 پر)

کراچی، گورنر سندھ نہال ہاشمی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

یوکرین میں ویئر ہاس پر روسی حملے میں 27 افراد ہلاک

بوچا میں ویئر ہاؤس پر حملے میں 42 افراد زخمی، 380 کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا

کیف (این این آئی) یوکرین کے ضلع بوچا میں گزشتہ رات ہونے والے روسی حملے میں 27 افراد ہلاک ہو گئے۔ گورنر کیف ریجن نے روسی حملے میں 27 افراد کی ہلاکت (بقیہ 2 3 صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر حب کی زیرِ صدارت حب کے مختلف مسائل کے حل کے لیے اہم اجلاس آج ہوگا

حب کے مختلف اور عوامی نوعیت کے مسائل پر غور، متعلقہ محکموں کی کارکردگی اور مسائل کے حل کے لیے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا

حب (نمائندہ بولان) ڈپٹی کمشنر حب کی زیر صدارت حب کے مختلف مسائل کے حل کے لیے اہم اجلاس آج بروز پیر دوپہر 12 بجے ڈپٹی کمشنر آفس حب میں منعقد ہوگا اجلاس میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، محکمہ آبپاشی و کینال، اسسٹنٹ کمشنر حب، میونسپل کارپوریشن حب، کے الیکٹرک (بقیہ 3 3 صفحہ 7 پر)

جمعہ داد خان مندوخیل نے حب ڈیم اور لسبیلہ کینال کے ڈسٹری بیوشن پوائنٹ کا دورہ کیا

لسبیلہ کینال میں پانی کی سطح، ترسیل کے نظام اور ضلع حب کے پانی کے حصے کا تفصیلی جائزہ لیا

ضلع حب کے جائز پانی کے حصے کی فراہمی اور منصفانہ و بلاتعطل تقسیم کو یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر

حب (نمائندہ بولان) ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل نے چیئرمین ضلع کونسل اور چیئرمین حب کے ہمراہ حب ڈیم اور لسبیلہ کینال کے ڈسٹری بیوشن پوائنٹ کا دورہ کیا اور تفصیلی معائنہ کیا گیا دورے کے دوران ایکسین حب ڈیم وعملہ، لسبیلہ کینال کے انجینئرز بھی ان کے ہمراہ تھے افسران نے لسبیلہ کینال میں پانی کی سطح، ترسیل کے نظام اور ضلع حب کے پانی کے حصے کا تفصیلی جائزہ لیا معائنہ کے دو (بقیہ 3 5 صفحہ 7 پر)

مون سون بارشوں کا نیا سلسلہ شروع ہونے کی پیش گوئی

پنجاب، خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں میں آندھی اور بارش کا امکان

پنجاب کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور مرطوب رہنے جبکہ دن کے درجہ حرارت میں اضافے کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے

لاہور (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر نے ملک کے مختلف علاقوں میں متوقع موسمی صورتحال جاری کر دی ہے جس کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں میں گرج چمک، آندھی اور بارش کا امکان ہے (بقیہ نمبر 4 3 صفحہ 7 پر)

حب۔ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل حب ڈیم کے ڈسٹری بیوشن پوائنٹ کا معائنہ کر رہے ہیں اس موقع پر چیئرمین ضلع کونسل حب جاوید جمالی، چیئرمین فشرمینز کوآپریٹو سوسائٹی میر علی اکبر زہری موجود ہیں

نیشنل پارٹی کا K الیکٹرک کے خلاف احتجاج و سڑکوں پر نکلنے کا فیصلہ

حالیہ بجلی بحران حب شہر سمیت ساکران، پیرکس، گڈانی وملحقہ علاقوں میں بجلی کی 4 2/4 2 اور 8 4/8 4 گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے

حب کے عوام، تاجروں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے، انتظامیہ سے بجلی مسئلے پر ملاقات اور یقین دہانی اور ایک ہفتے کی مہلت گزرنے کے بعد بھی کوئی پیش رفت نہ ہوسکی

حب (نمائندہ بولان) حب میں بجلی پانی گیس بحران برقرار، نیشنل پارٹی کا K الیکٹرک کے خلاف احتجاج و سڑکوں پر نکلنے کا فیصلہ، حالیہ بجلی بحران حب شہر سمیت ساکران، پیرکس، گڈانی و ملحقہ علاقوں میں بجلی کی 24/24 اور 48/48 گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے حب کے عوام، تاجروں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے، انتظامیہ سے بجلی مسئلے پر ملاقات اور یقین دہانی اور ایک ہفتے کی مہلت گزرنے کے بعد بھی کوئی پیش رفت نہ ہوسکی نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام منگل کے روز صبح 1 1 بجے K الیکٹرک (بقیہ 3 9 صفحہ 7 پر)

کراچی، شہری کو کرین سے الٹا لٹکا کر تشدد کرنیوالے 4 ملزمان گرفتار

کراچی (اے ایف بی) کراچی میں پیر آباد پولیس نے شہری کو کرین سے الٹا لٹکا کر تشدد کرنے والے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس کے مطابق منگھوپیر روڈ پر شہری کو الٹا لٹکا کر تشدد کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی جس کا مقدمہ سرکار کی مدعیت میں درج کیا گیا تھا

خیبر پختونخوا میں ڈینگی کے مصدقہ کیسز کی تعداد 478 ہوگئی، پشاور سب سے زیادہ متاثر

سرکاری اسپتالوں میں مجموعی طور پر 2 ہزار 697 مشتبہ ڈینگی کیسز رپورٹ ہوئے، رواں سال کوئی ہلاکت ریکارڈ نہیں ہوئی، محکمہ صحت

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں رواں سال 478 افراد میں ڈینگی وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ محکمہ صحت کے مطابق مختلف سرکاری اسپتالوں میں مجموعی طور پر 2 ہزار 697 مشتبہ ڈینگی کیسز رپورٹ ہوئے، تاہم رواں سال صوبے میں ڈینگی سے کوئی ہلاکت سامنے نہیں آئی۔ گزشتہ ایک ہفتے (بقیہ 4 0 صفحہ 7 پر)

شجاع آباد میں نوجوان کی درخت سے لٹکتی پھندا لگی لاش برآمد

شجاع آباد (این این آئی) شجاع آباد کے چک سردار پور سے درخت سے لٹکتی نوجوان کی پھندا لگی لاش برآمد ہوئی۔ واقعہ کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں (بقیہ 1 4 صفحہ 7 پر)

رجب رند نے ڈی سی کی آل پارٹیز اجلاس کا بائیکاٹ کر دیا

کے الیکٹرک کی زیادتیوں کے خلاف احتجاج و دھرنا منگل کے روز شیڈول کے مطابق ہوگا، وڈیرہ رجب علی رند

بجلی کے سنگین مسئلے پر ہونیوالے احتجاج و دھرنے میں تاجر برادری اور کے الیکٹرک متاثرین سمیت دیگر مکتبہ فکر کے لوگوں سے شرکت کی اپیل

حب (نمائندہ بولان) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء وسابق چیئرمین حب وڈیرہ رجب علی رند نے رابطہ کرنے بتایا ہے کہ نیشنل پارٹی کی جانب سے بجلی کے سنگین مسئلے پر احتجاج و دھرنے کی جو کال دی گئی ہے وہ شیڈول کے مطابق ہوگا اور ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کی جانب سے بروز پیر بجلی، گیس و دیگر مسائل پر اجلاس طلب کرنے اور آل پارٹیز کو اجلاس میں شرکت کرنے کے حوالے سے جو مراسلہ جاری ہوا ہے نیشنل پارٹی اسکا بائیکاٹ کرتی ہے اور شیڈول کے مطابق بروز منگل صبح گیارہ K الیکٹرک کی زیادتیوں کے خلاف احتجاج (بقیہ 3 7 صفحہ 7 پر)

دھابیجی میں آئل ریفائنری کے قیام کی باضابطہ منظوری

سی پیک بی ٹو بی فریم ورک کے تحت 3 اعشاریہ 5 ارب ڈالر کی نجی سرمایہ کاری کا تاحال سب سے بڑا معاہدہ ہے

کراچی (این این آئی) وزارت منصوبہ بندی نے دھابیجی کراچی میں آئل ریفائنری کے قیام کی باضابطہ منظوری دے دی ہے۔ وزارت پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کے چائنا پاکستان اکانومک کوریڈور سیکریٹریٹ سے جاری اعلامیے کے مطابق دھابیجی میں آئل ریفائنری کے قیام کی منظوری دی گئی ہے (بقیہ 3 6 صفحہ 7 پر)

حب۔ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کا حب ڈیم کے دورے کے موقع پر اریگیشن حب کا عملہ بریفنگ دے رہے ہیں

بہاولنگر، 3 روز قبل لاپتہ ہونے والے نوجوان کی کنویں سے لاش برآمد

بہاولنگر (این این آئی) بہاولنگر سے 3 روز قبل لاپتہ ہونے والے نوجوان کی چولستان میں تنگ کنویں سے لاش برآمد ہوئی

کوہستان مالیاتی سکینڈل میں اہم پیشرفت، ساتویں ملزم کی پلی بارگین منظور

چیئرمین نیب کی منظوری کے بعد پشاور کی احتساب عدالت نے پلی بارگین کی توثیق کر دی

پشاور (این این آئی) کوہستان مالیاتی اسکینڈل میں اہم پیش رفت، ساتویں ملزم حریق احمد کی پلی بارگین منظور ہونے کے بعد رہائی کا حکم دے دیا گیا۔ چیئرمین نیب کی منظوری کے بعد پشاور کی احتساب عدالت نے پلی بارگین کی توثیق کر دی ہے۔ ملزم حریق احمد کی پلی بارگین سے متعلق سماعت احتساب جج کلیم ارشد نے کی۔ عدالت نے ملزم کا پلی بارگین کے حوالے سے بیان قلمبند کرنے کے بعد اس کی تو (بقیہ 8 3 صفحہ 7 پر)

سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان سے اہل علاقہ سے ملاقات کر رہے ہیں

پنجگور میں ہیپاٹائٹس بی اور سی کا خدشہ، 173 کیسز رپورٹ

پنجگور، یونین کونسل کوہ بن کے علاقے راہی نگور میں ہیپاٹائٹس بی اور سی کے کیسز رپورٹ، ڈپٹی کمشنر کا نوٹس

میڈیکل ٹیم کے ہمراہ علاقے کا فوری دورہ کر کے رپورٹ شدہ کیسز کی اسکریننگ، طبی معائنہ اور مکمل جائزہ لیا جائے، ڈپٹی کمشنر

پنجگور (این این آئی) پنجگور کے یونین کونسل کوہ بن کے علاقے راہی نگور میں ہیپاٹائٹس بی اور سی کے مبینہ طور پر بڑی تعداد میں کیسز رپورٹ ہونے پر ڈپٹی کمشنر پنجگور نے نوٹس لے لیا ڈپٹی کمشنر نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر پنجگور کو ہدایت کی ہے کہ میڈیکل ٹیم کے ہمراہ علاقے کا فور (بقیہ 2 4 صفحہ 7 پر)

ماسٹر آئل انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل

فائنل پاکستان کرکٹ کلب اور عالمگیر جیمخانہ کے درمیان پیر کو کھیلا جائے گا

علی حسین سیکرٹری ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی صدارت کے فرائض انجام دیں گے

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیر اہتمام ماسٹر آئل لبریکنٹس کے تعاون سے منعقد کردہ ماسٹر آئل انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل کراچی کی دو معروف ٹیموں پاکستان کرکٹ کلب اور عالمگیر جیمخانہ کے درمیان بروز پیر 31 اگست کو کے سی سی اے اسٹیڈیم پر کھیلا جائے گا۔ اس موقع پر جناب تابش جاوید نائب صدر ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی مہما (بقیہ 3 4 صفحہ 7 پر)

برائلر گوشت کی قیمت میں 8 روپے کلو اضافہ

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 8 روپے اضافے سے 3 8 4 روپے (بقیہ نمبر 0 6 صفحہ 7 پر)

سرگودھا کے قریب 48 کنال اراضی پر پبلک پارک کے قیام کا آغاز

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا لاہور روڈ پر باب سرگودھا کے قریب 48 کنال اراضی پر پبلک پارک کے قیام کے لیے کام کا آغاز کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر احمد شیر گوندل نے سرگودھا لاہور روڈ پر باب سرگودھا کے قریب 48 کنال اراضی پر پبلک پارک کے قیام کے لئے مختص زمین کی صفائی اور تیاری کے جاری کام کا معائنہ کیا

شہر میں بجلی کا مسئلہ ایک مقامی اور دیرینہ مسئلہ بن چکا ہے، جام گروپ

عوامی شکایات میں زائد بلنگ، ناقص بجلی کا نظام اور غیر مؤثر انتظامات اہم مسائل ہیں

حب (نمائندہ بولان) حب میں جاری بجلی کے بحران پر جام گروپ نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر میں بجلی کا مسئلہ ایک مقامی اور دیرینہ مسئلہ بن چکا ہے، جس کے حل کے لیے کے الیکٹرک اور متعلقہ حکام کو سنجیدہ اور عملی اقدامات کرنا ہوں گے جام گروپ کے رہنماؤں کا کہنا (بقیہ نمبر 4 4 صفحہ 7 پر)

جمہوریت کا تسلسل قومی ترقی و خوشحالی کا ضامن ہے، ملک محمد احمد خان

انتظامی ڈھانچے میں اصلاحات کے بغیر اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور موثر حکمرانی کا مقصد حاصل نہیں کیا جاسکتا

بابا بلھے شاہ کے افکار آج بھی ہمارے معاشرتی مسائل کی عکاسی کرتے ہیں، انصاف اور نظام میں اصلاحات ناگزیر ہیں، اسپیکر پنجاب اسمبلی

قصور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ محققین لکھتے ہیں کہ معاشرہ جو انصاف کرتا ہے وہ عدالت نہیں کرسکتی، بابا بلھے شاہ نے اپنے کلام کے ذریعے معاشرے کی ایسی تشریح کی جو آج بھی ہمارے سامنے موجود ہے۔ 36 ویں سالانہ بابا بلھے شاہ کانفرنس (بقیہ 7 4 صفحہ 7 پر)

بدین کا 50 سالہ قدیم اسلامیہ ڈگری کالج مسائل کا شکار، 5 سال سے مرمتی کام نامکمل

ٹھیکیدار کو چار کروڑ کی ایڈوانس ادائیگی کے باوجود عمارت خستہ حال 44 کروڑ مزید طلب

اسپیکشن ٹیم نے مرمتی کام غیر تسلی بخش قرار دے دیا، ہزاروں طلبہ کا مستقبل داؤ پر۔

بدین (نامہ نگار) شہید ذوالفقار علی بھٹو حیدرآباد ضلع کے بدین کے حلقے سے رکن قومی اسمبلی منتخب ہونے کامیابی اور وزیراعظم منتخب ہونے کے بعد اپنے انتخابی وعدے اور اعلان کے پر بدین کو ضلع کا درجہ دینے کے بعد ضلع بدین کے ہیڈکوارٹر میں سال 1970 سے قائم اسلامیہ ڈگری کالج بدین گزشتہ کئی برس سے بنیادی مسائل کا شکار ہے۔ کالج کی منفرد طرزِ تعمیر کی حامل عمارت خستہ حالی کا شکار (بقیہ 8 4 صفحہ 7 پر)

کمالیہ، رجانہ انٹرچینج کے قریب کار اور موٹر سائیکل میں تصادم، 3 نوجوان زخمی

کمالیہ (این این آئی) رجانہ انٹرچینج کے قریب کار اور موٹرسائیکل میں تصادم میں 3 نوجوان زخمی ہوگئے۔

لوئر مال، گھر میں چوری کا ڈراپ سین، گھریلو ملازمہ گرفتار، 10 لاکھ روپے برآمد

لوئر مال (این این آئی) لوئر مال گھر کی صفائی کرنے والی ملازمہ نے ہی گھر کا صفایا کر دیا، لوئر مال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمہ کو گرفتار کر لیا۔ ملزمہ نے گھر کی سیف الماری سے طلائی زیورات اور نقدرقم چوری کی۔

گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول اوتھل میں پروگرام کا انعقاد

تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور ٹیکنالوجی کے ذمہ دارانہ و مثبت استعمال کی تربیت دینا تھا

اوتھل (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول اوتھل، ضلع لسبیلہ میں طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) اور اس کے تعلیمی و تخلیقی استعمال سے روشناس کرانے کے لیے AI Awareness & Creative AI Activity کا انعقاد کیا گیا۔ اس جدید اور منفرد تعلیمی سرگرمی کا بنیادی مقصد طلبہ میں مصنوعی ذہانت کے بارے میں بنیادی شعور پیدا کرنا، انہیں جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا، تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور ٹیکنالو (بقیہ نمبر 5 4 صفحہ 7 پر)

سرتاج بابا رحمتہ اللہ علیہ کا 47 واں اور سید ولی اللہ شاہ بخاری نقشبندی کا پانچواں عرس مبارک

عرس کی صدارت حضرت سید ولی اللہ شاہ بخاری کے سجادہ نشین صاحبزادہ سید نور محمد شاہ بخاری نقشبندی سرتاجی نے فرمائی

اوتھل (نمائندہ خصوصی) سندھ و بلوچستان کی معروف روحانی ہستی پیر طریقت رہبر شریعت حضرت صوفی تاج محمد المعروف سرتاج بابا رحم اللہ علیہ کا 47 واں اور حضرت سید ولی اللہ شاہ بخاری سرتاجی رحم اللہ علیہ کا پانچواں مشترکہ عرس مبارک موضع شاہدی وندر میں نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا۔ عرس کی صدارت حضرت سید ولی اللہ شاہ بخاری کے سجادہ نشین صاحبزادہ سید نور محمد شاہ بخاری نقشبندی سرتاجی نے فرمائی، جبکہ نگرانی کی ذمہ داریاں حاجی محمد سلیم عرف چنو سرتاجی اور سابق ڈی ایس پی اسلا (بقیہ 6 4 صفحہ 7 پر)

ملائیشین ایئرلائنز کی کراچی کیلیے پروازیں جلد شروع ہونے کا عندیہ

نوتعینات قونصل جنرل کی گورنر سندھ سے ملاقات، دونوں ممالک کے درمیان روابط مزید مستحکم کرنے پر اتفاق

کراچی (این این آئی) ملائیشین ایئرلائنز کی کراچی کے لیے پروازیں جلد شروع ہونے کا امکان ہے۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی سے ملائیشیا کے نوتعینات قونصل جنرل محمد یونس ابراہیم نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان باہمی تجارت کا حجم بڑھانے اور عوامی (بقیہ 9 4 صفحہ 7 پر)

لاہور، جماعت اسلامی کے دھرنے کے باعث پولیس نے مال روڈ بند کیا ہوا ہے

محفوظ بسنت کیلیے سیف کائٹ فلائنگ ایسوسی ایشن پنجاب کا اجلاس، اہم تجاویز پر غور

لاہور (این این آئی) لٹن روڈ پر سیف کائٹ فلائنگ ایسوسی ایشن پنجاب کا اجلاس ہوا، جس میں محفوظ بسنت کے انعقاد سے متعلق مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں وائس چیئرمین سید مہتاب ہاشمی نے کہا کہ گزشتہ سال کی طرح انتظامیہ کے ساتھ محفوظ بسنت کے لیے مکمل تعاون کریں گے۔ پیٹرن ان چیف جاوید بھٹی نے کہا کہ مارکیٹ میں سپلائی چین بہتر ہونے سے پتنگوں اور دیگر سامان کے نرخ بھی قابو میں رہیں گے

سندھ طاس معاہدے پر عمل کرے بھارت، رضوان سعید

سندھ طاس معاہدہ بھارت کی فیاضی یا پاکستان کو رعایت نہیں بلکہ ایک عشرے سے جاری مذاکرات کا نتیجہ تھا

بھارت 6 عشروں سے قائم سندھ طاس معاہدے پر عمل کرے، امریکا میں بھارتی سفیر کے مضمون کا مدلل جواب

نیویارک (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے بھارت پر زور دیا ہے کہ وہ 6 عشروں سے قائم سندھ طاس معاہدے پر عمل کرے کیونکہ بھارتی یکطرفہ اقدامات جنوبی ایشیاء میں امن و سلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہیں۔ امریکی میگزین میں لکھے گئے مضمون میں سفیر پاکستان نے امریکا میں بھارتی سفیر کے مضمون کا مدلل جواب دیا۔ سفیر پاکستان نے واضح کیا کہ بھارت مسلسل سندھ طاس معاہدے کی ساخت، تاریخ، مقصد اور افادیت کو مسخ کرنے کی ناکام کوششیں کر رہا ہے۔ سفیر پاکستان نے کہا کہ ستمبر 1960 میں کیا گیا سندھ طاس معاہدہ بھارت کی فیاضی یا پاکستان کو رعایت نہیں بلکہ ایک عشرے (بقیہ 0 5 صفحہ 7 پر)

لاہور، محنت کش رکشے پر پھیری لگا کر کیلے فروخت کر رہے ہیں

ملک بھر میں آٹے کی ہوشربا قیمتیں؛ کراچی میں سب سے زیادہ مہنگا

کراچی میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 200 روپے کا اضافہ، قیمت 3200 روپے ہوگئی

کراچی (این این آئی) ملک بھر میں آٹے کی قیمتوں میں اضافے کا نہ رکنے والا سلسلہ جاری ہے، جس سے کراچی کے شہری سب سے زیادہ مہنگا آٹا خریدنے پر مجبور ہیں۔ ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ حالیہ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ کراچی میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 200 روپے کا اضافہ ہوا ہے، جس کے بعد یہ 3200 روپے تک پہنچ گئی ہے۔ واضح رہے کہ ملک کے دیگر شہروں میں بھی قیمتوں کا گراف تیزی سے اوپر کی جانب گامزن ہے۔ اسلام آباد میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 3093 روپے، پشاور میں 3100 روپے، راولپنڈی میں 3067 روپے، حیدرآباد میں 2940 رو (بقیہ 5 1 صفحہ 7 پر)

ایران جنگ کے معاشی اثرات، مہنگائی سے عام شہری شدید متاثر

ایرانی عوام ایک بار پھر ثابت قدم رہیں گے اور ان آزمائشوں سے سرخرو ہوں گے، شہری پرامید

تہران (این این آئی) ایران میں جاری جنگ نے عام شہریوں کی روزمرہ زندگی کو شدید متاثر کیا ہے، مہنگائی میں اضافے اور معاشی مشکلات کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ عرب میڈیا سے گفتگو کے دوران تہران کی رہائشی مریم نے بتایا کہ جنگ سے پہلے میں کام نہیں کرتی تھی، جنگ شروع ہونے کے بعد گھر کے اخراجات میں مدد کے لیے مجھے ملازمت تلاش کرنا پڑی کیونکہ ہر چیز انتہائی مہنگی ہو چکی ہے۔ ایک اور شہری ایلار کے مطابق جنگ کا نوجوانوں پر خاص طور پر گہرا اثر پڑ رہا ہے، نوجوانوں میں امید ختم ہوتی جا رہی ہے، چاہے وہ کتنی ہی محنت کریں، انہیں آگے بڑھنے کا راستہ نظر نہیں آ رہا۔

میانوالی، چکڑالہ میں اراضی کے تنازعہ پر فائرنگ ایک شخص جاں بحق

میانوالی (این این آئی) میانوالی کے علاقہ چکڑالہ میں اراضی کے تنازعہ پر فائرنگ ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نیپال، سیلاب میں درخت پر چڑھ کر بچنے والا بچہ 3 دن بعد ماں کو مل گیا

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال میں تباہ کن سیلاب کے بعد ہزاروں لاپتہ افراد کی تلاش کا سلسلہ جاری ہے اور کئی خاندان اپنے پیاروں کے منتظر ہیں۔

لاہور، گھر میں چوری کا ڈراپ سین، گھریلو ملازمہ گرفتار، 10 لاکھ روپے برآمد

لاہور (این این آئی) لوئر مال کے علاقے میں گھر کی صفائی کرنے والی ملازمہ نے ہی گھر کا صفایا کر دیا

مانسہرہ: لاہور سے سکردو جانے والی مسافر کوسٹر الٹ گئی، ایک شخص جاں بحق، 4 زخمی

زخمی کنگ عبداللہ ہسپتال مانسہرہ منتقل، میتیں قانونی تقاضوں کی تکمیل کے بعد ورثا کے حوالے

مانسہرہ (اے ایف بی) لاہور سے سکردو جانے والی مسافر کوسٹر جابہ کے مقام پر بے قابو ہو کر الٹنے سے ایک شخص جاں بحق جبکہ 4 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ حادثہ میں جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد کو فوری طور پر کنگ عبداللہ اسپتال مانسہرہ منتقل کر دیا گیا۔ جہاں جاں بحق شخص کی میت شناخت (بقیہ 3 5 صفحہ 7 پر)

سوراب اجتماع 27 ستمبر سے شروع ہوگا، احباب سے خدمت کے لیے شرکت کی اپیل

اجتماع کا مقصد باہمی اخوت، محبت، بھائی چارے اور خدمتِ خلق کے جذبے کو فروغ دینا ہے

سوراب (نامہ نگار) سوراب میں اجتماع کا آغاز 27 ستمبر سے ہوگا۔ منتظمین نے خدمتِ خلق کے جذبے سے سرشار احباب سے اپیل کی ہے کہ وہ اجتماع میں خدمت کے لیے اپنی تیاری مکمل کر کے مقررہ وقت پر پہنچیں۔ منتظمین کے مطابق اجتماع کا مقصد باہمی اخوت، محبت، بھائی (بقیہ نمبر 2 5 صفحہ 7 پر)

خوازہ خیلہ بائی پاس منصوبے پر اہم اجلاس، مقامی عمائدین کے تحفظات دور کرنے اور بروقت تکمیل پر غور

سوات (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سوات سہیل احمد نے خوازہ خیلہ بائی پاس منصوبے کے حوالے سے مقامی عمائدین اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اہم اجلاس میں شرکت کی،

سرکاری ادارے تاجر تنظیموں سے رابطوں کیلئے فوکل پرسنز مقرر کریں، آل پاکستان انجمن تاجران

مارکیٹوں میں براہ راست کارروائی سے گریز عہدیداروں کو اعتماد میں لیا جائے، شہزاد اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی رہنما شہزاد اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ ایف بی آر، پیرا فورس، ضلعی انتظامیہ، محکمہ ماحولیات اور دیگر سرکاری ادارے مارکیٹوں میں براہ راست کارروائیاں کرنے کی بجائے پہلے مارکیٹوں کے عہدیداران سے پیشگی ملاقاتیں کر کے نشاندہی اور ان کے حل کیلئے مشاورت کریں، تمام متعلقہ محکمے مارکیٹوں کے عہدیداران سے رابطوں اور شکایات کے فوری ازالے کیلئے فوکل پرسنز مقرر کریں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ تاجر براد (بقیہ نمبر 5 5 صفحہ 7 پر)

سوراب کے میڈیکل اسٹورز پر ایکسپائر ادویات کی مبینہ فروخت، شہریوں کا کارروائی کا مطالبہ

میڈیکل اسٹورز کا اچانک معائنہ کر کے ادویات کے اسٹاک، میعاد، معیار اور لائسنس کی جانچ کی جائے

سوراب (نامہ نگار) سوراب شہر اور گردونواح کے بعض میڈیکل اسٹورز پر زائد المیعاد) ایکسپائر (ادویات کی مبینہ فروخت کی شکایات سامنے آنے پر شہریوں میں تشویش پائی جا (بقیہ 4 5 صفحہ 7 پر)

نواحی تھانہ کندیاں کی حدود میں کورٹ میرج کا شاخسانہ نوجوان کے گھر کو آگ لگا دی گئی

میانوالی (این این آئی) نواحی تھانہ کندیاں کی حدود میں کورٹ میرج (بقیہ 9 5 صفحہ 7 پر)

صحافیوں کے مسائل کے حوالے سے لانگ مارچ کا جلد اعلان کیا جائیگا، خالد کھوکھر

حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس کی ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس

اجلاس صدر محمد وسیم خان کی زیر صدارت حیدرآباد پریس کلب میں منعقد ہوا

حیدرآباد (نامہ نگار) حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس کی ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس صدر محمد وسیم خان کی زیر صدارت حیدرآباد پریس کلب میں منعقد ہوا جس میں پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے سینیئر نائب صدر خالد کھوکھر اور رکن ایف ای سی اقبال ملاح نے خصوصی طور پر شرکت کی اجلاس میں ایچ یو جے کے جنرل سیکریٹری جام فرید لاکھو نے گذشتہ اجلاس کی کاروائی منظوری کے لیے پیش کی جسے اراکین نے متفقہ طور پر منظور کرلیا اجلاس میں ریجن کے تمام اضلاع کی ممبرشپ کی فہرستوں کو اپ ڈیٹ کرنے اور نئی ممبرشپ کے لیے خواہش مند صحافیوں کے ممبرشپ فارمز کی وصولی کا فیصلہ کیا گیا فارمز کی وصولی کے بعد ایگزیکٹو کونسل کے آئندہ اجلاس میں فیصلہ کیا جائے گا اجلاس میں لمس ریسرچ لیبارٹری کے کارڈز کے اجرا کے حوالے سے بھی فیصلہ کیا گیا جبکہ ریجن کے (بقیہ 7 5 صفحہ 7 پر)

حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس کی ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس صدر محمد وسیم خان کی زیر صدارت حیدرآباد پریس کلب میں منعقد ہوا

سرکاری ہسپتالوں میں نیونیٹولوجی سیٹ اپ کیلئے نئے ایس او پیز کی تیاری

ورکنگ گروپ بھی تشکیل، پروفیسر مسعود صادق ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کے کنوینر، پروفیسر خواجہ احمد شریک کنوینر ہونگے

آگ سے تحفظ، ہنگامی انخلا، آگ بجھانے اور الیکٹریکل لوڈ مینجمنٹ سے متعلق جامع ایس او پیز کا مسودہ تیار کیا جائے

لاہور (این این آئی) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن پنجاب نے صوبے کے تمام سرکاری، ٹیچنگ اور ٹرشری کیئر ہسپتالوں میں نرسری اور نیونیٹولوجی سیٹ اپ کے لیے معیاری آپریٹنگ طریقہ کار کا جائزہ لینے اور انہیں تیار کرنے کے لیے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ تشکیل دینے کی (بقیہ 8 5 صفحہ 7 پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے وفد ملاقات کر رہا ہے

پنجاب کے تمام ٹیچنگ ہسپتالوں میں ایمرجنسی و فائر سیفٹی افسران کی تعیناتی کا فیصلہ

فائر فائٹنگ آلات، ہائیڈرنٹس اور سموک ڈیٹیکٹرز کی باقاعدہ جانچ اور سروسنگ یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) ہسپتالوں / اداروں میں ایمرجنسی / فائر سیفٹی افسران کی نامزدگی کیلئے تمام وائس چانسلرز، پرنسپلز / ای ڈی ایس / سربراہانِ ادارہ (HOI) اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹس کو فوری عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔ سیکرٹری محکمہ اسپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود کی زیر صدارت انعقاد پذیر اجلاس میں تمام اداروں کو فائر سیفٹی اقدامات کے مؤثر نفاذ اور نگرانی کو یقینی بنانے (بقیہ 6 5 صفحہ 7 پر)